CLASS - 6

جماعت - ششم

SOCIAL SCIENCE

SEMESTER - 1

سماجی علوم

سمسٹر - 1

© Government of Andhra Pradesh, Amaravati

First Published 2026

DISCLAIMER

Any form of copying of the content, information and illustrations from this textbook is a punishable offence.

All rights reserved

No part of this publication may be reproduced, stored in a retrieval system, or transmitted, in any form or by any means without the prior permission in writing of the publisher, nor be otherwise circulated in any form of binding or cover other than that in which it is published. Without a similar condition including this condition being imposed on the subsequent purchaser. The copyright holder of this book is the Commissioner of School Education, Amaravati, Andhra Pradesh.

This book has been printed on 70 GSM, SS Maplitho, Title Page 220 GSM, White Artcard.

Published by Samagra Shiksha & SCERT - Government of Andhra Pradesh, Amaravati.

National Education Policy – 2020

The National Education Policy 2020 (NEP 2020) envisions a holistic, flexible, and learner-centred education system. It emphasizes competency-based learning and experiential approaches that make education meaningful and engaging. NEP 2020 highlights the importance of 21st-century skills such as critical thinking, creativity, communication, and problem-solving. It encourages the integration of real-life learning, innovation, and technology-enabled pedagogies. Overall, the policy aims to build an inclusive and future-ready education system that empowers every learner to thrive in a rapidly changing world.

قومی تعلیمی پالیسی 2020 (NEP 2020) ایک ہمہ جہت، لچکدار، اور طالبِ علم مرکز تعلیمی نظام کا تصور پیش کرتی ہے۔ یہ قابلیت پر مبنی تعلیم اور تجرباتی طریقۂ تدریس پر زور دیتی ہے، جو تعلیم کو بامعنی اور دلچسپ بناتے ہیں۔ NEP 2020 تنقیدی سوچ، تخلیقی صلاحیت، ابلاغ، اور مسئلہ حل کرنے جیسی اکیسویں صدی کی مہارتوں کی اہمیت کو اجاگر کرتی ہے۔ یہ حقیقی زندگی سے متعلق سیکھنے، اختراع، اور ٹیکنالوجی پر مبنی تدریسی طریقوں کے انضمام کی حوصلہ افزائی کرتی ہے۔ مجموعی طور پر، یہ پالیسی ایک ایسا جامع اور مستقبل کے تقاضوں سے ہم آہنگ تعلیمی نظام قائم کرنے کا مقصد رکھتی ہے جو ہر سیکھنے والے کو تیزی سے بدلتی ہوئی دنیا میں کامیابی کے ساتھ آگے بڑھنے کے قابل بنائے۔

AP SCERT

NCF(SE) 2023 - Curricular Goals (Middle Stage)

CURRICULAR GOAL (CG)	COMPETENCY (C)
CG-1: Comprehends and interprets sources related to different aspects of human life and makes meaningful interpret -ations.	**C-1.1 :** Collects and interprets multiple sources of information (primary and secondary) to understand the historical, cultural, geographical, and socio-political aspects of human life. **C-1.2 :** Represents and analyses data related to various aspects of human life given in the form of text, tables, charts, diagrams, and maps.
CG-2 : Explores the process of continuity and change in human civilisations through specific examples from their context and a few historical episodes.	**C-2.1:** Explains and analyses major changes in the past and their impact on society. **C-2.2:** Recognises elements of the continued prevalence of certain beliefs, relationships, practices, and activities in human society, notwithstanding major changes in society.
CG-3: Draws connections between the causes and effects of different social and historical events or episodes and connects them with the overall impact on human life.	**C-3.1:** Analyses the effect of various changes in early human society from nomadism to settled life and early civilisation (such as agriculture, food habits, technologies like construction, transport, pottery, metallurgy), and changes in habitation, family structures, and socio-cultural beliefs (e.g., Ahimsa, wars, invasions). **C-3.2:** Identifies reasons behind harmony and conflict among social groups and communities, in their region and elsewhere, and their impact on human societies.
CG-4: Understands the functioning of social, cultural, and political institutions and their impact on society, and the way individuals and collectives shape these institutions.	**C-4.1:** Collects, organises, and interprets information about various social, cultural, economic, and political institutions in their vicinity and region, and realises its significance for human society. **C-4.2:** Assesses the influence of social, cultural, and political institut -ions on an individual or group or community or society in general.
CG-5: Understands various forms of inequality and prejudice in society, from those prevalent in a family to those at a community or regional or national level, and also the initiatives and efforts at various levels to address these issues.	**C-5.1:** Identifies, explains, and raises questions about different forms of inequality, prejudice, and discrimination prevailing in one's own family, locality, region, and national and global levels. **C-5.2:** Identifies, explains, and appreciates efforts made at different levels through various (social, cultural, economic, and political) mechanisms and institutions, and what individuals can do to ensure equity, inclusion, and justice.
CG-6: Understands the spatial distribution of resources (from local to global), their conservation, the interdependence between natural phenomena and human life, and their environmental and other implications.	**C-6.1:** Explains key natural phenomena, such as climate, weather, ocean cycles, soil formation, and the flow of rivers, and how they are spatially distributed. **C-6.2:** Identifies the distribution of resources such as water, agriculture, raw materials, and services across geographies. **C-6.3:** Analyses Indian perspectives on and efforts towards conservation and sustainability, and advocates what more needs to be done, including in the context of global climate change. **C-6.4:** Correlates patterns of livelihoods with types of landforms, availability of resources, and climatic conditions and changes (local to global).

CONTENTS


Chapter	Chapter Name (باب کا نام)	Month	Page No.
	Readiness - آمادگی ((Refer to Readiness book)	June&July	
	Introduction – (تعارف) Why Social Science?	جون۔جولائی	2-11
Theme A – India and the World : Land and the People (موضوع – A : ہندوستان اور دنیا: زمین اور عوام)			
1.	Locating Places on the Earth زمین پر مقامات کی نشاندہی	August آگشت	12-45
2.	Oceans and Continents بحر اعظم اور بر اعظم	August آگشت	46-69
Theme B – Tapestry of the Past (موضوع – B : ماضی کے نقوش)			
3.	Timeline and Sources of History تاریخ کی وقوعی ترتیب اور مآخذ	August آگشت	70-99
4.	India, That Is Bhara انڈیا جو بھارت ہے	September ستمبر	100-119
Theme C – Our Cultural Heritage and Knowledge Traditions (موضوع – C ہمارا ثقافتی ورثہ اور علمی روایات)			
5.	India's Cultural Root ہندوستان کی ثقافتی جڑیں	September ستمبر	120-157
6.	Family and Community (خاندان اور برادری)	September ستمبر	158-177
Theme D – Governance and Democracy (موضوع – D حکمرانی اور جمہوریت)			
7.	The Value of Work کام کی قدر	October اکٹوبر	178-197
Theme E – Economic Life Around Us (موضوع – E ہمارے اطراف میں معاشی زندگی)			
8.	Integrating AI مصنوعی ذہانت کا انضمام	October اکٹوبر	198-223
	Glossary (فرہنگ)		224-227
	Maps & Mind Map (نقشہ اور ذہنی خاکہ)		228-230

Y7B6W6
Teacher Corner

B3X1L2
Student Corner

تعارف

سماجی علوم کیوں؟







آیئے معلوم کریں

← اوپر دی گئی تصویر کا مشاہدہ کیجیے۔ آپ کو کیسا محسوس ہوتا ہے کہ

- جھیل میں پانی کہاں سے آتا ہے؟
- سڑک کس نے بنائی اور کیوں؟
- اس چھوٹے سے گھر میں رہنے والے لوگوں کی کون سی سرگرمیاں ہو سکتی ہیں۔ اُن کی تاریخ کسی طرح کی ہو گی؟ اُن کا مستقبل کیا ہو گا؟

← اپنے جوابات لکھیے اور اپنے ہم جماعت طلبا کے ساتھ تبادلۂ خیال کیجیے۔

← آپ سامنے کے صفحے کی تصویر کو دیکھیے۔ آپ کے ذہن میں کس طرح کے خیالات آتے ہیں؟ انھیں لکھیے۔

← آپ ان دو تصویروں سے متعلق سوالوں کے جواب تلاش کرنے کا کیا طریقہ تجویز کرتے ہیں؟

مندرجہ بالا سوالات سماجی علوم کے لیے کس طرح بامعنی ہیں؟

ہم اکیسویں صدی میں رہتے ہیں۔ (اگر آپ نہیں جانتے کہ اس عدد کا واقعی کیا مطلب ہے تو جلد ہی آپ اس کے بارے میں جانیں گے۔) ہر شخص اس سے اتفاق کرے گا کہ یہ خاص طور پر انسانیت کے لیے مشکل وقت ہے۔ ایک طرف ٹیکنالوجی تیزی سے ترقی کر رہی ہے جو ہماری زندگی میں کئی طرح کی تبدیلیاں لا رہی ہے۔

دوسری جانب دنیا کو متعدد جنگوں، مسلح تصادمات اور بڑھتے ہوئے سماجی تناؤ کا سامنا ہے۔ ہمارے سیارے یعنی زمین کے ماحول پر حد درجہ دباؤ پڑ رہا ہے۔ ہم وسیع امکانات لیکن سنگین مسائل کے دور میں جی رہے ہیں۔

دنیا بھر میں بے شمار افراد حیرت میں ہیں کہ " ہم انسانیت کو درپیش مسائل کیسے حل کریں؟ ہمارے معاشرے امن و امان سے رہنا کیسے سیکھ سکتے ہیں؟ ہم اس زمین کو کیسے محفوظ رکھ سکتے ہیں جو ہم سب کی ہے اور صرف اپنے لیے ہی محفوظ نہ رکھیں بلکہ تمام جانداروں کے لیے جو اس پر رہتے ہیں؟"

یہ بنیادی سوالات آسان ہیں لیکن اُن کے جواب آسان نہیں۔ وہ آسان ہو بھی نہیں سکتے کیوں کہ انسانی معاشرے بہت متنوع اور پیچیدہ ہوتے ہیں۔ اگر ہم ان سوالوں کے جواب تلاش کرنا اور بہتر مستقبل کی تعمیر میں مدد کرنا چاہیں تو ہمیں سب سے پہلے اپنی دنیا کو سمجھنے کی ضرورت ہوگی اور خصوصاً انسانی معاشروں کو۔ سماجی علم کا تعلق انھیں باتوں سے ہے۔

آپ کو شاید اس پر تعجب ہو کہ کیا یہ 'سائنس' ہے، مثلاً طبیعیات یا کیمیا۔ یہ سائنس نہیں ہے، جہاں کہیں بھی ممکن ہو اس میں سائنسی طریقے ضرور استعمال کیے جاتے ہیں (آپ اس درسی کتاب میں چند مثالیں دیکھیں گے) لیکن اس کا نقطہ ارتکاز، یعنی انسانی معاشرہ، بھی اتنا متنوع ہے کہ مقرر کردہ طریقوں اور متغیر نتائج کی اجازت نہیں دیتا جو سائنس پیش کرتی ہے۔

سماجی علوم کے کئی ذیلی شعبے ہیں: جغرافیہ، تاریخ، سیاسیات، معاشیات، سماجیات، بشریات، آثاریات، نفسیات وغیرہ وغیرہ۔ آپ کو ان تمام اصطلاحات سے خوف زدہ ہونے کی ضرورت نہیں ہے۔ چوں کہ آپ ان ذیلی شعبوں میں سے بعض شعبوں کے بارے میں ثانوی مرحلے میں پڑھیں گے۔ ہم نے متوسط یا مڈل اسکول کے مرحلے میں اس پر روشنی نہیں ڈالی ہے۔ اس کے بجائے ہم نے پانچ اجمالی موضوعات کا انتخاب کیا ہے۔ آیئے ہم مختصراً ان پر نظر ڈالیں۔

موضوع (A) ۔ ہندوستان اور دنیا:
زمین اور عوام

پہلے موضوع میں ہمارے اطراف کی دنیا سے متعلق بنیادی باتیں شامل ہیں۔ یعنی ہمارے سیارے کی بعض اہم خصوصیات اور انھیں نقشے پر ظاہر کرنے کا طریقہ۔ یہ موضوع کیوں اہم ہے جب کہ آج ہم موبائل فون پر عمدہ نقشے حاصل کر سکتے ہیں؟ کیوں کہ یہ طریقہ نقشوں کے مقابلے میں زیادہ پہلوؤں کا احاطہ کرتا ہے اور یہ سوال بھی کرتا ہے کہ کس طرح سمندروں، پہاڑوں اور دریاؤں جیسی جغرافیائی خصوصیات نے اُن کے تاریخی سفر میں تمام تر تہذیبوں کو شکل عطا کی ہے۔ ہندوستان کے تناظر میں اس کا تعلق اس سوال سے بھی ہے کہ اس قدیم تہذیب کو ایک منفرد شناخت دینے میں اس کے قدرتی خدوخال کا کیا تعاون رہا ہے۔

موضوع(B) ۔ماضی کے نقوش

کینوس نما کپڑے کا ایک بڑا سا قطعہ ہے جو عموماً دیوار گیری کے طور پر رکھا جاتا ہے۔ اس پر تصاویر اور نقش و نگار بنے ہوئے ہیں۔ بعض اوقات وہ کوئی تاریخی بیانیہ بھی تشکیل کرتے ہیں۔ Tapestry وہ ہے جہاں ہم ہندوستان کے ماضی سے آغاز کرتے ہوئے ماضی کے مناظر کی نقش گیری کرتے ہیں۔ لیکن ہمارا سروکار ماضی سے ہی کیوں نہ ہو۔ کیوں کہ یہی حال کو سمجھنے کی کلید ہے اور اس موضوع پر مبنی ابواب اس تعلق کو زیادہ واضح کر دیتے ہیں۔ ماضی ہماری شناختوں کا اہم ترین ذریعے ہے۔ اس سے ہمیں یہ سمجھنے میں مدد ملتی ہے کہ ہم کون ہیں اور کہاں سے آئے ہیں۔

دوسرے الفاظ میں ماضی اب بھی ہمارے ساتھ ہے۔ اور چوں کہ تمام تر تاریخ کا تعلق خوش گوار تبدیلیوں سے نہیں ہے۔ یہ سمجھنا مفید ہو گا کہ عوام، حکومتوں یا حکمرانوں سے کہاں غلطی ہوئی۔ تبھی ہم ان غلطیوں کی تکرار سے بچ سکتے ہیں۔

موضوع(C) ۔ ہمارا ثقافتی ورثہ اور علمی روایات

یہ اکثر کہا گیا ہے کہ ہندوستان ایک ثروت مند اور قدیم ثقافت کا مالک ہے۔ یہ درست ہے، لیکن اس کے اصل اوصاف کیا ہیں؟ اس کے رہنما اصول کیا ہیں؟ اُس نے خود کو ہندوستان کی تاریخ میں کس طرح پیش کیا ہے؟ اور یہ اپنے زمانے میں ہمارے مسائل کے حل میں ہماری مدد کیسے کر سکتا ہے؟ یہ بعض ایسے سوالات ہیں جن کے جواب کی تلاش اس مقصد کو سامنے رکھ کر اس موضوع میں کی گئی ہے کہ ہر طالب علم ہماری تہذیب کی بعض ثقافتی بنیادوں کو سمجھ جائے اور اُن کی قدر کی ستائش کرنا سیکھ جائے۔

موضوع - (D) حکمرانی اور جمہوریت

کسی بھی ملک کے شہریوں کو یہ جاننا چاہیے کہ اُن کا سیاسی نظام کیسے کام کرتا ہے۔ ہندوستان دنیا کی سب سے بڑی جمہوریت کی حیثیت سے مختلف سطحوں پر کام کرنے والا ایک وسیع نظام رکھتا ہے۔ اُس کے نمایاں اوصاف اور عناصر کیا ہیں؟ عوام مجموعی طور پر حکمرانی میں کیسے شرکت کرتے ہیں؟ ان کے حقوق، ذمے داریاں اور فرائض کیا ہیں؟ کیا دیگر ممالک میں مختلف طرح کے نظام ہیں اور اگر ایسا ہے تو کس نوعیت کے ہیں؟ دیگر ممالک میں کس طرح کا تعامل کا تصور کیا جاتا ہے؟ اس موضوع کا مطالعہ کر کے ہم زیادہ ذمہ دار شہری بن سکتے ہیں اور یہ سمجھ سکتے ہیں کہ حکومت کے شعبے کس طرح کام کرتے ہیں اور ان پالیسیوں میں اپنی رائے دینا سیکھتے ہیں جو مقامی یا قومی سطح پر ہم سب کو متاثر کرتی ہیں۔

موضوع - (E) ہمارے اطراف میں معاشی زندگی

کوئی بھی خاندان روزمرہ زندگی کے لازمی اجزا کے بغیر خوش نہیں رہ سکتا۔ یعنی پہلے مرحلے میں کم از کم غذا، لباس، مکان، پانی تک رسائی۔ اور دوسرے مرحلے میں بالغوں کے لیے ذریعے معاش اور نابالغوں کے لیے تعلیم تک رسائی۔ اسی طرح مضبوط معیشت کے بغیر کوئی ملک موزوں طور پر ترقی نہیں کر سکتا۔ لیکن کوئی معیشت خصوصاً ہندوستان جیسے وسیع و عریض ملک میں کیسے کام کرتی ہے؟ صحیح معنی میں زرِ پیسہ کیا ہے؟ یہ کہاں سے آتا ہے؟ اس میں اضافہ کیسے کیا جا سکتا ہے؟ افراد خود کو کن معاشی سرگرمیوں میں مشغول کر سکتے ہیں؟ قدرتی اور انسانی وسائل کی دیکھ بھال بہترین طور پر کیسے کی جا سکتی ہے؟ اس موضوع میں ایسے بعض اہم تصورات اور طریقے پیش کیے جائیں گے جو ان سوالوں کے جواب میں ہماری مدد کریں گے۔

آپ یہ محسوس کریں گے کہ گزشتہ پیراگراف میں کئی سوالات ہیں۔ جیسا کہ ہونا چاہیے وہ یہ ہے کہ سماجی علوم کا تعلق بھی صحیح سوالات پوچھنے کے فن سے ہے۔ تبھی ہم صحیح جوابات کی تلاش شروع کرتے ہیں۔ اس کتاب کے ہر باب کی شروعات اہم سوالات سے کی گئی ہے، جو مذکورہ بالا حقیقت کی وضاحت کرتا ہے۔

آپ شاید بظاہر جغرافیہ سے بحث کرنے والے ابواب میں شطرنج کا کھیل یا قدیم تمل شاعری پا کر چونک جائیں، ثقافتی ورثے سے متعلق باب میں ساڑی کے فوائد پر گفتگو مل جائے، معاشیات پر مرکوز ابواب میں سیوا یا خدمت کا تصور اور عیدین کا ذکر مل جائے۔ ایسا دانستہ طور پر کیا جا رہا ہے۔ ہم متنوع میدانوں کے عناصر کو یک جا کرنے میں یقین رکھتے ہیں (یہ آپ بعد میں جانیں گے کہ اس طریقے کو بین موضوعاتی طریقہ کہا جاتا ہے)۔ اس سے ہمارے تناظر میں وسعت آتی ہے۔ واقعتاً زندگی میں مستقل بے شمار عناصر کی آمیزش ہوتی ہے تو ہم کیوں نہ ایسا کریں؟

اب تک یہ بات واضح ہونی چاہیے کہ اگرچہ سماجی علوم ماضی سے مستقل استفادہ کرتا ہے یہ حال کو بھی سمجھنے کی کوشش کرتا ہے تاکہ مستقبل کی تعمیر میں ہماری مدد کر سکے۔ یہ ایک جستجو ہے اور ایک مہم بھی۔

باب

1

زمین پر مقامات کی نشاندہی

I9G2M5


اکتسابی نتائج

طلبہ درج ذیل کام کو کرنے کے قابل ہو جائیں گے۔

- نقشہ کی تعریف کریں گے اور اس کے مقصد کی وضاحت کر سکیں گے (CG1)۔
- نقشوں کے ذریعہ مختلف علاقوں کی تفصیلات اور معلومات کو پہچانیں گے (CG1)
- طلبہ یہ وضاحت کر وضاحت کریں گے کہ گلوب اور نقشے زمین کی سطح کی کسی طرح نمائندگی کر سکیں گے (CG1)۔
- تصورات کی وضاحت کریں گے طلبہ خط عرض بلد اور خط طول بلد کے تصوران اور ان کی اہمیت کا تجزیہ کر سکیں گے ۔(CG1)
- طول بلد یا ٹائم زون زونز کا استعمال کرتے ہوئے مختلف مقامات کے درمیان وقت کے فرق کو سمجھیں گے اور اس کا حساب لگائیں گے (CG1)

کرہ زمین خلا میں واقع ہے۔ یہ پانی۔ مٹی، آگ اور ہوا سے بنا ہوا اور کروی شکل کا ہے۔

خشکی اور پانی کی تمام مخلوقات سے گھرا ہوا ہے۔ - آریہ بھٹ (500 عیسوی)



اہم سوالات؟

1۔ نقشہ کیا ہے اور ہم اسے کیسے استعمال کرتے ہیں؟ اس کے خاص اجزا کیا ہیں؟

2۔ مختصات کیا ہیں؟ زمین پر کسی مقام کا پتہ لگانے کے لیے عرض البلد اور طول البلد کو کیسے استعمال کرتے ہیں؟

3۔ مقامی وقت اور معیاری وقت طول البلد سے کیسے منسلک ہیں؟

تصور کیجیے کہ آپ کوئی شہر پہلی بار دیکھنے آئے ہیں۔ آپ ان مقامات کا کیسے پتا لگائیں گے جہاں آپ کو جانا ہے؟ شاید آپ کسی مقامی شخص کی مدد لیں گے یا آپ اس شہر کا نقشہ دیکھیں گے۔ پچھلی جماعتوں میں آپ نے نقشوں کے بارے میں پڑھا تھا۔ اس باب میں ہم ان کا زیادہ تفصیل سے مطالعہ کریں گے۔

آیئے ہم ایک کھیل کھیلتے ہیں۔ اس چھوٹے شہر کے نقشے کو غور سے دیکھیے (شکل) 1.1 تصور کیجیے کہ آپ ابھی ابھی ٹرین سے ریلوے اسٹیشن پر اترے ہیں اور آپ ایک بینک جانا چاہتے ہیں جو نقشہ پر نشان زد ہے۔ آپ کدھر سے جائیں گے؟ کیا دوسرے ممکنہ راستے ہیں؟ کیا آپ پبلک گارڈن، اسکول اور عجائب گھر کی نشان دہی کر سکتے ہیں؟ اگر آپ بینک سے بازار جانا چاہتے ہیں تو آپ کس راستے سے جائیں گے؟ ایسے مواقع پر نقشہ ہی کام آتا ہے۔



شکل 1-1 : ایک خیالی چھوٹے شہر کا نقشہ

نقشہ کسی خزانہ کے رہبر کی طرح ہوتا ہے۔ یہ آپ کو دکھاتا ہے کہ چیزیں کہاں کہاں ہیں اور ان تک کیسے پہنچا جا سکتا ہے۔ نقشے کے بائیں کونے میں اوپر کی طرف کے چار تیروں پر غور کیجیے۔ ہم آگے دیکھیں گے کہ کس طرح وہ مخصوص سمتوں کو واضح کرتے ہیں اور نقشے کو اور بھی زیادہ مددگار بناتے ہیں۔

آیئے معلوم کریں

← صفحہ 15 پر دی گئی شکل 1.1 میں نقشہ پر—

1. اسپتال کو نشان زد کیجیے۔
2. نیلے رنگ کی جگہوں کا کیا مطلب ہے؟
3. اسکول، نگر پنچایت یا پبلک گارڈن۔ ان میں سے ریلوے اسٹیشن سے کونسا زیادہ دور ہے؟

← نقشے کا مشاہدہ کریں اور دور والے کی نشاندہی کریں۔

کلاس میں سرگرمی کے طور پر تین تین، چار چار طلبا کے گروپ بنایئے۔ ہر گروپ کو اپنے اسکول کا نقشہ بنانے کو کہیے اور کچھ ایسی گلیوں اور راستوں کو جو اس تک جاتے ہیں اور کچھ آس پاس کی عمارتوں کا بھی نقشہ بنایئے۔ آخر میں سبھی نقشوں کا موازنہ کیجیے اور ان پر گفتگو کیجیے۔

نقشہ اور اس کے اجزا

اس آسان سی مثال سے ہمیں یہ سمجھ میں آتا ہے کہ نقشہ کسی جگہ کی نمائندگی یا خطی نمائندگی ہے۔ یہ جگہ چھوٹی بھی ہو سکتی ہے (گاؤں، قصبہ وغیرہ) زیادہ بڑی بھی ہو سکتی ہے (مثلاً آپ کا ضلع یا صوبہ) یا کوئی بہت بڑی جگہ جیسے ہندوستان یا پھر پوری دنیا ہی۔ نقشہ میں آپ سطح کو ایسے دیکھتے ہیں جیسے کہ آپ اسے کسی بلند جگہ سے دیکھ رہے ہوں۔

اٹلس نقشوں کی ایک کتاب یا مجموعہ ہوتا ہے۔

جیسا کہ آپ کو پتا چلے گا کہ، نقشوں کی کئی اقسام ہوتے ہیں:

- **طبیعی نقشے** :(Physical Maps) یہ بنیادی طور پر قدرتی خصوصیات جیسے پہاڑ، سمندر اور دریا وغیرہ کو ظاہر کرتے ہیں۔ (اس درسی کتاب میں شکل 4.2 کی مثال دیکھیں۔)
- **سیاسی نقشے** :(Political Maps) یہ ممالک یا ریاستوں، سرحدوں، شہروں وغیرہ کی تفصیلات دکھاتے ہیں۔ (مثال کے طور پر ہندوستان کا نقشہ جس میں تمام ریاستیں، مرکز کے زیر انتظام علاقے اور ان کے دارالحکومت دکھائے گئے ہوں۔)
- **موضوعاتی نقشے** :(Thematic Maps) یہ کسی مخصوص قسم کی معلومات پیش کرتے ہیں۔ (اس کی مثالیں سمسٹر 2 کی درسی کتاب میں شکل 6.3 اور شکل 4.1 میں دی گئی ہیں۔)

اس کے علاوہ، نقشوں کے تین اہم اجزاء ہوتے ہیں : **فاصلہ، سمت اور علامات** ۔ آپ نقشہ شکل 1.1 میں استعمال کرتے ہوئے پہلے دو اجزاء (فاصلہ اور سمت) کا تجربہ کر چکے ہیں۔ اب آیئے انہیں مزید واضح طور پر سمجھتے ہیں۔

کیا آپ نے کبھی سوچا ہے کہ اتنی بڑی جگہ ایک چھوٹے سے کاغذ پر کیسے سما سکتی ہے؟ یہ سب نقشے کے **پیمانے** کی بدولت ممکن ہوتا ہے۔

آیئے اپنے چھوٹے شہر کے نقشے (شکل 1.1) کی طرف واپس چلتے ہیں۔ اس چھپے ہوئے نقشے میں ہر ایک سینٹی میٹر زمین پر ایک مخصوص فاصلے کی نمائندگی کرتا ہے — فرض کریں کہ یہ 500 میٹر ہے؛ ہم کہتے ہیں کہ نقشے کا پیمانہ 1 سینٹی میٹر=500 میٹر ہے۔ اب اس درسی کتاب کے باب 4 میں شکل 4.2 میں موجود ہندوستان کے نقشے کو دیکھیں۔ اس کا پیمانہ نقشے کے نچلے بائیں کونے میں ایک پیمائشی خط (Ruler) کے ذریعے دکھایا گیا ہے، جس کے اوپر 500 اور کنارے km لکھا ہوا ہے۔ اس کا سادہ مطلب یہ ہے کہ نقشے میں یہ خط، جس کی لمبائی چھپے ہوئے نقشے میں 2.5 سینٹی میٹر ہے، زمین پر 500 کلو میٹر کے فاصلے کے برابر ہے۔

لہٰذا، نقشے پر دکھائے گئے دو مقامات کے درمیان حقیقی فاصلہ اس پیمانے (Scale) پر منحصر ہوتا ہے جو نقشے میں استعمال کیا گیا ہو۔

آیئے معلوم کریں

← اسکول کے کھیل کے میدان کا ایک سادہ نقشہ بنائیں۔ فرض کریں کہ یہ ایک مستطیل (Rectangle) ہے جس کی لمبائی 40 میٹر اور چوڑائی 30 میٹر ہے۔ اسے پیمانے 1 سینٹی میٹر=10 میٹر کے مطابق اپنے اسکیل (Ruler) کی مدد سے درست طور پر بنائیں۔

← اب مستطیل کے قطر (Diagonal) کی پیمائش کریں۔ آپ کو کتنے سینٹی میٹر حاصل ہوتے ہیں؟ دیے گئے پیمانے کو استعمال کرتے ہوئے کھیل کے میدان کے قطر کی حقیقی لمبائی میٹر میں معلوم کریں۔



آیئے چھوٹے شہر کے نقشے کے اوپری دائیں کونے میں موجود چار تیروں کی طرف واپس چلتے ہیں۔ یہ چار سمتوں کی طرف اشارہ کرتے ہیں، جو ہیں **شمال** (North) اوپر کی طرف، اور گھڑی کی سمت میں **مشرق**(East)، **جنوب** (South) اور **مغرب**(West)۔ انہیں **بنیادی سمتیں (Cardinal Directions)** یا **بنیادی نقاط (Cardinal Points)** کہا جاتا ہے۔ ان کے علاوہ درمیانی سمتیں بھی استعمال کی جاتی ہیں — **شمال مشرق**(NE)، **جنوب مشرق**(SE)، **جنوب مغرب** (SW) اور **شمال مغرب**(NW)۔ زیادہ تر نقشوں میں صرف ایک تیر ہوتا ہے جس پر 'N' لکھا ہوتا ہے، جو **شمال (North)** کی سمت کی نشاندہی کرتا ہے۔

آیئے معلوم کریں

← اس چھوٹے شہر کے نقشے کو دوبارہ غور کیجیے۔ حسب ذیل دی گئی فہرست میں درست اور غلط بیانات کی نشاندہی کیجیے:

1. بازار (Market) اسپتال کے شمال میں ہے۔
2. عجائب گھر (Museum) بینک کے جنوب مشرق میں ہے۔
3. ریلوے اسٹیشن اسپتال کے شمال مغرب میں ہے۔
4. جھیل (Lake) اپارٹمنٹ بلاکس کے شمال مغرب میں ہے۔


← اپنے اسکول کو نقطۂ آغاز مانتے ہوئے، کیا آپ جانتے ہیں کہ آپ کا گھر تقریباً کس بنیادی سمت (Cardinal Direction) میں واقع ہے؟ اس بارے میں اپنے استاد اور والدین سے گفتگو کریں۔

علامات نقشوں کا ایک اور اہم جزو ہیں۔ ہمارے نقشے میں اصل عمارتوں اور چند دیگر عناصر کی چھوٹی تصویریں بنی ہوئی ہیں، لیکن کسی بڑے شہر یا ملک کے نقشے میں ان سب کو بنانے کے لیے کافی جگہ نہیں ہوتی۔ اس کے بجائے، ان خصوصیات کو ظاہر کرنے کے لیے علامات (Symbols) استعمال کی جاتی ہیں — مثلاً مختلف قسم کی عمارتوں (جیسے ریلوے اسٹیشن، اسکول، ڈاک خانہ)، سڑکوں اور ریلوے لائنوں، اور قدرتی عناصر جیسے دریا، تالاب یا جنگل کے لیے الگ الگ علامات استعمال ہوتی ہیں۔ اس طرح نقشے میں موجود محدود جگہ میں بہت سی تفصیلات دکھائی جا سکتی ہیں۔

نقشوں کو مختلف صارفین کے لیے آسانی سے قابلِ فہم بنانے کے لیے نقشہ ساز مخصوص علامات استعمال کرتے ہیں۔ مختلف ممالک مختلف علامتی نظام استعمال کرتے ہیں۔ سروے **آف انڈیا**، جو ایک سرکاری ادارہ ہے، نے ہندوستان (یا اس کے حصوں) کے نقشوں کے لیے علامات کا ایک مخصوص مجموعہ مقرر کیا ہے۔ ان میں سے چند منتخب علامات اس صفحے پر **شکل 1.2** میں دکھائی گئی ہیں۔

آیئے معلوم کریں

اپنے محلے یا گاؤں کا ایک سادہ نقشہ بنائیں، جس میں آپ کا گھر، اسکول اور چند دیگر اہم مقامات شامل ہوں۔ بنیادی سمتیں (شمال، جنوب، مشرق، مغرب) بھی دکھائیں اور اس صفحے کی شکل 1.2 میں دی گئی چند علامات (Symbols) استعمال کرتے ہوئے اہم مقامات کی نشاندہی کریں۔



ریل کی پٹری، ایک میٹر چوڑی پٹری، ریلوے اسٹیشن۔

سڑکیں: پکی سڑکیں، کچی سڑکیں

سرحدیں: بینالاقوامی، صوبائی، ضلعی

دریا، کنواں، تالاب، نہر، پل

مندر، چرچ، مسجد، چھتری

پوسٹ آفس، پوسٹ اور ٹیلی گراف، پولس اسٹیشن

بستی، قبرستان

درخت، گھاس

شکل 1.2: نقشوں میں استعمال ہونے والی عام علامات کا ایک انتخاب۔

زمین کی نقشہ سازی

زمین کی نقشہ سازی کچھ زیادہ مشکل ہے کیونکہ ہمارا سیارہ ہموار (چپٹی) سطح نہیں ہے۔ اس کی شکل تقریباً ایک کرۂ (گیند) جیسی ہے۔ (ہم "تقریباً" اس لیے کہتے ہیں کیونکہ زمین مکمل طور پر گول نہیں ہے بلکہ قطبین پر کچھ دبی ہوئی ہے۔ تاہم عملی طور پر ہم اسے کروی شکل ہی تصور کرتے ہیں۔) کسی کرۂ کو بالکل درست طریقے سے ایک چپٹے کاغذ پر ظاہر کرنا ممکن نہیں ہے۔ یہ سمجھنے کے لیے ایک سنگترے کا چھلکا اس طرح اتاریں کہ اس کے صرف تین یا چار بڑے ٹکڑے رہ جائیں۔ پھر ان ٹکڑوں کو میز پر پھیلا کر سیدھا کرنے کی کوشش کریں۔ آپ دیکھیں گے کہ کناروں سے پھاڑے بغیر انہیں مکمل طور پر ہموار نہیں کیا جا سکتا۔


اب گلوب پر غور کریں، جو ایک ایسا کرہ ہے جس پر نقشہ بنایا جاتا ہے۔ یہ نقشہ زمین، چاند، سیارہ مریخ، سیارے، آسمان میں ستاروں اور ستاروں کے جھرمٹ وغیرہ کا نقشہ ہو سکتا ہے۔ اصل گلوب، جیسا کہ اگلے صفحے کی تصویر میں دکھایا گیا ہے، ایک کرہ ہے کو عام طور پر دھات، پلاسٹک یا گتے سے بنا ہوتا ہے۔



یہاں ہم زمین کے جغرافیے کو ظاہر کرنے والے گلوب (کرۂ ارض) کا مطالعہ کریں گے۔ چونکہ گلوب اور زمین دونوں کی شکل کروی (گول) ہے، اس لیے گلوب زمین کے جغرافیے کو ایک چپٹے نقشے کے مقابلے میں زیادہ بہتر طریقے سے ظاہر کرتا ہے۔ آیئے اب اس کی کچھ خصوصیات کا جائزہ لیتے ہیں۔

a) مختصات کو سمجھنا

تصور کیجیے کہ کسی شہر یا قصبے میں ایک بڑا بازار ہے، جہاں دکانیں صاف ستھری قطاروں میں ایک ہی سائز کی بنی ہوئی ہیں۔ آپ بازار کے اندر موجود ایک اسٹیشنری کی دکان پر اپنے دوست سے ملنا چاہتے ہیں، لیکن آپ کے دوست کو اس دکان کا مقام معلوم نہیں ہے۔ اس لیے آپ اسے یوں ہدایت دیں گے: "شام 6 بجے بازار کے داخلی دروازے سے پانچویں قطار میں واقع ساتویں دکان پر مجھ سے ملو۔" اس طرح آپ کا دوست آپ کے مقام کا درست اور واضح تعین کر سکے گا۔



اب ایک شطرنج کے تختے پر غور کریں۔ ماہر کھلاڑیوں کی چالوں کو ریکارڈ کرنے کے لیے تختے کے کناروں پر حروف a) سے h تک (اور دوسری سمت میں اعداد (1 سے 8 تک) لکھے جاتے ہیں (جیسا کہ تصویر میں دکھایا گیا ہے)۔ یہ سادہ نظام کھلاڑیوں کو ہر خانے کی شناخت کرنے اور ہر چال کو ریکارڈ کرنے میں مدد دیتا ہے یہاں سفید مہرے والے کھلاڑی نے کھیل کا آغاز وزیر کے سامنے والے پیادے (Queen's Pawn) کو دو خانے آگے بڑھا کر کیا ہے، جو ایک بہت عام ابتدائی چال ہے۔ لہٰذا کہا جاتا ہے کہ یہ پیادہ d2 سے d4 تک منتقل ہوا ہے۔



انہی اصطلاحات کا استعمال کرتے ہوئے، اگر آپ کالے مہروں سے کھیل رہے ہوں اور اسی چال کا جواب دینا چاہیں، تو اپنی چال لکھیں۔

ان دو مثالوں میں استعمال ہونے والے نظام کو مختصات (Coordinates) کا نظام کہا جاسکتا ہے۔ ان دو مختصات کی بدولت اسٹیشنری کی دکان اور شطرنج کے تختے پر موجود خانہ دونوں کا درست مقام معلوم کیا جاسکتا ہے۔

نقشوں کی دنیا میں بھی اسی طرح کا مختصات کا نظام استعمال کیا جاتا ہے تاکہ نقشے پر کسی بھی مقام کی جگہ کا تعین کیا جاسکے۔ آیئے دیکھتے ہیں کہ یہ نظام کیسے کام کرتا ہے۔


b) عرض البلد

آیئے دوبارہ گلوب کی طرف واپس آتے ہیں۔ اس پر قطبِ شمالی اور قطبِ جنوبی کو آسانی سے پہچانا جاسکتا ہے۔ گلوب کو گھمائیں؛ جب یہ گھومتا ہے تو اوپر اور نیچے موجود ساکن نقطے دونوں قطب ہوتے ہیں۔ ان دونوں کے بالکل درمیان خطِ استوا (Equator) واقع ہے؛ اس کو ظاہر کرنے والے دائرے پر غور کریں (شکل 1.3)۔

تصور کیجیے کہ آپ خطِ استوا پر کھڑے ہیں اور کسی ایک قطب کی طرف سفر کرتے ہیں۔ جیسے جیسے آپ آگے بڑھتے ہیں، خطِ استوا سے آپ کا فاصلہ بڑھتا جاتا ہے۔ **عرضِ بلد (Latitude)** اسی فاصلے کی پیائش کرتی ہے۔ اس سفر کے کسی بھی مقام پر آپ ایک فرضی لکیر کھینچ سکتے ہیں جو مشرق سے مغرب تک جاتی ہو اور خطِ استوا کے متوازی ہو۔ ایسی لکیر کو **عرض البلد کے متوازی** کہا جاتا ہے اور یہ زمین کے گرد ایک دائرہ بناتی ہے۔ گلوب پر یہ بات آسانی سے دیکھی جاسکتی ہے کہ سب سے بڑا دائرہ **خطِ استوا** ہے، جبکہ عرضِ بلد کے متوازی خطوط کے بنائے ہوئے دائرے شمال یا جنوب کی طرف بڑھنے کے ساتھ چھوٹے ہوتے جاتے ہیں (شکل 1.3)۔

عرضِ بلد کو **درجوں (Degrees)** میں ظاہر کیا جاتا ہے۔ رواج کے مطابق خطِ استوا کی عرضِ بلد ($0°$ صفر درجہ) ہوتی ہے، جبکہ دونوں قطبین کی عرضِ بلد بالترتیب $90°$ شمال ($90°N$) اور $90°$ جنوب ($90°S$) ہوتی ہے۔

عرضِ بلد اور آب و ہوا کے درمیان گہرا تعلق ہے۔ خطِ استوا کے گرد آب و ہوا عموماً گرم ہوتی ہے (جسے سخت گرمی Torrid بھی کہا جاتا ہے)۔ جیسے جیسے آپ خطِ استوا سے دور کسی قطب کی طرف سفر کرتے ہیں، یعنی آپ کی عرضِ بلد بڑھتی ہے، موسم معتدل (Temperate) ہوتا جاتا ہے۔ اور جب آپ قطبِ شمالی یا قطبِ جنوبی کے قریب پہنچتے ہیں تو موسم زیادہ سرد (Frigid) ہو جاتا ہے۔ آپ سائنس میں یہ سیکھیں گے کہ ایسا کیوں ہوتا ہے اور سال کے دوران مختلف موسم کیوں آتے ہیں۔



شکل 1.3: یہ کرۂ ارض (Globe) خطوطِ عرض البلد (Parallels of Latitude) اور خطوطِ طول البلد (Meridians of Longitude) دونوں کو دکھاتا ہے۔

C) طول البلد

اب تصور کیجیے کہ آپ قطبِ شمالی (North Pole) سے قطبِ جنوبی (South Pole) تک مختصر ترین ممکنہ راستے سے سفر کرتے ہیں۔ کرۂ ارض (Globe) کا مشاہدہ کریں: آپ دیکھیں گے کہ یورپ اور افریقہ سے گزرنے کے بجائے آپ ایشیا سے بھی گزر سکتے ہیں — اور فاصلہ یکساں رہے گا۔ ان خطوط کو **طول البلد کا نصف النہار (Meridians of Longitude)** کہا جاتا ہے (شکل 1.3)۔ یہ تمام خطوط نصف دائروں کی شکل میں ایک قطب سے دوسرے قطب تک جاتے ہیں۔

آپ سائنس میں یہ بھی سیکھیں گے کہ زمین اپنے محور (Axis) پر گردش کرتی ہے۔ اسے آسان الفاظ میں سمجھنے کے لیے، ایک ٹیبل لیمپ کو کرۂ ارض (Globe) سے کچھ فاصلے پر رکھیں اور اس کی روشنی کرۂ ارض (Globe) پر ڈالیں، اور تصور کریں کہ یہ سورج ہے جو زمین کو روشن کر رہا ہے۔

کرۂ ارض (globe) کو آہستہ آہستہ مشرق کی طرف گھماتے ہوئے، ہم دیکھ سکتے ہیں کہ زمین کے کچھ مقامات پر صبح کا وقت ہوتا ہے، جبکہ دوسرے مقامات پر دوپہر، شام یا رات ہوتی ہے۔ یعنی جب ایک ملک میں ناشتے کا وقت ہوتا ہے تو دوسرے ملک میں دوپہر کے کھانے کا وقت اور تیسرے ملک میں لوگ گہری نیند سو رہے ہوتے ہیں! اسی لیے کسی مقام کے طول البلد (Longitude) کی پیمائش کرنے سے ہم وہاں کے وقت کا بھی اندازہ لگا سکتے ہیں۔ آیئے دیکھتے ہیں کہ یہ کیسے ممکن ہے

طول البلد کی پیمائش کے لیے ہمیں ایک حوالہ نقطہ (Reference Point) مقرر کرنا ہوتا ہے جسے ابتدائی نصف النہار کہا جاتا ہے (شکل 1.3)۔ اسے گرین وچ نصف النہار بھی کہتے ہیں کیونکہ 1884ء میں چند ممالک نے یہ طے کیا کہ گرین وچ سے گزرنے والا نصف النہار بین الاقوامی معیار کے طور پر ابتدائی نصف النہار ہوگا۔ اسے 0° طول البلد سے ظاہر کیا جاتا ہے

جس طرح عرض البلد خطِ استوا سے قطبوں کی طرف فاصلے کی پیمائش ہے، اسی طرح طول البلد ابتدائی نصف النہار سے فاصلے کی پیمائش ہے جب ہم خطِ استوا کے ساتھ سفر کرتے ہیں۔ طول البلد بھی درجوں میں ناپا جاتا ہے۔ مغرب یا مشرق کی طرف اس کی قدر 0° سے 180° تک بڑھتی ہے اور اس کے ساتھ W (مغرب) یا E (مشرق) لکھا جاتا ہے۔ مثال کے طور پر، تقریباً **نیویارک** کا طول البلد 74°W، **دہلی** کا 77°E اور **ٹوکیو** کا 140°E ہے۔


اسے یاد رکھیں


جیسا کہ آپ خطوطِ طول البلد کے نصف النہار والے کرۂ ارض (globe) پر دیکھ سکتے ہیں، 180°W اور 180°E دراصل ایک ہی طول البلد ہیں۔ اسی لیے اس طول البلد کو صرف 180° لکھا جاتا ہے اور W یا E کا حرف نہیں لگایا جاتا۔

عرض البلد اور طول البلد مل کر کسی مقام کے دو **مختصات** (Coordinates) بنتے ہیں۔ ان کی مدد سے آپ اب زمین پر کسی بھی مقام کا درست تعین کر سکتے ہیں! اب آپ اس جملے کو سمجھ سکتے ہیں: "دہلی 29°N عرض البلد اور 77°E طول البلد پر واقع ہے" (یہ اعداد تقریباً ہیں، بالکل درست نہیں)۔

صفحہ 26 پر شکل 1.3 میں کرۂ ارض (globe) پر عرض البلد کے متوازی خطوط اور طول البلد کے نصف النہار کو نیلی لکیروں کی صورت میں ایک ساتھ دکھائے گئے ہیں۔ یہ تمام خطوط مل کر کرۂ ارض کے لیے ایک جال (Grid) بناتے ہیں؛ انہیں گرڈ لائنز (Grid Lines) بھی کہا جاتا ہے۔

آیئے معلوم کریں

اگر آپ کی کلاس میں موجود گلوب یا اٹلس میں عرض البلد (Latitudes) اور طول البلد (Longitudes) واضح طور پر نشان زد ہوں، تو(1) ممبئی،(2) کولکتہ (3) سنگاپور،(4) پیرس کے عرض البلد اور طول البلد کی تقریباً قدریں نوٹ کرنے کی کوشش کریں۔




شکل 1.4 : یہ خاکہ دکھاتا ہے کہ ابتدائی نصف النہار (Prime Meridian) زمین کو مغربی اور مشرقی نصف کرہ میں تقسیم کرتا ہے، جبکہ خطِ استوا (Equator) اسے شمالی اور جنوبی نصف کرہ میں تقسیم کرتا ہے۔

اسے یاد رکھیں


گرین وچ نصف النہار پہلا ابتدائی نصف النہار نہیں تھا۔ ماضی میں دوسرے ابتدائی نصف النہار بھی موجود تھے۔ درحقیقت، یورپ سے کئی صدیوں پہلے ہندوستان کا اپنا ایک ابتدائی نصف النہار تھا! (شکل 1.5) اسے مدھیہ ریکھا (Madhya Rekha) یا "درمیانی خط" کہا جاتا تھا اور یہ شہر Ujjain (قدیم نام: اجینی) سے گزرتا تھا، جو کئی صدیوں تک علمِ فلکیات کا ایک مشہور مرکز رہا۔ مشہور ماہرِ فلکیات وراہامیہرا تقریباً 1500 سال پہلے یہیں رہتے اور کام کرتے تھے۔

ہندوستانی ماہرینِ فلکیات عرض البلد اور طول البلد کے تصورات سے واقف تھے، جن میں صفر یا ابتدائی نصف النہار کی ضرورت بھی شامل تھی۔ اُجینی نصف النہار تمام ہندوستانی فلکیاتی تحریروں میں حسابات کے لیے ایک حوالہ نقطہ بن گیا تھا۔

نقشہ چند قدیم ہندوستانی شہروں کو دکھاتا ہے جو اُجین نصف النہار کے قریب واقع تھے۔ کچھ شہر اس کے بہت قریب تھے جبکہ کچھ اس سے تھوڑے فاصلے پر تھے۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ طول البلد کی پیمائش کے لیے درست وقت کا تعین ضروری ہوتا ہے، اور اُس زمانے میں وقت ناپنے کے ذرائع آج کی طرح اتنے درست نہیں تھے۔




شکل 1.5 : قدیم ہندوستانی علمِ فلکیات میں استعمال ہونے والا اجینی ابتدائی نصف النہار (Ujjayini Prime Meridian) ۔ جن شہروں کو دائرے (Circle) سے نشان زد کیا گیا ہے، ان کا ذکر فلکیاتی تحریروں میں اس نصف النہار پر واقع شہروں کے طور پر کیا گیا ہے (ترچھی لکیر/ کے بعد ان کا جدید نام دیا گیا ہے)۔



شکل 1.6 یہ نقشہ سروے آف انڈیا کی جانب سے شائع کیا گیا ہے۔ اس میں ہندوستان کی حدود کے ساتھ ساتھ عرض بلد کی چند متوازی لکیریں اور طول بلد کے چند نصف النہار بھی دکھائے گئے ہیں۔ ہندوستان کا عرض بلد تقریباً 8° شمال سے 37° شمال تک پھیلا ہوا ہے، جبکہ طول بلد تقریباً 68 مشرق سے 97° مشرق تک پھیلا ہوا ہے۔ (یہ دونوں رنگ بعد میں شامل کیے گئے ہیں۔)

وقت کے منطقوں کو سمجھنا

آیئے ایک بار پھر کرہ ارض (گلوب) کو مغرب سے مشرق کی طرف گھمائیں — اسی طرح ہمارا سیارہ اپنے محور کے گرد گردش کرتا ہے اور 24 گھنٹوں میں ایک مکمل چکر مکمل کرتا ہے۔ ایک مکمل چکر 360° ہوتا ہے، اس کا مطلب ہے کہ ہر گھنٹے میں 15° کا فرق ہوتا ہے (360=24 ×15)۔ اب ہم طول بلد کی نصف النہار کو ہر 15° کے فاصلے پر نشان زد کرتے ہیں۔ خط نصف النہار سے مشرق کی طرف بڑھتے ہوئے ہمیں 0°، 15°E, 30 °E, 45 °E اور اسی طرح ہر 15° کے وقفے سے 180° تک ملتے ہیں۔ یہ اس بات کے برابر ہے کہ ہر نصف النہار کے ساتھ مقامی وقت میں ایک گھنٹے کا اضافہ ہو جاتا ہے — اگر گرین وچ پر دوپہر 12 بجے (12 pm) ہوں تو 15°E پر مقامی وقت 1PM ہو گا، 30°E پر 2PM اور اسی طرح آگے۔ لیکن مغرب کی طرف جانے پر معاملہ الٹ ہوتا ہے — 15°W پر 11AM صبح، 30°W پر 10AM صبح، وغیرہ۔



شکل 1.7 یہ گراف طول بلد کو نیچے کی طرف اور مقامی وقت کو اوپر کی طرف ظاہر کرتا ہے، جس میں 0° پر موجود ابتدائی نصف النہار کو حوالہ بنایا گیا ہے۔ اس میں ہر رنگ 15° کے ایک زون (Zone) کی نمائندگی کرتا ہے، جو ایک مرکزی نصف النہار کے گرد واقع ہوتا ہے۔

آیئے معلوم کریں

دو دوست، جن میں سے ایک گجرات کے پوربندر میں بیٹھا ہے اور دوسرا آسام کے ٹنسکیا میں، شام کے وقت فون پر بات کر رہے ہیں۔ دوسرا دوست کہتا ہے کہ آسام میں سورج غروب ہو چکا ہے اور اب اندھیرا ہے۔ پہلا دوست حیران ہو کر کہتا ہے، "لیکن یہاں تو ابھی مکمل دن کی روشنی ہے"! اس کی وضاحت کریں۔ اور بطور کلاس سرگرمی ان دونوں شہروں کے درمیان مقامی وقت کا فرق معلوم کریں۔ (اشارہ: ابھی کے لیے پوربندر اور ٹنسکیا کے درمیان طول بلد کا فرق 30° سمجھیں؛ بعد میں آپ اس کی صحیح مقدار معلوم کر سکتے ہیں۔)


اسی طریقے کو زمین پر کسی بھی جگہ کے مقامی وقت کا حساب لگانے کے لیے استعمال کیا جاسکتا ہے۔ لیکن کسی ملک کے لیے کئی مقامی وقت استعمال کرنا آسان نہیں ہو گا! اسی وجہ سے زیادہ تر ممالک ایک **معیاری وقت** اختیار کرتے ہیں جو ان کے ملک سے گزرنے والی ایک مخصوص نصف النہار پر مبنی ہوتا ہے۔ ہندوستانی معیاری وقت (Indian Standard Time - IST) گرین وچ کے مقامی وقت سے 5 گھنٹے 30 منٹ (یعنی 5.5 گھنٹے) آگے ہے، جسے **گرین وچ مین ٹائم** (Greenwich Mean Time - GMT) بھی کہا جاتا ہے۔

آیئے معلوم کریں

گجرات اور آسام میں بیٹھے دو دوستوں کی طرف واپس آتے ہیں۔ اس مثال کو استعمال کرتے ہوئے مقامی وقت اور معیاری وقت کے درمیان فرق کی وضاحت کریں۔

یہ تمام معیاری اوقات وقتی منطقوں میں منظم کیے گئے ہیں، جو عمومی طور پر 15° کے منطقوں کی پیروی کرتے ہیں جیسا کہ گراف (شکل 1.7) میں دکھایا گیا ہے۔ لیکن آیئے ذرا نیچے دیے گئے دنیا کے نقشے (شکل 1.8) پر غور کریں۔ ہم دیکھ سکتے ہیں کہ وقت کے خطوں کو تقسیم کرنے والی لکیریں مکمل طور پر سیدھی نہیں ہیں۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ انہیں ہر ملک کے معیاری وقت کا احترام کرنا ہوتا ہے، اس لیے یہ عموماً بین الاقوامی سرحدوں کے ساتھ ساتھ چلتی ہیں۔


کچھ ممالک کے اندر لکھے گئے اعداد یہ ظاہر کرتے ہیں کہ ان کے معیاری وقت کو حاصل کرنے کے لیے GMT میں کتنے گھنٹے جمع کیے جائیں (اگر نشان مثبت ہو) یا کتنے گھنٹے منفی کیے جائیں (اگر نشان منفی ہو)



شکل 1.8 ایک دنیا کا نقشہ جو وقت کے منطقوں کو دکھاتا ہے، اور چند ممالک کے لیے GMT کے حوالے سے معیاری اوقات (Standard Times) ظاہر کرتا ہے۔ (نوٹ کریں کہ بین الاقوامی سرحدیں تقریباً دکھائی گئی ہیں، مکمل طور پر درست نہیں ہیں۔)

اسے یاد رکھیں

اوپر دی گئی وضاحت سے ایسا لگ سکتا ہے کہ ہر ملک کا صرف ایک ہی معیاری وقت ہوتا ہے۔ لیکن ایسا ہمیشہ نہیں ہوتا۔ کچھ ممالک، جیسے روس، کینیڈا یا امریکہ، اتنے بڑے ہیں کہ ان میں صرف ایک وقت کا منطقہ (time zone) نہیں ہو سکتا۔ امریکہ میں چھ وقت کے منطقے ہیں اور روس میں 11 ہیں — جس کا مطلب یہ ہے کہ اگر آپ روس کے مشرق سے مغرب تک سفر کریں تو مقامی وقت کے مطابق گھڑی درست کرنے کے لیے آپ کو 10 بار اپنی گھڑی درست کرنی پڑے گی۔



شکل 1.9 افریقہ اور یوریشیا کے چند ٹائم زونز GMT کے مطابق

اسی طرح، شکل 1.9 میں دکھایا گیا گلوب، جو ہندوستان کے مرکز پر ہے، چند ممالک کے لیے GMT کے حوالے سے معیاری اوقات کو ظاہر کرتا ہے۔

آخر میں، جبکہ ابتدائی نصف النہار کو گرین وچ پر مقرر کیا گیا تھا، اس کے بالکل مخالف لکیر — جو تقریباً 180° طول بلد پر واقع ہے — بین الاقوامی تاریخ خط کہا جاتا ہے۔

جیسا کہ آپ نقشے میں دیکھ سکتے ہیں، 12+ اور 12- وقت کے منطقے (time zones) اس لائن پر ایک دوسرے کو چھوتے ہیں۔ اگر آپ اسے بحری جہاز یا ہوائی جہاز کے ذریعے عبور کریں تو آپ کو اپنی گھڑی میں تاریخ تبدیل کرنی پڑتی ہے۔ اگر آپ مشرق کی طرف سفر کرتے ہوئے اسے عبور کریں، تو آپ ایک دن گھٹانا ہوگا (مثلاً پیر سے اتوار)، اور اگر آپ مغرب کی طرف سفر کرتے ہوئے اسے عبور کریں تو آپ ایک دن اضافہ کرنا ہوگا (مثلاً اتوار سے پیر)۔ ہم نے کہا تھا کہ بین الاقوامی تاریخ خط تقریباً 180° طول بلد پر واقع ہے، کیونکہ یہ کچھ جگہوں پر اس لیے ہٹایا گیا ہے تاکہ بعض ممالک کو دو مختلف دنوں میں تقسیم ہونے سے بچایا جا سکے۔

اس سے پہلے کہ ہم آگے بڑھیں

← نقشے زمین کے کسی بھی حصے کی نمائندگی کرنے کا ایک بہت مفید ذریعہ ہیں، چاہے وہ چھوٹا علاقہ ہو یا بڑا۔ نقشوں کے بنیادی اجزاء فاصلے، سمت اور علامات ہیں۔

← زمین پر ہر جگہ کا ایک مقام ہوتا ہے جسے عرض بلد (Latitudes) اور طول بلد (Longitudes) کے جال کی مدد سے بالکل درست طور پر بیان کیا جا سکتا ہے۔ یہ خیالی لکیریں ہوتی ہیں جو مشرق سے مغرب کی طرف (خطِ استوا کے متوازی) اور شمال سے جنوب کی طرف (قطب سے قطب تک) پھیلی ہوتی ہیں۔

← طول بلد (Longitude) وقت کو بھی ظاہر کرتا ہے اور وقت کے منطقوں (Time Zones) کی وضاحت کرتا ہے۔

← بین الاقوامی تاریخ خط (International Date Line) تقریباً 180° طول بلد پر واقع ہوتا ہے، جو ابتدائی نصف النہار کے بالکل مخالف سمت میں ہے۔ جب اس لائن کو عبور کیا جاتا ہے تو تاریخ ایک دن تبدیل ہو جاتی ہے۔

سوالات، سرگرمیاں اور منصوبے

1. روہن ایک ٹریک پر جا رہا ہے۔ مندرجہ ذیل میں سے کون سی چیز اس کی مدد کرے گی تاکہ وہ نقشے میں دی گئی جگہوں کو تلاش کر سکے؟

A. 

B 

C 

D 

2. زمین کی نمائندگی کرنے والی جسمانی شے کا نام لکھیں۔
3. جب لندن میں دوپہر 12 بجے (noon) ہوتے ہیں تو ہندوستان میں شام 5:30 کیوں ہوتے ہیں؟
4. نقشے میں علامات اور رنگوں کی ضرورت کیوں ہوتی ہے؟
5. درج ذیل بیانات کو صحیح یا غلط کے طور پر نشان زد کیجیے؛ اور اپنے جواب کی ایک یا دو جملوں میں وضاحت کیجیے۔

← تمام عرض بلد (latitudes) ایک ہی لمبائی کے نہیں ہوتے۔

← ایک طول البلد (longitude) کی لمبائی خطِ استوا (Equator) کی لمبائی کے نصف کے برابر ہوتی ہے۔

← جنوبی قطب (South Pole) کا عرض بلد 90°S ہوتا ہے۔


← آسام میں مقامی وقت اور IST ایک جیسے نہیں ہوتے۔

← وقت کے منطقوں کو تقسیم کرنے والی لکیریں طول بلد (meridians of longitude) کے برابر نہیں ہوتیں۔

← خطِ استوا (Equator) بھی عرض بلد (parallel of latitude) ہی ہے۔

6. دو شہر ایک ہی طول بلد (Longitude) پر واقع ہیں، ایک خطِ استوا کے قریب ہے اور دوسرا شمالی قطب کے قریب۔ عرض بلد (Latitude) کی بنیاد پر ان کی آب و ہوا اور موسموں کا موازنہ اور تجزیہ کیجیے کہ وہ کیسے مختلف ہوں گے۔ اس کی وجوہات بیان کیجیے۔

7. درج ذیل دیے گئے کراس ورڈ انگریزی الفاظ سے حل کیجیے۔



(Across افقی:)

1. نقشے میں ایک بہت بڑے علاقے کو چھوٹا کر کے دکھانے کی اجازت دیتا ہے
4. ایک آسان موزوں کرّہ
5. زمین پر سب سے لمبا عرض بلد
6. وہ جگہ جہاں خط نصف النہار منسلک ہوتا ہے
8. راستہ تلاش کرنے کے لیے بہت آسانی فراہم کرتا ہے۔
10. خطِ استوا سے فاصلے کی پیمائش

(Down عمودی:)

2. نصف النہار سے فاصلے کی پیمائش
3. یہ دونوں مل کر کسی مقام کو تلاش کرنے میں مدد دیتے ہیں
6. عرض بلد اور طول بلد مل کر کیا بناتے ہیں
7. وہ معیاری وقت جو ہم سب بھارت میں استعمال کرتے ہیں
9. دنیا کے اوپر والا حصہ
11. اس خط کا مخفف جس کے پار دن اور تاریخ بدل جاتے ہیں

8. صفحہ 10 اور شکل 5.2 (باب 5) کو دیکھتے ہوئے، پیمانہ 2.5 سینٹی میٹر = 500 کلو میٹر ہے۔ نقشے پر نربدا دریا کے دہانے سے گنگا دریا کے دہانے تک اصل فاصلے کا حساب لگائیں۔ (اشارہ: نقشے پر اپنی پیمائش کو آسان عدد پر گول کر لیں۔)
9. اپنے گھر یا اسکول سے آٹھ سمتوں (directions) میں کیا کیا چیزیں ہیں، معلوم کیجیے۔
10. دہلی اور بنگلورو کی عرض بلد بالترتیب 29°N اور 13°N ہیں؛ جبکہ ان کے طول بلد تقریباً ایک جیسے ہیں، 77°E۔ دونوں شہروں کے مقامی وقت میں کتنا فرق ہو گا؟
11. مقامی وقت (Local Time) اور معیاری وقت (Standard Time) میں کیا فرق ہے؟ گروپس میں اس پر بحث کیجیے، اپنے جوابات کا موازنہ کیجیے۔ 100 سے 150 الفاظ میں جواب لکھیں۔ جوابات کا موازنہ کیجیے۔

باب
2

بحر اعظم اور براعظم

اکتسابی نتائج

طلبہ درج ذیل کام کو کرنے کے قابل ہو جائیں گے۔

- بحر اعظموں سے متعلق مختلف آفات جیسے سونامی، طوفان اور ساحلی کٹاؤ کی وضاحت کر سکیں گے۔(CG-1)
- دنیا کے نقشے پر پانچ بڑے بحر اعظموں اور سات براعظموں کی نشاندہی کریں گے اور ان کے مقامات بتائیں گے۔(CG-1)
- نقشوں یا خاکوں کی مدد سے جزیروں کی تشکیل کی وضاحت کریں گے۔(CG-1)
- اس بات کی وضاحت کریں گے کہ بحر اعظم آب وہوا کو کیسے متوازن رکھتے ہیں، آکسیجن پیدا کرتے ہیں، اور سمندری حیاتیاتی تنوع کی کیسے مدد کرتے ہیں۔ (CG-1)

"بحر اعظم سب کچھ ہے۔ یہ زمین کے 10 حصوں میں سے 7 حصوں پر محیط ہے۔ اس کی ہوا پاک اور صحت بخش ہے۔ یہ ایک بہت بڑا صحرا ہے جہاں انسان کبھی اکیلا محسوس نہیں کرتا، کیونکہ اسے اپنے اردگرد ہر طرف زندگی کی حرکت محسوس ہوتی ہے۔... سمندر فطرت کا عظیم ذخیرہ ہے۔ گویا دنیا کی ابتدا سمندر سے ہوئی، اور کون جانتا ہے کہ شاید اس کا اختتام بھی اسی پر ہو۔"

جولس ورن (1870)

اہم سوالات ؟

1. بحر اعظم اور براعظم کسے کہتے ہیں؟ ان کے نام کیا ہیں اور ان کی تقسیم کیسے ہوئی؟
2. بحر اعظم اور براعظم زمین پر زندگی، بشمول انسانی زندگی، کو کس طرح متاثر کرتے ہیں؟



شکل 2.1: خلا سے نظر آنے والی زمین (تصویر بذریعہ لونر ریکو نیسنس آربیٹر)۔ یہ منظر بحر ہند کے مرکز پر مبنی ہے، جس میں بائیں جانب افریقہ، اوپر ہندوستان اور ایشیا کا کچھ حصہ، دائیں جانب آسٹریلیا، اور نیچے انٹارکٹیکا دکھائی دے رہے ہیں۔

آیئے ہم اپنے گلوب کی طرف واپس آتے ہیں۔ اور اسے آہستہ سے گھماتے ہیں۔ یا چاند سے نظر آنے والی زمین کی تصویر کو دیکھیں۔ سب سے زیادہ نظر آنے والا رنگ کون سا ہے؟ ظاہر ہے نیلا، لیکن یہ کس چیز کی نمائندگی کرتا ہے؟ آپ نے یقیناً اندازہ لگالیا ہوگا — یہ "پانی" ہے۔ اس کا مطلب ہے کہ زمین کی سطح کا زیادہ تر حصہ پانی سے ڈھکا ہوا ہے، حقیقت میں تقریباً تین چوتھائی حصہ۔ اسی لیے جب زمین کو خلا سے دیکھا جاتا ہے تو وہ زیادہ تر نیلی دکھائی دیتی ہے۔ در حقیقت، ابتدائی خلابازوں نے پیار سے زمین کو "نیلا سیارہ" کہتے تھے۔

کرہ ارض پر نظر آنے والے سب سے بڑے آبی ذخائر کو "بحر اعظم" کہا جاتا ہے۔

لیکن زمین کی تصویر (شکل 2.1) میں آپ ایک اور رنگ، بھورا، بھی دیکھ سکتے ہیں۔ یہ رنگ زمین کا ہے، جو گلوب کے ایک چوتھائی سے کچھ زیادہ حصے پر پھیلی ہوئی ہے۔ زمین کے بڑے خطے کو "وسیع زمینی خطہ" کہا جاتا ہے، اور زمین کے ایک بڑے مسلسل پھیلے ہوئے حصے کو "براعظم" کہتے ہیں۔

بحر اعظم اور براعظم دونوں زمین کی آب وہوا کو تشکیل دینے میں اہم کردار ادا کرتے ہیں۔ یہ زندگی کے تمام پہلوؤں پر اثر انداز ہوتے ہیں، جن میں تمام نباتات اور حیوانات شامل ہیں، اور اسی طرح انسانی زندگی بھی۔ ہم ان کے اثرات کو اپنی تاریخ، ثقافت اور روزمرہ زندگی میں دیکھتے ہیں۔



اسے یاد رکھیں




ہندوستانی بحریہ کے نشان میں "سم نو ورنہ" کا شعار شامل ہے، جس کا مطلب ہے: "اے ورن دیوتا! ہمارے لیے مبارک ہو۔" یہ ورن دیوتا کے لیے ایک دعا ہے، جو ویدک دور میں بحر اعظموں، آسمان اور پانی سے وابستہ دیوتا مانے جاتے تھے۔

زمین پر پانی اور خشکی کی تقسیم

ہم دیکھ سکتے ہیں کہ بحر اعظم اور براعظم شمالی اور جنوبی نصف کرۂ زمین میں برابر تقسیم نہیں ہیں۔



شکل 2.2: شمالی قطب (بائیں) اور جنوبی قطب (دائیں) اوپر کی جانب سے دکھتا ہوا زمین کا نقشہ

آیئے شکل 2.2 میں دیے گئے دونوں نقشوں کا جائزہ لیں۔ یہاں بھی نیلے حصے بحر اعظموں پر مشتمل ہیں، ساتھ ہی ان کی چھوٹی تھیلا ت بھی شامل ہیں، جن کے مختلف نام ہیں جیسے "سمندر"، "کھاڑی"، "خلیج" وغیرہ۔

آیئے معلوم کریں

- ہر نقشے میں موجود گول دائرہ نما لکیروں کو کیا کہا جاتا ہے؟ اور کیا آپ جانتے ہیں کہ دونوں قطبین سے نکلنے والی لکیروں کو کیا کہا جاتا ہے؟ (اشارہ: آپ نے پچھلے باب میں ان کے بارے میں پڑھا تھا، لیکن یہاں انہیں مختلف انداز میں دکھایا گیا ہے۔)
- کس نصف کرۂ زمین میں زیادہ پانی موجود ہے؟
- آپ کے خیال میں شمالی نصف کرۂ زمین میں پانی اور خشکی کا تناسب تقریباً کتنا ہو گا؟ اور جنوبی نصف کرۂ زمین میں؟ گروہوں میں تبادلۂ خیال کریں۔
- کیا تمام بحر اعظم آپس میں ایک دوسرے سے جڑے ہوئے ہیں، یا ان کے درمیان علیحدگیاں موجود ہیں؟

زمین پر دستیاب پانی کا زیادہ تر حصہ بحر اعظموں (سمندروں) میں موجود ہے۔ لیکن سمندری پانی نمکین ہوتا ہے اور زیادہ تر زمینی جانوروں، بشمول انسانوں، کے پینے کے قابل نہیں ہوتا۔ دوسری طرف، تازہ (میٹھا) پانی زمین کے آبی وسائل میں کافی کم مقدار پر مشتمل ہے۔ یہ گلیشیئرز، دریاؤں، جھیلوں فضا اور زیرِ زمین پایا جاتا ہے، جسے "زیرِ زمین پانی" کہا جاتا ہے۔

آیئے غور و فکر کریں

- اگر کرہ ارض (زمین) پر پانی اتنی زیادہ مقدار میں موجود ہے، تو پھر "پانی کی کمی" یا "آبی بحران" کی اتنی بات کیوں کی جاتی ہے؟
- پانی کے تحفظ کے کن طریقوں سے آپ واقف ہیں؟ آپ نے ان میں سے کون سے طریقے اپنے گھر، اسکول، گاؤں، قصبے یا شہر میں ہوتے ہوئے دیکھے ہیں؟

Marine: سمندروں اور بحر اعظموں سے متعلق یا ان میں پائی جانے والی چیزیں۔

Flora: کسی خاص علاقے یا خاص وقت (زمانہ) میں پائے جانے والی نباتاتی زندگی۔

Fauna: کسی خاص علاقے یا خاص وقت (زمانہ) میں پائے جانے والی حیوانی زندگی۔

بحر اعظم

صفحہ 54 پر شکل 2.3 میں دیے گئے دنیا کے نقشے میں ہم پانچ بحر اعظم (سمندر) دیکھ سکتے ہیں — بحر الکاہل، بحر اوقیانوس، بحر ہند، بحر منجمد شمالی اور جنوبی (یا انٹارکٹک) سمندر۔

اگرچہ ہم نے پانچ سمندروں کی فہرست دی ہے، لیکن نقشے سے واضح ہے کہ یہ حقیقت میں ایک دوسرے سے الگ نہیں ہیں۔ نقشے پر انہیں تقسیم کرنے والی لکیریں صرف خیالی ہیں — قدرتی دنیا ایسی سرحدوں کی پابندی نہیں کرتی۔ مثال کے طور پر، سمندری پانی مسلسل مختلف سمندروں کے درمیان بہتا رہتا ہے، جو سمندری حیات کے بھرپور تنوع کو برقرار رکھتا ہے۔ پودوں اور جانوروں کے اقسام الگ الگ بحر اعظموں (سمندروں) میں پائی جاتے ہیں۔



مرجانی چٹان



سمندری شقائق پر ایک ستارہ مچھلی۔



شارک




اسپرم وہیل، ماں اور بچہ۔



ڈالفن



رنگ برنگی استوائی مچھلیوں کے ساتھ کم گہرائی والی مرجانی چٹان۔



کائی




شاہی پینگوئنز



بونائر سمندری کچھوا

سمندری نباتات میں الجی نامی ننھے پودے اور مختلف اقسام کی سمندری گھاس شامل ہیں؛ جبکہ سمندری حیوانات میں ہزاروں اقسام کی رنگ برنگی مچھلیاں ڈولفن، وہیل اور بے شمار پراسرار گہرے سمندر کی مخلوقات شامل ہیں۔ سمندر کے ہر حصے میں، سورج کی روشنی والی سطح سے لے کر تاریک گہرائیوں تک اپنی الگ اور متنوع جانداریاں پائی جاتی ہیں۔



شکل 2.3: دنیا کا نقشہ جس میں پانچ بحر اعظم، ان کی خیالی لکیریں، اور براعظم دکھائے گئے ہیں۔

آیئے معلوم کریں

	شمالی نصف کرہ	جنوبی نصف کرہ
بحر الکاہل		
بحر اوقیانوس		
بحر ہند		
بحر جنوبی		
بحر آرکٹک		

نقشے میں دیکھا جاسکتا ہے کہ بحر الکاہل سب سے بڑا سمندر ہے، اس کے بعد بحر اوقیانوس آتا ہے۔ بحر ہند تیسرا بڑا سمندر ہے، جبکہ جنوبی سمندر چوتھے نمبر پر ہے۔ سب سے چھوٹا سمندر بحر منجمد شمالی ہے۔

اسے یاد رکھیں

- جیسا کہ بحر اعظموں کے نقشے سے واضح ہے، بحر ہند کی اہم حدود شمال میں ایشیا، مغرب میں افریقہ اور مشرق میں آسٹریلیا ہیں، جبکہ جنوب میں جنوبی سمندر واقع ہے۔
- ہندوستان کے دونوں جانب بحر ہند کے دو حصے پائے جاتے ہیں — مغرب میں بحیرۂ عرب اور مشرق میں خلیج بنگال۔



شکل 2.4 (دائیں جانب): یہ بھارت کا وہی نقشہ ہے جو شکل 1 میں دکھایا گیا تھا، لیکن اس میں بحیرۂ عرب اور خلیج بنگال کا اضافہ کیا گیا ہے۔ اس میں بھارت کے دو بڑے جزائر کے گروہ بھی دکھائے گئے ہیں (مزید معلومات کے لیے نیچے "جزائر" والا حصہ دیکھیں)۔

بحر اعظم اور آفات

اس باب کے آغاز میں دی گئی زمین کی تصویر کی طرف دوبارہ آئیں، تو آپ نے شاید پوری زمین پر سفید شکلیں دیکھی ہوں گی۔ کیا آپ نے اندازہ لگایا کہ وہ کیا ہیں؟ وہ بادلوں کے بڑے بڑے مجموعے ہیں۔ ایسے بادل بر اعظموں پر بارش لاتے ہیں؛ مثال کے طور پر، ہندوستان میں ہر گرمیوں میں آنے والی مون سون کی بارشیں سمندر سے پیدا ہوتی ہیں — ان بارشوں کے بغیر ہماری زراعت اور تمام زندگی متاثر ہو گی۔ لیکن سمندر اکثر طوفان بھی پیدا کرتے ہیں — شدید بارش یا بہت تیز ہواؤں والے خطرناک واقعات، جیسے سائیکلون، جو دنیا کے ساحلی علاقوں میں بڑے پیمانے پر نقصان پہنچا سکتے ہیں۔

سونامی ایک اور قدرتی آفت ہے جو بحر اعظموں (سمندر) میں پیدا ہوتی ہے۔ یہ ایک بہت بڑی اور طاقتور لہر ہوتی ہے جو عام طور پر سمندر کی تہہ میں آنے والے شدید زلزلے یا آتش فشاں کے پھٹنے سے پیدا ہوتی ہے۔ سونامی ہزاروں کلومیٹر تک سفر کر سکتی ہے اور ساحلی علاقوں کو زیر آب (ڈبو کر) بڑے پیمانے پر نقصان پہنچا سکتی ہے۔

اسے یاد رکھیں

- 26 دسمبر 2004 کو، ہندوستان اور بحر ہند کے ارد گرد موجود 13 دیگر ممالک ایک طاقتور سونامی سے متاثر ہوئے، جو انڈونیشیا میں آنے والے زلزلے کی وجہ سے پیدا ہوئی تھی۔ دو لاکھ سے زیادہ لوگوں کی جانیں ضائع ہوئیں۔ ہندوستان میں انڈمان و نکوبار جزائر اور تمل ناڈو و کیرالہ کے ساحلی علاقے شدید متاثر ہوئے اور وہاں بہت زیادہ جانی و مالی نقصان ہوا۔
- ایسی سونامیاں کم واقع ہوتی ہیں لیکن بہت تباہ کن ہوتی ہیں۔ خوش قسمتی سے، اکثر انہیں ساحل سے ٹکرانے سے پہلے معلوم کیا جاسکتا ہے۔ بہت سے ممالک ایسے "ابتدائی انتباہی نظام" میں ایک دوسرے کے ساتھ تعاون کرتے ہیں۔ خاص طور پر بحر ہند سونامی انتباہی نظام موجود ہے، جس میں ہندوستان سمیت کئی ممالک حصہ لیتے ہیں۔ یہ نظام جان و مال کے تحفظ کے لیے اقدامات کرنے میں مدد دیتا ہے۔
- وہ واقعات جن سے جان و مال کا نقصان ہو، انہیں آفات سے نمٹنے کے نظام (ڈیزاسٹر مینجمنٹ) کے تحت سنبھالا جاتا ہے۔ ہندوستان میں ہر قسم کی آفات سے نمٹنے کے لیے اپنا "قومی آفات کا انتظامی اتھاریٹی" موجود ہے۔

(ہم اگلے باب میں اس کی مزید مثالیں دیکھیں گے۔)

براعظم

بحر اعظموں کے نقشے (شکل 2.3) پر براعظموں کو دیکھ سکتے ہیں۔ آپ ان میں سے کتنے گن سکتے ہیں؟ اس کا جواب اتنا آسان نہیں، کیونکہ انہیں مختلف طریقوں سے گنا جاسکتا ہے۔ ہماری پسند کے مطابق، ہم چار سے سات تک کسی بھی تعداد میں براعظموں کی فہرست بنا سکتے ہیں! اس کی وجہ یہ ہے


- شمالی امریکہ اور جنوبی امریکہ کو عام طور پر دو الگ براعظم سمجھا جاتا ہے؛ لیکن اگر انہیں ایک ہی خطہ عرض (زمینی حصہ) مانا جائے، تو انہیں ایک براعظم بھی سمجھا جاسکتا ہے۔
- یورپ اور ایشیا کو عام طور پر دو براعظم مانا جاتا ہے، حالانکہ نقشہ واضح کرتا ہے کہ یہ ایک ہی خطہ عرض (زمینی حصہ) بناتے ہیں۔ تاریخی اور ثقافتی وجوہات کی بنا پر یورپ کی ترقی ایشیا سے بہت مختلف رہی ہے، اسی لیے انہیں دو براعظم سمجھا جاتا ہے۔ تاہم، ماہرین ارضیات اکثر انہیں ایک ہی براعظم "یوریشیا" قرار دیتے ہیں۔
- افریقہ اور یوریشیا کو عام طور پر دو براعظم سمجھا جاتا ہے، لیکن بعض اوقات انہیں ایک ہی براعظم بھی مانا جاتا ہے۔

آیئے مختلف گنتیوں کو ایک جدول میں خلاصہ کرتے ہیں۔

براعظموں کی تعداد (انگریزی حروف تہجی کے اعتبار سے)	
چار براعظم	افریقہ-یوریشیا، امریکہ، انٹارکٹیکا، آسٹریلیا
پانچ براعظم	افریقہ، امریکہ، انٹارکٹیکا، آسٹریلیا، یوریشیا
چھ براعظم	افریقہ، انٹارکٹیکا، آسٹریلیا، یوریشیا، شمالی امریکہ، جنوبی امریکہ (شکل 2.3 صفحہ 55 پر ان کی عکاسی کی گئی ہے)
سات براعظم	افریقہ، انٹارکٹیکا، ایشیا، آسٹریلیا، یورپ، شمالی امریکہ، جنوبی امریکہ


عملی طور پر سات براعظموں والی آخری فہرست سب سے زیادہ تسلیم اور استعمال کیا جاتا ہے۔

اسے یاد رکھیں



آپ نے شاید اولمپک کھیلوں کی علامت، پانچ اولمپک حلقے، دیکھے ہوں گے۔ یہ دنیا بھر سے آنے والے کھلاڑیوں کے اجتماع کی علامت ہیں۔ ان حلقوں کو پانچ آباد براعظموں **افریقہ، امریکہ، ایشیا، آسٹریلیا اور یورپ** — کی نمائندگی کے لیے منتخب کیا گیا تھا۔

اب آیئے صفحہ 37 پر دیے گئے خاکے کو دیکھتے ہیں، جو سات براعظموں کی فہرست پر مبنی ہے۔ یہ ان کی حقیقی شکلیں نہیں دکھاتا، بلکہ ان کے نسبتی سائز کو ظاہر کرتا ہے۔



آیئے معلوم کریں

- مربعوں کی تعداد گن کر سب سے بڑے اور سب سے چھوٹے براعظم کے نام بتائیں۔
- کون سا بڑا ہے — شمالی امریکہ یا جنوبی امریکہ ؟ افریقہ یا شمالی امریکہ ؟ انٹارکٹیکا یا آسٹریلیا؟
- خاکے میں یورپ اور ایشیا کو ایک ہی رنگ سے رنگیں اور اس کا نام "یوریشیا" رکھیں۔ پھر اس کے سائز کا جنوبی امریکہ سے موازنہ کریں۔
- براعظموں کی فہرست سب سے چھوٹے سے سب سے بڑے تک لکھیں۔

جزائر

اگر آپ نے اس باب میں پہلے دیے گئے دونوں نقشوں (شکل 2.2 اور 2.3) کا غور سے مشاہدہ کیا ہو، تو آپ نے دیکھا ہو گا کہ براعظم تمام خشکی پر مشتمل نہیں ہیں۔ خشکی کے کچھ چھوٹے حصے الگ رہ جاتے ہیں؛ چونکہ وہ ہر طرف سے پانی سے گھرے ہوتے ہیں، اس لیے انہیں **جزیرے** کہا جاتا ہے۔ (براعظم بھی پانی سے گھرے ہوتے ہیں، لیکن چونکہ وہ بہت بڑے ہوتے ہیں، اس لیے انہیں جزیرے نہیں سمجھا جاتا۔) زمین پر مختلف سائز کے لاکھوں جزیرے موجود ہیں۔

اسے یاد رکھیں

- گرین لینڈ دنیا کا سب سے بڑا جزیرہ ہے (اسے گلوب یا نقشے پر تلاش کریں)۔ اس کے سائز تک پہنچنے کے لیے آپ کو ہندوستان کی 10 سب سے بڑی ریاستوں کے رقبے کو جمع کرنا ہو گا۔
- ہندوستان میں 1,300 سے زیادہ چھوٹے جزیرے ہیں! ان میں دو بڑے جزائر کے گروہ شامل ہیں — خلیج بنگال میں انڈمان و نکوبار جزائر اور بحیرۂ عرب میں لکشدیپ جزائر (شکل 2.4 دیکھیں)۔
- 1981 سے، ہندوستانی انٹارکٹیکا پروگرام انٹارکٹیکا کی تحقیق کر رہا ہے، جو ایک نہایت سرد آب وہوا اور سخت ماحول والا براعظم ہے (شکل 2.1 کے نچلے حصے میں سفید پھیلا ہوا علاقہ دیکھیں، جو زیادہ تر برف پر مشتمل ہے)۔ 1983 میں، ہندوستان نے وہاں اپنا پہلا سائنسی تحقیقی مرکز قائم کیا، جسے **جنوبی گنگوتری** ("دکشن گنگوتری") کہا گیا (بعد میں مزید دو مراکز قائم کیے گئے)۔ ہندوستانی سائنس دانوں کی تقریباً 40 ٹیموں نے اس دور دراز علاقے میں تحقیق کی ہے، خاص طور پر آب وہوا اور ماحول کی تبدیلی کے بارے میں۔ جہاں سائنس دان رہتے ہیں، وہاں ایک لائبریری اور یہاں تک کہ ایک ڈاک خانہ بھی موجود ہے۔

بحر اعظم اور زندگی

بحر اعظم اور بر اعظم ماحول کے اہم حصے ہیں اور ہماری زندگی کے زیادہ تر پہلوؤں کو متاثر کرتے ہیں، چاہے ہمیں اس کا احساس نہ بھی ہو۔ ہم نے ذکر کیا ہے کہ بحر اعظم (سمندر) بر اعظموں کو بارش بھیجتے ہیں؛ یہ زمین کے پانی کے چکر (واٹر سائیکل) کا حصہ ہے، جس کے بارے میں آپ سائنس میں مزید پڑھیں گے۔ بحر اعظموں (سمندروں) کے بغیر، مثال کے طور پر، بارش نہیں ہو گی! زمین ایک صحرا بن جائے گی۔ اس کے علاوہ، دنیا کی آدھی سے زیادہ آکسیجن بحر اعظموں (سمندروں) کی نباتات پیدا کرتی ہیں، اسی لیے انہیں "سیارے کے پھیپھڑے" کہا جاتا ہے۔ اس طرح سمندر زمین پر آب و ہوا (موسم) کو قابو میں رکھنے اور زندگی کو برقرار رکھنے میں انتہائی اہم کردار ادا کرتے ہیں۔

بحر اعظموں (سمندروں) نے انسانیت کو بہت سے دوسرے طریقوں سے بھی گہرے طور پر متاثر کیا ہے۔ قدیم زمانے سے ہی لوگ سمندروں اور بحروں کو دوسرے علاقوں میں ہجرت کرنے، مختلف قسم کے سامان کی تجارت کرنے، فوجی مہمات چلانے اور ماہی گیری (مچھلی پکڑ ھنا) کے ذریعے خوراک (غذا) حاصل کرنے کے لیے استعمال کرتے رہے ہیں۔ بحر اعظموں (سمندروں) نے دنیا بھر کے ساحلی لوگوں کی ثقافتوں کو بھی پروان چڑھایا ہے۔ تقریباً ان سب کے پاس سمندر، سمندری دیوی دیوتاؤں، سمندری راکشسوں اور سمندر کے خزانوں کے بارے میں کہانیاں اور روایات موجود ہیں—جو سمندروں کے خطرات بھی ہیں اور ان کی برکتیں بھی۔




اسے یاد رکھیں

اقوام متحدہ نے 8 جون کو عالمی یوم سمندر کے طور پر نامزد کیا ہے تاکہ "ہمیں یاد دلایا جا سکے کہ سمندر روزمرہ زندگی میں کتنا اہم کردار ادا کرتے ہیں۔ یہ ہمارے سیارے کے پھیپھڑوں کا کام کرتے ہیں، خوراک (غذا) اور دوائیوں کا ایک بڑا ذریعہ ہیں اور حیاتیاتی نظام (biosphere) کا ایک اہم حصہ ہیں۔" سائنسی مطالعات سے یہ ثابت ہوا ہے کہ انسانی سرگرمیوں کی وجہ سے سمندر آلودہ ہو رہے ہیں—ہم ہر سال لاکھوں ٹن پلاسٹک کا کچرا سمندروں میں پھینک دیتے ہیں، جس سے سمندری زندگی متاثر ہو رہی ہے۔ آلودگی کی کئی دوسری اقسام بھی موجود ہیں۔ نتیجتاً، سمندری ماحول خطرے میں ہے۔ حد سے زیادہ ماہی گیری (overfishing) بھی سمندری زندگی میں کمی کی ایک بڑی وجہ ہے۔ یہ ہم سب کی مشترکہ ذمہ داری ہے کہ ہم سمندروں کی حفاظت کریں تاکہ زمین اور انسانیت کا مستقبل محفوظ رہے۔



اس سے پہلے کہ ہم آگے بڑھیں۔۔۔

- زمین کی سطح پر پانی کے بڑے بڑے حصے موجود ہیں جنہیں "بحر اعظم (سمندر)" کہا جاتا ہے اور زمین کے بڑے خشکی کے حصوں کو "بر اعظم" کہا جاتا ہے۔ بحر اعظم (سمندر) ایک دوسرے سے جڑے ہوئے ہیں۔ بر اعظموں کو مختلف طریقوں سے شمار کیا جا سکتا ہے؛ لیکن عام طور پر ان کی تعداد سات مانی جاتی ہے۔
- شمالی نصف کرہ (Northern Hemisphere) میں جنوبی نصف کرہ (Southern Hemisphere) کے مقابلے میں زیادہ خشکی موجود ہے۔
- بحر اعظم (سمندر) ہر قسم کی سمندری زندگی کو سہارا دیتے ہیں اور دنیا کے آب و ہوا/موسم (climate) میں اہم کردار ادا کرتے ہیں۔ آج کل یہ انسانی سرگرمیوں سے شدید متاثر ہو رہے ہیں اور ان کی حفاظت ہماری مشترکہ ذمہ داری ہے۔

سوالات، سرگرمیاں اور منصوبے

1. دی گئی تصویر اولمپک کھیلوں کی علامت دکھاتی ہے۔ یہ رنگ کس چیز کی نمائندگی کرتے ہیں؟ ( )



A . پانچ سب سے مقبول کھیل B . دنیا کے پانچ براعظم

C . دنیا کے پانچ بڑے بحر اعظم D . اولمپکس کے پانچ میزبان ممالک

2. دعویٰ (A) : ہندوستان نے انٹارکٹیکا میں سائنسی تحقیق کے مراکز قائم کیے ہیں۔ ( )

دلیل (R) : سائنسدان وہاں آب وہوا (موسم) اور ماحول میں ہونے والی تبدیلیوں کا مطالعہ کرتے ہیں۔

(A). A اور R دونوں درست ہیں، اور R ، A کی صحیح وضاحت ہے۔

(B). A اور R دونوں درست ہیں، لیکن R ، A کی صحیح وضاحت نہیں ہے۔

(C). A درست ہے، لیکن R غلط ہے۔ (D). A غلط ہے، لیکن R درست ہے۔

3۔ اگر زمین کی زیادہ تر سطح پانی کے بجائے خشکی سے ڈھکی ہوتی تو درج ذیل میں سے کون سا بیان درست ہوتا؟ ( )

A . سمندر بڑے ہو جاتے B. زمین پھر بھی نیلی نظر آتی

C . ظاہری شکل میں کوئی تبدیلی نہ ہوتی C. خلا سے زمین بھوری نظر آتی


4. درج ذیل اصطلاحات کی وضاحت کریں:

A. براعظم B . سمندر C . جزیرہ


5. " بحر اعظموں کو اکثر سیارے کے پھیپھڑے اور آب وہوا کو قابو میں رکھنے والا کہا جاتا ہے۔" اس بیان کا تجزیہ کریں کہ سمندر زمین کے پانی کے چکر اور انسانی زندگی میں کیا کردار ادا کرتے ہیں۔ اور یہ بھی واضح کریں کہ سمندروں کی حفاظت انسانیت کے مستقبل کے لیے کیوں ضروری ہے۔

6 . ایک مختصر آگاہی پیغام لکھیں جو ساحلی علاقوں کے لوگوں کو یہ بتائے کہ سونامی کیا ہے اور اس سے محفوظ کیسے رہا جا سکتا ہے۔

7. آیئے یہ کیجیے - نیچے دیے گئے دنیا کے نقشے میں تمام براعظموں اور سمندروں کے نام لکھیں۔



8 .اس کراس ورڈ(معمہ) کو انگریزی الفاظ کی مدد سے حل کریں۔



بائیں سے دائیں

1 . بحر اعظموں سے بہت زیادہ پیداوار

3 .زمین کا بڑا وسیع حصہ

6. وہ بڑا بحر اعظم جس کا ہندوستان حصہ ہے

8 بحر اعظموں کی آلودگی کا ایک بڑا ذریعہ

10 . سرد ترین بر اعظم

اوپر سے نیچے

2 .زمین کا سب سے بڑا جزیرہ

4. بحر اعظم سے آنے والی ایک بہت بڑی تباہ کن لہر

5 .سب سے چھوٹا بر اعظم

7 .زمین پر پانی کا سب سے بڑا ذخیرہ

9 .زمین کا وہ حصہ جو سمندر یا بحر سے گھرا ہوا ہو لیکن بر اعظم نہ ہو

9. آیئے بنائیں— باب میں دیے گئے نقشوں کو دیکھے بغیر ایک کاغذ پر بر اعظموں کی تصویر بنائیں اور انہیں رنگ کریں۔ بعد میں اپنے بنائے ہوئے نقشے کا موازنہ باب میں دیے گئے بحر اعظموں اور بر اعظموں کے نقشے سے کریں۔

APSCERT

3 تاریخ کی وقوعی ترتیب اور ماخذ

G4B1C8

اکتسابی نتائج

طلبہ درج ذیل کام کو کرنے کے قابل ہو جائیں گے۔

- تاریخ کیا ہے؟ ماضی کو پڑھنے کی اہمیت اور تاریخی ذرائع کی اہمیت بیان کر سکیں گے۔(CG-1)
- (عام دور سے پہلے)BCE / BC اور (عام دور)CE / AD میں فرق بتائیں اور سمجھائیں گے کہ تاریخ کی وقوعی ترتیب (ٹائم لائن) میں ان کا استعمال کیسے ہوتا ہے۔ (CG-1)
- سمجھائیں گے کہ آثارِ قدیمہ کے ذرائع، تاریخی واقعات کو جاننے اور سمجھنے میں کیسے مدد کرتے ہیں۔(CG-2)
- ابتدائی معاشروں میں ہونے والی تبدیلیوں کو بیان کریں گے اور بتائیں گے کہ یہ تبدیلیاں کیوں آئیں۔(CG-2)

تاریخ "حال اور ماضی کے درمیان ایک نہ ختم ہونے والا مکالمہ ہے... آج کے معاشرے اور کل کے معاشرے کے درمیان رابطہ ہے۔... ہم ماضی کی روشنی میں ہی حال کو پوری طرح سمجھ سکتے ہیں۔"

■ ای۔ ایچ۔ کار



قومی عجائب گھر نئی دہلی:

ایسے عجائب گھر ماضی سے متعلق اشیاء کو محفوظ رکھتے ہیں جیسے مجسمے، سکے اور زیورات۔ یہ تمام چیزیں ہمیں اپنی تاریخ کو جاننے اور سمجھنے میں مدد کرتی ہیں۔

اہم سوالات

1. ہم تاریخی زمانہ کی پیمائش کس طرح کرتے ہیں؟
2. مختلف ذرائع ہمیں تاریخ کو سمجھنے میں کیسے مدد کرتے ہیں؟
3. ابتدائی انسان کیسے زندگی گزارتے تھے؟


ہم ماضی کے متعلق کیسے سیکھتے ہیں؟

آیئے غور و فکر کریں

- آپ کو اپنی سب سے پرانی کون سی بات یاد ہے؟ کیا آپ کو یاد ہے کہ اُس وقت آپ کی عمر کتنی تھی؟ یہ تمام یادیں آپ کے ماضی کا حصہ ہیں، جو شاید پانچ یا چھ سال پہلے کی ہوں۔
- آپ کے خیال میں ماضی کو سمجھنے سے ہمیں موجودہ دنیا کو سمجھنے میں کیسے مدد ملتی ہے؟

آپ کو سائنس کی جماعت میں معلوم ہو گا کہ زمین کی تاریخ بہت طویل ہے، جس میں ہم انسانوں کی تاریخ جدید ترین اور ایک مختصر حصہ ہے۔

تاریخ: انسانی ماضی کا مطالعہ۔



بہت سے لوگ زمین کی تاریخ کا مطالعہ کرتے ہیں۔ ان میں کچھ لوگ ایسے تربیت یافتہ ہوتے ہیں جو زمین کی سطح کے نیچے چھپے رازوں کو دریافت کرتے ہیں اور ہمیں زمین کے ماضی کے ساتھ ساتھ ہمارے ماضی کے بارے میں بھی جاننے میں مدد دیتے ہیں۔



شکل 3.2.1
ماہرینِ ارضیات



شکل 3.2.2
ماہرینِ حیاتیات



شکل 3.2.3
ماہرینِ بشریات



شکل 3.2.4
ماہرینِ آثارِ قدیمہ

ان چار تصویروں کو غور سے دیکھیں اور ان میں کی جانے والی سرگرمیوں کو سمجھیں۔ اوپر دائیں طرف سے:

- **ماہرینِ ارضیات (شکل 3.2.1)** زمین کی طبعی خصوصیات کا مطالعہ کرتے ہیں، جیسے مٹی، پتھر، پہاڑ، دریا، سمندر، اور زمین کے دوسرے حصے۔
- **ماہرینِ حیاتیات (شکل 3.2.2)** لاکھوں سال پرانے پودوں، جانوروں اور انسانوں کی باقیات کا مطالعہ کرتے ہیں جو رکازیات آثار (فوسلز) کی شکل میں ملتی ہیں۔
- **ماہرینِ بشریات (شکل 3.2.3)** زمانہ قدیم سے لے کر موجودہ زمانے تک انسانی معاشروں اور ثقافتوں کا مطالعہ کرتے ہیں۔
- **ماہرینِ آثارِ قدیمہ (شکل 3.2.4)** ماضی کا مطالعہ کھدائی کر کے کرتے ہیں اور ان باقیات کی تلاش کرتے ہیں جو لوگ، پودے اور جانور پیچھے چھوڑ گئے ہوں، جیسے اوزار، برتن، موتی، مجسمے، کھلونے، جانوروں اور انسانوں کی ہڈیاں اور دانت، جلی ہوئی فصلیں، گھروں کے حصے یا اینٹیں وغیرہ۔

رکازیات: پودوں یا جانوروں کے قدموں کے نشان، یا ان کے حصے جو مٹی یا چٹانوں کی تہوں کے اندر محفوظ حالت میں ملتے ہیں

دور: وقت کا کوئی مخصوص عرصہ۔

تاریخ میں وقت کا تعین کیسے کیا جاتا ہے؟

ہر معاشرہ اور ثقافت کے پاس وقت کے تعین کے اپنے طریقے ہوتے ہیں۔ اہم واقعات، جیسے کسی اہم شخص کی پیدائش یا کسی حکمران کی حکومت کا آغاز اکثر ایک نئے دور کے آغاز کی نشاندہی کرتے ہیں۔ فی الحال دنیا بھر میں عام طور پر گریگورین کیلنڈر استعمال کیا جاتا ہے۔

اسی کے ساتھ ہندو، مسلم، یہودی، چینی اور دوسرے کیلنڈر بھی تہواروں اور دیگر مبارک مواقع کی تاریخیں معلوم کرنے کے لیے استعمال کیے جاتے ہیں۔ مغرب میں گریگورین کیلنڈر استعمال کیا جاتا ہے۔

مغرب میں حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی پیدائش کے سال کو عام طور پر اس کیلنڈر کی ابتدا مانا جاتا ہے۔ اسی نقطے سے آگے کے سالوں کو شمار کیا جاتا ہے اور پہلے انہیں "AD" (ایک لاطینی جملے کا مخفف جو حضرت عیسیٰ کی پیدائش کے بعد کے سالوں کے لیے استعمال ہوتا ہے) سے ظاہر کیا جاتا تھا۔ تاہم اب دنیا بھر میں اسی کو عام دور "Common Era" یا "CE" کہا جاتا ہے۔ مثال کے طور پر 1947، جب ہندوستان نے آزادی حاصل کی (1947 AD یا CE1947) اردو میں "1947 عیسوی" لکھا جا سکتا ہے۔

اسی طرح حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی پیدائش کے روایتی سال سے پہلے کے سال الٹے شمار کیے جاتے ہیں اور پہلے انہیں "BC" (Before Christ) یعنی "مسیح سے پہلے" سے ظاہر کیا جاتا تھا۔ اب انہیں قبل عام دور "Before Common Era" یا "BCE" کہا جاتا ہے۔ مثال کے طور پر 560 BCE گوتم بدھ کی پیدائش کا ایک اندازاً سال ہے۔

گریگورین کیلنڈر: یہ وہ کیلنڈر ہے جو آج کل پوری دنیا میں استعمال کیا جاتا ہے۔ اس میں 12 مہینے ہوتے ہیں جو مل کر 365 دن بنتے ہیں، اور ہر چار سال بعد ایک سال کبیسہ آتا ہے۔ لیکن صدی والے سال، مثلاً 1800، 1900، 2000 صرف اس وقت لیپ سال ہوتے ہیں جب وہ 400 کے مضارب ہوں۔ اس لیے ان تین صدی والے سالوں میں صرف 2000 سال کبیسہ ہے۔




شکل 3.4: 300,000 قبل عام دور سے لے موجودہ دور تک کے کچھ اہم واقعات کی وقوعی ترتیب (ٹائم لائن۔)

مبارک: خوش قسمت یا فائدہ دینے والا؛ مثلاً "ایک مبارک آغاز"۔

(جس شخص سے ہم باب 5 میں ملیں گے) کیا آپ حساب لگا سکتے ہیں کہ وہ کتنے سال پہلے تھا؟


آیئے معلوم کریں

- ایسی گنتیاں آسان ہیں، لیکن اس میں ایک بات کا خیال رکھنا ضروری ہے۔ گریگورین کیلنڈر میں "سال صفر (year zero)" نہیں ہوتا۔ سال 1 CE کے فوراً بعد سال 1 BCE آتا ہے۔ اگر آپ 2 BCE سے 2 CE تک ہر سال کی ایک سادہ وقوعی ترتیب بنائیں تو آپ دیکھیں گے کہ "سال صفر" نہ ہونے کی وجہ سے ان دو تاریخوں کے درمیان صرف 3 سال گزرے ہیں۔
- اس لیے ق۔ع۔د (BCE) اور ع۔د (CE) کے درمیان سالوں کا حساب لگانے کے لیے آپ دونوں کو جمع کریں لیکن 1 کم کریں یعنی تفریق کریں — مثال کے طور پر: 3=1-2+2
- اپنے ہم جماعتوں کے ساتھ کچھ مثالیں حل کریں۔ مثال کے طور پر بدھ کے سوال پر واپس جائیں: فرض کریں ہم اس وقت 2026 عیسوی (CE) میں ہیں تو بدھ کی پیدائش تقریباً 2585=1-2026+560 سال پہلے ہوئی تھی۔



شکل 3.3: 300,000 ق۔ع۔ دقبل از عام دور سے لے کر اب تک کے کچھ اہم واقعات کی وقوعی ترتیب (ٹائم لائن۔)

وقوعی ترتیب (شکل 3.3، صفحہ 79) ایسے واقعات کو نشان دہی کرنے کا ایک آسان ذریعہ ہے، کیونکہ یہ کسی خاص دور کے مختلف تاریخوں اور واقعات کو سلسلے وار ظاہر کرتی ہے۔ یہ انسانی تہذب کے آغاز سے لے کر آج تک پھیلی ہوتی ہے، جس میں چند اہم سنگِ میل شامل ہوتے ہیں۔ نوٹ کریں کہ نقطوں والی لائن یہ بتاتی ہے کہ کچھ حصہ درمیان سے چھوڑ دیا گیا ہے۔ اگر وہ حصہ بھی شامل کیا جاتا تو یہ وقوعی ترتیب (ٹائم لائن) بہت لمبی ہو کر تقریباً 3 میٹر تک ہو جاتی۔



ایک وقوعی ترتیب (ٹائم لائن) تاریخی واقعات کو ترتیب سے سمجھنے میں مدد دیتی ہے۔ مثال کے طور پر، تاریخ دیکھے بغیر بھی آپ اب سمجھ سکتے ہیں کہ گوتم بدھ کی پیدائش حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی پیدائش سے پہلے ہوئی تھی۔



اسے یاد رکھیں



سال اور دہائی (دس سال کا عرصہ) کے ساتھ ساتھ، ہم لمبے عرصے کو سمجھنے کے لیے مزید کچھ اصطلاحات بھی استعمال کرتے ہیں۔ ان میں سے دو اصطلاحات تاریخ سمجھنے کے لیے بہت عام ہیں۔

1 **صدی (Century):** یہ 100 سال کا کوئی بھی عرصہ ہوتا ہے۔ تاریخ میں خاص صدیاں، عام دور کے 1 سال (CE year 1) سے شروع ہو کر ہر 100 سال کے بعد شمار کی جاتی ہیں۔ مثال کے طور پر ہم اس وقت 21ویں صدی عیسوی (CE) میں رہ رہے ہیں۔ یہ صدی سال 2001 سے شروع ہو کر 2100 تک چلے گی۔

قبل عام دور (BCE) کی صدیاں سال 1 BCE سے شروع ہو کر الٹی سمت میں گنی جاتی ہیں، یعنی وقت پیچھے کی طرف جاتا ہے۔ مثال کے طور پر تیسری صدی قبل عام دور میں 300 ق۔ع۔د سے لے کر 201 ق۔ع۔د تک کے سال شامل ہوتے ہیں۔

2. ہزاریہ :(Millennium) یہ 1000 سال کا عرصہ ہوتا ہے۔ تاریخ میں ہزاریے سال 1 صدی عیسوی سے شروع ہو کر ہر 1000 سال بعد کو شمار کیے جاتے ہیں۔ مثال کے طور پر ہم اس وقت تیسرے ہزاریہ میں ہیں، جو سال 2001 سے شروع ہو کر 3000 تک چلتا ہے۔
اسی طرح (ق۔ع۔د) میں بھی ہزاریے سال (1 ق۔ع۔د) سے شروع ہو کر الٹی سمت میں گنے جاتے ہیں۔ اس لیے پہلے ہزاریہ سال میں سال (1 ق۔ع۔د) سے (1000 ق۔ع۔د) تک کے سال شامل ہوتے ہیں ۔ صفحہ 97 (شکل 3.3) پر دی گئی وقوعی ترتیب میں آپ آٹھویں صدی قبل مسیح کے آغاز کو نشاندہی کر سکتے ہیں۔
(نوٹ: انگریزی میں (millennium) کی جمع ("millenniums" یا "millennia") دونوں درست ہیں۔)

آیئے معلوم کریں

1900 عیسوی سے لے کر آج تک ایک وقوعی ترتیب (ٹائم لائن) بنائیں۔ اس میں اپنے دادا / دادی، نانا / نانی، والدین، خود کی اور بہن / بھائی کی پیدائش کے سال لکھیں۔ ساتھ ہی 20 ویں صدی عیسوی کے آغاز اور اختتام کے سال بھی نشاندہی کیجیے۔

اسے یاد رکھیں

کیا آپ جانتے ہیں کہ ہندوستان میں روایتی طور پر کیلنڈر کیسے بنائے جاتے ہیں؟
ہندوستان کے بہت سے کیلنڈر سال کے مہینوں کا تعین سورج اور چاند کی گردش اور ان کی حالات کی بنیاد پر کرتے ہیں۔
پنچانگ (Panchanga) ایک ایسی کتاب ہوتی ہے جس میں ہر مہینے کے دنوں کی فہرست اور فلکیاتی معلومات درج ہوتی ہیں۔ اس میں سورج اور چاند گرہن جیسے واقعات، سورج کے طلوع و غروب کے اوقات وغیرہ پہلے سے بتا دیے جاتے ہیں۔
پنچانگ آج بھی ہندوستان میں بڑے پیمانے پر استعمال ہوتا ہے۔ اس میں اکثر سال بھر کی موسمی پیش گوئی، تہواروں کی تاریخیں اور ان کے اوقات وغیرہ بھی شامل ہوتے ہیں۔

تاریخ کے مآخذ / ذرائع کیا ہیں؟

تاریخ کا ماخذ:
کوئی جگہ، شخص، تحریر یا کوئی چیز جس سے ہم ماضی کے کسی واقعے یا دور کے بارے میں معلومات حاصل کرتے ہیں۔

آیئے معلوم کریں

کیا آپ اپنے خاندان، (والدہ اور والد) کی کم از کم تین نسلوں کے بارے میں معلومات جمع کر سکتے ہیں؟
اپنے والدین، دادا دادی اور پر دادا پر دادی پر مشتمل ایک خاندانی شجرہ بنائیں۔ ان کے نام، ان کے پیشے اور ان کی پیدائش کی جگہ معلوم کریں۔ یہ بھی لکھیں کہ آپ نے یہ معلومات کن ذرائع سے حاصل کیں۔

رشتہ	نام	پیشہ	پیدائش کا مقام	معلومات کا ماخذ (ذریعہ)
دادا، دادی				
نانا، نانی				
پردادا، پردادی				
پرنانا، پرنانی				

آپ نے اپنے خاندان کے ماضی کے متعلق معلومات کیسے حاصل کیں؟ کیا آپ نے تصاویر، روزنامچے، شناختی کارڈز یا اپنے والدین اور رشتہ داروں کی یادداشتوں پر انحصار کیا؟




آیئے غور و فکر کریں



کیا آپ نے کبھی اپنے گھر میں یا اس کے اطراف پرانے سکے، کتابیں، کپڑے، زیورات یا برتن دیکھے ہیں؟ ان چیزوں سے ہم کس قسم کی معلومات حاصل کر سکتے ہیں؟ یا پرانے گھروں یا عمارتوں سے کیا معلومات حاصل ہوتے ہیں؟

ہر شئے یا ڈھانچہ ایک کہانی بیان کرتا ہے اور یہ ایک جگسا پہیلی کے ٹکڑے کی طرح ہوتا ہے۔ آپ کے گھر کے آس پاس موجود چیزیں آپ کے خاندان کی تاریخ کے بارے میں کچھ نہ کچھ بتاتی ہیں۔ اسی طرح ہم مختلف ذرائع کی مدد سے تاریخی واقعات کو جوڑ سکتے ہیں۔ لیکن یاد رکھیں کہ تاریخ کے معاملے میں پہیلی کے کئی ٹکڑے اکثر غائب بھی ہو سکتے ہیں!

اگلے صفحے میں دی گئی شکل کو غور سے دیکھیں۔ اس میں تاریخ کے اہم ذرائع کو ایک ساتھ دکھایا گیا ہے۔ آپ کو ابھی ان سب کو یاد رکھنے کی ضرورت نہیں ہے؛ ہم آگے چل کر ان میں سے کچھ کا استعمال کریں گے۔



جب مؤرخ، مثال کے طور پر، 1500 سال پہلے کے کسی بادشاہ یا ملکہ، کسی قدیم عمارت، جنگ یا تجارت کی کچھ چیزوں کا مطالعہ کرتے ہیں، تو وہ زیادہ سے زیادہ ماخذ سے معلومات جمع کرتے ہیں۔ کبھی مختلف ماخذ ایک جیسی معلومات دیتے ہیں (یعنی پہیلی کے ٹکڑے آپس میں مل جاتے ہیں)، اور کبھی ماخذ مختلف معلومات دیتے ہیں (یعنی پہیلی کے ٹکڑے نہیں ملتے)۔ ایسی صورت میں مؤرخ فیصلہ کرتے ہیں کہ کس ماخذ پر زیادہ بھروسہ کیا جائے۔ اسی طرح وہ اس دور کی تاریخ کو دوبارہ سمجھنے کی کوشش کرتے ہیں جس کا وہ مطالعہ کر رہے ہوتے ہیں۔

مؤرخ:
وہ شخص جو ماضی کا مطالعہ کرتا ہے اور اس کے بارے میں لکھتا ہے۔

تاریخ کے ان تمام مآخذات میں کون تعاون کرتا ہے؟ مؤرخین خود، لیکن اس کے علاوہ آثارِ قدیمہ کے ماہر، کتبوں کے ماہر (جو قدیم نوشتہ جات یعنی پتھروں پر لکھی تحریروں کا مطالعہ کرتے ہیں)، ماہرِ بشریات (جو انسانی معاشروں اور ان کی ثقافتوں کا مطالعہ کرتے ہیں)، ادب اور زبانوں کے ماہرین اور دیگر لوگ بھی شامل ہیں۔ اس کے علاوہ، گذشتہ تقریباً 50 سالوں میں سائنسی مطالعے بھی ماضی کی دوبارہ تعمیر میں زیادہ سے زیادہ حصہ لے رہے ہیں۔

جینیات:
حیاتیات کی وہ شاخ جو یہ مطالعہ کرتی ہے کہ پودوں، جانوروں یا انسانوں میں کچھ خصوصیات اور صفات ایک نسل سے دوسری نسل تک کیسے منتقل ہوتی ہیں۔

مثال کے طور پر، قدیم آب و ہوا کے مطالعے، کھدائی میں ملی چیزوں کے کیمیائی مطالعے، اور قدیم لوگوں کی جینیات کے مطالعے نے نئی معلومات فراہم کی ہیں، جو عام مآخذ کے ساتھ مزید مددگار ثابت ہوتی ہیں۔ اور جب مؤرخ حالیہ تاریخ کا مطالعہ کرتے ہیں (جس سے مراد عام طور پر پچھلی دو یا تین صدیاں ہوتی ہیں) تو اخبارات بھی ایک اہم ذریعہ ہوتے ہیں۔ گزشتہ چند دہائیوں سے الیکٹرانک میڈیا (جیسے ٹیلی ویژن، انٹرنیٹ وغیرہ) سے بھی معلومات حاصل کی جاتی ہیں۔

آیئے معلوم کریں

اس صفحہ پر تاریخ کے مختلف مآخذ کی چند تصویریں دی گئی ہیں۔ آپ کے خیال میں یہ چیزیں کس کو اور کیا دکھاتی ہیں؟ ان تصویروں کے ساتھ دیے گئے خانوں میں وہ معلومات لکھیں جو آپ کو ان چیزوں سے حاصل ہوتی ہیں۔

1



2




3



© NCERT

انسانی تاریخ کا آغاز

جدید انسان (ہوموسیپینس) تقریباً 300,000 (تین لاکھ) سال سے زمین پر رہ رہے ہیں یہ ایک طویل مدت معلوم ہوتی ہے، لیکن زمین کی تاریخ کے مقابلے میں یہ صرف ایک بہت چھوٹا حصہ ہے۔ آیئے اپنی ابتدائی تاریخ پر ایک مختصر نظر ڈالتے ہیں۔



آیئے معلوم کریں

اوپر دی گئی تصویر میں چٹان کی پناہ گاہ میں ابتدائی انسانوں کی کچھ سرگرمیوں کو دیکھیں۔ آپ ان میں سے کن سرگرمیوں کو پہچان سکتے ہیں؟ ہر ایک کی مختصر وضاحت کریں۔

آخرت:
وہ زندگی جو موت کے بعد شروع ہوتی ہے۔

ابتدائی انسانوں کو فطرت کی طرف سے بہت سی مشکلات کا سامنا تھا، اس لیے وہ ایک دوسرے کی مدد کے لیے ٹولیوں یا گروہوں میں رہتے تھے۔ وہ ہمیشہ پناہ اور غذا کی تلاش میں رہتے تھے اور زیادہ تر شکار کرتے اور کھانے کے قابل پودے اور پھل جمع کرتے تھے۔ ہمارے ابتدائی آباؤ اجداد کے فطرت کے عناصر کے بارے میں کچھ عقائد تھے اور ممکن ہے کہ وہ آخرت (موت کے بعد زندگی) کے بارے میں بھی کچھ تصور رکھتے ہوں۔

یہ گروہ عارضی کیمپوں، چٹانی پناہ گاہوں یا غاروں میں رہتے تھے اور ایک دوسرے سے ایسی زبانوں میں بات کرتے تھے جو اب ختم ہو چکی ہیں۔ وہ آگ کا استعمال کرتے تھے اور ایسی چیزیں بنانا شروع کر دی تھیں جن سے ان کی زندگی آسان ہو گئی، جیسے بہتر پتھریلی کلہاڑیاں، بلیڈ، تیر کے نوکدار حصے اور دوسرے اوزار۔ ان کی زندگی کے کچھ پہلو دنیا بھر کی سینکڑوں غاروں میں ملنے والی چٹانی تصویروں میں نظر آتے ہیں۔ کچھ تصویروں میں سادہ شکلیں یا چند نشان دکھائے گئے ہیں، جبکہ کچھ زیادہ تفصیل والی ہیں جن میں جانوروں یا انسانوں کے مناظر بنائے گئے ہیں۔ وقت کے ساتھ ساتھ ان ابتدائی انسانوں نے پتھر یا سیپی کے موتیوں، جانوروں کے دانتوں سے بنے لاکٹ جیسے سادہ زیورات بنانا سیکھ لیا، اور کبھی کبھی انہیں دوسرے گروہوں کے ساتھ تبدیل بھی کرتے تھے۔

ابتدائی فصلیں

بہت طویل عرصوں میں زمین کے آب وہوا میں کئی تبدیلیاں آئیں۔ کچھ زمانے میں یہ بہت زیادہ ٹھنڈی تھی اور زمین کا بڑا حصہ برف سے ڈھکا ہوتا تھا۔ اسے "برفانی دور (Ice Age)" کہا جاتا ہے، جس کے بارے میں آپ سائنس میں مزید تفصیل سے پڑھیں گے۔ بعد میں جب آب وہوا گرم ہوئی تو یہ برف جزوی طور پر پگھل گئی۔ اس سے بننے والا پانی دریاؤں میں شامل ہو گیا اور آخرکار سمندروں میں جا ملا۔ آخری برفانی دور تقریباً 100,000 (ایک لاکھ) سال پہلے شروع ہوا تھا اور تقریباً 12,000 سال پہلے ختم ہوا۔

اس کے بعد انسانوں کے رہنے کے حالات بہتر ہو گئے۔ دنیا کے بہت سے حصوں میں لوگوں نے ایک جگہ رہنا شروع کیا اور اناج اور فصلیں اگانے لگے۔ انہوں نے گائے، بکری وغیرہ جیسے جانور بھی پالنے شروع کیے۔ زیادہ غذا دستیاب ہونے کی وجہ سے یہ آبادیاں تعداد اور سائز میں بڑھنے لگیں اور اکثر دریاؤں کے قریب بس گئیں۔ اس کی وجہ صرف پانی کی دستیابی نہیں تھی بلکہ وہاں کی مٹی زیادہ زرخیز بھی ہوتی تھی، جس سے فصلیں اگانا آسان ہو جاتا تھا۔

آیئے معلوم کریں

"اگلے صفحے پر دی گئی تصویر کو غور سے دیکھیں۔ یہ چند ہزار سال پہلے کی ایک زرعی آبادی کو دکھاتی ہے۔ ان اہم سرگرمیوں کی فہرست بنائیں جنہیں آپ پہچان سکتے ہیں۔"



آیئے غور و فکر کریں

- چٹانی پناہ گاہ والی پہلے کی تصویر اور اس تصویر دونوں میں مردوں اور عورتوں کو کچھ خاص کردار دیے گئے ہیں۔ اگرچہ یہ کردار 'قدرتی' لگ سکتے ہیں لیکن ضروری نہیں کہ وہ ہمیشہ درست ہوں یا ہر حالت پر لاگو ہوتے ہوں۔ مثال کے طور پر، چٹانی پناہ گاہ میں عورتوں نے چٹان پر تصویریں بنانے کے لیے رنگ تیار کرنے یا خود کچھ تصویریں بنانے میں مدد کی ہو سکتی ہے۔ اسی طرح دونوں مناظر میں مردوں نے کھانا پکانے یا بچوں کی دیکھ بھال کرنے میں مدد کی ہو گی۔
- یہ بات ذہن میں رکھتے ہوئے کہ ہمارے پاس محدود معلومات ہیں، ایسے کرداروں اور حالات کے بارے میں سوچیں اور کمرہ جماعت میں گفتگو کریں۔

فلاح و بہبودی:
صحت، خوشحالی اور بھلائی۔

جیسے جیسے آبادیاں بڑھتی گئیں، ویسے ویسے ان کا سماجی نظام بھی زیادہ پیچیدہ ہوتا گیا۔ رہنما اور قبیلے کے سردار، لوگوں کی بھلائی کے ذمہ دار ہوتے تھے، اور سب لوگ مل کر برادری یا معاشرہ کی بہتری کے لیے کام کرتے تھے۔ مثال کے طور پر، ذاتی ملکیت کا تصور نہیں تھا؛ زمینیں سب مل کر بوتے اور فصلیں بھی مل کر کاٹتے تھے۔

وقت کے ساتھ ساتھ چھوٹی بستیاں بڑے دیہات میں تبدیل ہو گئیں، جہاں لوگ آپس میں چیزوں کا تبادلہ کرتے تھے۔ زیادہ تر غذا، کپڑے اور اوزار۔ آہستہ آہستہ ان دیہات کے درمیان رابطے اور لین دین کے نظام قائم ہوئے، اور ان میں سے کچھ بستیاں چھوٹے شہروں میں بدل گئیں۔

ہیملیٹ:
ایک چھوٹی آبادی
یا چھوٹا گاؤں

نئی ٹیکنالوجیاں بھی سامنے آئیں — مثلاً مٹی کے برتن بنانے کی ٹیکنالوجی، جس سے برتن اور مٹی کی دوسری چیزیں بنائی جاتی تھیں؛ اور دھاتوں کا استعمال (پہلے تانبہ، بعد میں لوہا)، جس سے مضبوط اوزار، روزمرہ استعمال کی چیزیں اور زیورات بنائے جانے لگے۔

ہم سمسٹر 2 کے باب 2 (ہندوستانی تہذیب کی شروعات) میں دیکھیں گے کہ اس مرحلے نے 'تہذیب' کے ابھرنے کی تیاری کیسے کی۔ ابھی کے لیے یہ یاد رکھنا ضروری ہے کہ انسانیت کی اس ابتدائی ترقی کو بہت سی مشکلات کا سامنا کرنا پڑا۔ کچھ اہم وقتوں میں انسانیت تقریباً ختم بھی ہو سکتی تھی، جیسے اس سے پہلے کی کچھ نسلیں ختم ہو گئی تھیں۔ ہم ان ابتدائی انسانوں کو کبھی نہیں جان پائیں گے جن کی بہادری اور محنت کی وجہ سے آج انسان زندہ ہیں۔



آگے بڑھنے سے پہلے ہم ...

- ہم نے اپنے ماضی کے بارے میں جاننے کے کچھ طریقوں کو سمجھا۔ وقوعی ترتیب (ٹائم لائن) کا تصور ہمیں مختلف اوقات میں ہونے والے تاریخی واقعات کی ترتیب سمجھنے میں مدد دیتا ہے۔
- وقت کی پیمائش کے مختلف طریقے ہیں: سال، دہائی، صدی اور ہزاریہ۔
- تاریخ کے بہت مآخذ سے ہوتے ہیں؛ یہ ہمیں تاریخی واقعات کو دوبارہ سمجھنے اور ان کی وضاحت کرنے میں مدد دیتے ہیں۔
- ہم نے ابتدائی انسانوں کی زندگی اور یہ بھی مختصراً دیکھا کہ وقت کے ساتھ انسانی معاشرے کیسے زیادہ پیچیدہ ہوتے گئے۔

سوالات، سرگرمیاں اور منصوبے

1. زبان کی تحریر وجود میں آنے سے پہلے ابتدائی انسان ایک دوسرے سے کیسے بات چیت کرتے تھے؟

2. کیا ہم مؤرخوں کا موازنہ جاسوسوں سے کر سکتے ہیں؟ اپنے جواب کی وجہ بتائیں۔

3. تاریخوں سے متعلق چند مشقیں :

(i) ان تاریخوں کو وقوعی ترتیب (ٹائم لائن) پر ترتیب سے لگائیں: 323 ع۔د، 323 ق۔ع۔د، 100 ع۔د، 100 ق۔ع۔د، 1900 ق۔ع۔د، 1090 ع۔د، 2024 ع۔د۔

(ii) اگر بادشاہ چندر گپت 320ء (CE) میں پیدا ہوئے تھے، تو وہ کس صدی سے تعلق رکھتے تھے؟ اور یہ بدھ کی پیدائش کے کتنے سال بعد تھا؟

(iii) رانی جھانسی 1828 (CE) میں پیدا ہوئیں۔ وہ کس صدی سے تعلق رکھتی تھیں؟ یہ ہندوستان کی آزادی سے کتنے سال پہلے تھا؟

(iv) "12,000 سال قبل" کو ایک تاریخ میں تبدیل کریں۔

4. اپنے اسکول میں کسی ماہرِ آثارِ قدیمہ یا مؤرخ کو دعوت دیں اور ان سے اپنے علاقے کی تاریخ اور اسے جاننے کی اہمیت کے بارے بتانے کو کہیں۔

5. ایک پروجیکٹ کے طور پر، اپنے خاندان بارے میں یا اگر آپ گاؤں میں رہتے ہیں تو اپنے گاؤں کی تاریخ لکھیں۔ اس کے لیے تاریخ کے دستیاب مآخذ استعمال کریں۔ اپنے استاد سے رہنمائی لیں۔

6. کسی قریبی عجائب گھر (میوزیم) کے دورے کا منصوبہ بنائیں۔ دورے سے پہلے اس بات کے بارے میں کچھ تحقیق کریں کہ وہاں کس قسم کی چیزیں رکھی گئی ہیں۔ دورے کے دوران نوٹس بنائیں۔ بعد میں ایک مختصر رپورٹ لکھیں اور بتائیں کہ دورے اور وہاں موجود چیزوں میں کیا چیز غیر متوقع دلچسپ / تفریح تھی۔

میوزیم میں موجود چیزوں کی اقسام لکھیں۔



a a a

باب
4

انڈیا جو بھارت ہے

J3G817

اکتسابی نتائج

طلبہ درج ذیل کام کو کرنے کے قابل ہو جائیں گے۔

- قدیم تحریروں میں ذکر کیے گئے مقامات اور وہاں کے باشندوں کے ناموں کی پہچان کریں گے۔(CG-1)
- وضاحت کریں گے کہ غیر ملکی سیاحوں اور حملہ آوروں نے اس ملک کو کیا نام دیے۔(CG-1)
- ہندوستان اور جمبو دویپ ناموں کی تاریخ کو سمجھیں گے۔(CG-1)
- جانیں گے کہ تاریخ کے دوران ہندوستان کے کئی نام رہے ہیں، جیسے سندھ، ہندوستان، بھارت اور جمبو دویپ۔ (CG-1)

"ہندوستان میں بہت ابتدائی زمانے ہی میں روحانی اور ثقافتی اتحاد مکمل ہو گیا تھا، اور یہی اتحاد ہمالیہ اور دو سمندروں کے درمیان رہنے والی اس عظیم انسانی آبادی کی زندگی کا اہم حصہ بن گیا تھا۔"


- سری اربندو



شکل 2300:4.1 سال پہلے کے دیہی ہندوستان کا ایک منظر
(عظیم سانچی اسٹوپا شمالی دروازہ)

اہم سوالات

1. ہم بھارت کو کیسے واضح کرتے ہیں؟
2. بھارت کا قدیم نام کیا تھا؟



شکل 4.2: برصغیرِ ہند کا ایک طبعی نقشہ، جس میں اس کے کچھ دریا دکھائے گئے ہیں۔

آج کا بھارت ایک جدید ملک ہے جس کی واضح سرحدیں، مقرر کیے ہوئے صوبے اور ایک معلوم آبادی ہے حالانکہ یہ 500 سال پہلے 2000 سال پہلے یا اس سے بھی 5000 سال پہلے بہت مختلف تھا۔ دنیا کا یہ خطہ جسے ہم اکثر برصغیر ہند کہتے ہیں بہت سے مختلف ناموں اور بدلتی ہوئی سرحدوں کا حامل ہے۔ ہم بھارت کے ماضی اور ارتقا کے بارے میں بہت سے مختلف ذرائع سے جان سکتے ہیں۔


آیئے غور و فکر کریں

باب کے آغاز میں دیے گئے برصغیرِ ہند کے طبعی نقشے پر غور کیجیے۔ اس کی فطری سرحدیں کون سی ہیں جو آپ سمجھ سکتے ہیں۔

تاریخ میں ہندوستان کو بہت ناموں سے پکارا جاتا تھا جنھیں ملک کے **باشندے** اور باہر سے آنے والے سیاح دونوں ہی بولتے تھے۔ یہ نام ہمیں قدیم تحریروں سے، سیاحوں اور زائرین کے دستاویزوں سے اور پتھروں پر کندہ کی ہوئی عبارتوں سے حاصل ہوئے ہیں۔

ہندوستانیوں نے بھارت کا نام کیسے رکھا؟

رگ وید ہندوستان کی سب سے قدیم کتاب ہے۔ جیسا کہ ہم باب 5 (ہندوستان کی ثقافتی جڑیں) میں دیکھیں گے، یہ کئی ہزار سال پرانی ہے۔ اس میں برصغیر کے شمال مغربی خطے کو "سپت سندھوا" کہا گیا ہے، جس کا مطلب ہے 'سات دریاؤں کی سرزمین'۔ لفظ 'سندھوا'، 'سندھو' سے نکلا ہے، جو دریائے سندھ یا بعض اوقات عمومی طور پر کوئی ایک دریا کے لیے استعمال ہوتا ہے۔



شکل 4.3: برصغیرِ ہند کا شمال مغربی خطہ

باشندے (Inhabitants)
وہ لوگ جو کسی خاص جگہ میں رہتے ہیں۔

وقت گزرنے کے ساتھ ہی ہمیں ادب میں ہندوستان کے دیگر علاقوں کے نام بھی ملنے لگتے ہیں۔ مہابھارت ہندوستان کی سب سے مشہور کتابوں میں سے ایک ہے (ہم اس کے بارے میں 'ہمارا ثقافتی ورثہ اور علمی روایات' کے موضوع میں پڑھیں گے)۔ دلچسپ بات یہ ہے کہ اس میں بہت سے خطوں کی فہرست دی گئی ہے، جیسے کشمیرا (تقریباً آج کا کشمیر)، کورو کشیترا (آج کے ہریانہ کے کچھ حصے)، ونگا (بنگال کے کچھ حصے)، پراگجیوتش (تقریباً آج کا آسام) کچھّا (آج کا کچھ)، کیرالہ (تقریباً آج کا کیرالہ) وغیرہ۔

آیئے معلوم کریں


کیا آپ صفحہ 108 (شکل 4.4) نقشے میں دیے گئے خطوں کے کسی نام کو پہچانتے ہیں؟ اُن خطوں کی فہرست بنائیں جن کا نام آپ نے سنا ہے۔

لیکن پورے برصغیر ہند کے نام سے ہم کب واقف ہوئے؟ چونکہ قدیم ہندوستانی تحریروں کا صحیح زمانہ معلوم کرنا مشکل ہے، اس لیے اس سوال کا جواب دینا آسان نہیں۔ مہابھارت میں 'بھارت ورش' اور 'جمبو دویپ' کے الفاظ استعمال ہوئے ہیں، اور ماہرین عموماً اس بات سے اتفاق کرتے ہیں کہ یہ طویل نظم قبل مسیح (قبل عام دور) سے لکھی جانا شروع ہوئی تھی۔

پہلا لفظ 'بھارت ورش' واضح طور پر پورے برصغیر کے لیے استعمال ہوا ہے، اور اس نظم میں بہت سے دریاؤں اور لوگوں کے نام بھی شامل ہیں۔ 'بھارت ورش' کا مطلب ہے 'بھارتیوں کا ملک'۔ 'بھرت' نام سب سے پہلے رگ وید میں ملتا ہے، جہاں یہ ویدک لوگوں کے ایک اہم گروہ کے لیے استعمال ہوا ہے۔ بعد کے ادب میں 'بھرت' نام کے کئی بادشاہوں کا بھی ذکر ملتا ہے۔

دوسری اصطلاح 'جمبو دویپ' ہے جس کا مطلب ہے 'جامن کے درخت کے پھل کا جزیرہ'، یہ حقیقت میں بھارت کا ایک عام درخت ہے جو ہندوستان میں پایا جاتا ہے، اور اسے 'جامن کا درخت'، 'جمبول درخت' یا 'ملابار پلم درخت' بھی کہا جاتا ہے۔ 'جمبو دویپ' بعد میں برصغیرِ ہند کے معنی میں استعمال ہونے لگا۔

درحقیقت، اس سلسلے میں ہمیں ایک ہندوستانی شہنشاہ کے پاس ایک اہم اشارہ ملتا ہے — ان کا نام اشوک ہے، اور ہم ان کے بارے میں آگے پڑھیں گے۔ ابھی کے لیے ہم ان کا زمانہ تقریباً 250 قبل مسیح مان سکتے ہیں۔ جیسا کہ ہم دیکھتے ہیں کہ، انہوں نے بہت سے کتبے چھوڑے ہیں۔ ان میں سے ایک میں انہوں نے پورے ہندوستان کے لیے یہی نام 'جمبو دویپ' استعمال کیا، جس میں اُس وقت آج کا بنگلہ دیش، پاکستان اور افغانستان کے کچھ حصے بھی شامل تھے۔



شکل 4.4: مہابھارت کی فہرست میں دیے گئے چند علاقوں کا نقشہ۔ (ان میں سے بہت سے علاقوں کا ذکر کتاب میں ریاستوں کے طور پر بھی کیا گیا ہے۔) آپ کو ان علاقوں کے نام یاد رکھنے کی ضرورت نہیں، لیکن غور کریں کہ یہ برصغیرِ ہند کے تقریباً پورے جغرافیہ پر پھیلے ہوئے ہیں۔

کچھ صدیوں بعد 'بھارت' نام عام طور سے برصغیر ہند کے لیے استعمال ہونے لگا۔ مثال کے طور پر ایک قدیم کتاب جسے 'وشنو پران' کہتے ہیں اس میں ہم پڑھتے ہیں۔

اُتّرم یت سمُدرسیہ ہِمادرَیشچیَوا
دکشنم، ورشَم تد بھارتم نما۔

"وہ ملک جو سمندر کے شمال میں اور برفیلی پہاڑوں کے جنوب میں واقع ہے بھارت کہلاتا ہے"

یہ نام 'بھارت' آج بھی استعمال میں ہے۔ شمالی ہندوستان میں اسے عام طور پر 'بھارت' لکھا جاتا ہے، جبکہ جنوبی ہندوستان میں اکثر اسے 'بھارتم' کہا جاتا ہے۔


آیئے غور و فکر کریں


کیا آپ نے 'برفیلے پہاڑوں' کی شناخت کی ہے؟ کیا آپ کے خیال میں بھارت کی یہ مختصر وضاحت درست ہے؟

یہ بات دلچسپ ہے کہ ملک کے مختلف حصوں میں ہندوستان کے لیے تقریباً ایک جیسی تعریف استعمال کی گئی۔ مثال کے طور پر، تقریباً 2000 سال پرانی قدیم تمل ادب کی ایک نظم میں ایک بادشاہ کی تعریف کی گئی ہے جس کا نام "جنوب میں [کیپ] کماری سے، شمال میں عظیم پہاڑ سے، اور مشرق و مغرب کے سمندروں تک" مشہور تھا۔ اب آپ 'شمال کے عظیم پہاڑ' کو پہچان سکتے ہیں، اور 'کیپ کماری' کو پہچاننا بھی مشکل نہیں ہونا چاہیے۔ ایسا لگتا ہے کہ قدیم ہندوستانیوں کو اپنے جغرافیہ کا اچھی طرح علم تھا!

اسے یاد رکھیں

ہندوستان کا آئین جو پہلی بار انگریزی میں لکھا گیا تھا جس کا آغاز اس عبارت سے ہوتا ہے۔"India, That is Bharat" (انڈیا جو کہ بھارت ہے) ۔ آئین کے ہندی ترجمے میں اسی کو 'بھارت ارتھات انڈیا'، (انڈیا جو کہ بھارت ہے) رکھا گیا ہے۔ یہ دونوں نام ایک ہی ہیں۔

آیئے معلوم کریں

شکل 4.5 (صفحہ 115) میں ہندوستان کے اصل آئین کے پہلے صفحے کی تصویر میں، کیا آپ عبارت "India, that is Bharat" (انڈیا جو کہ بھارت ہے) کے الفاظ پہچان سکتے ہیں؟

غیر ملکیوں نے ہندوستان کا نام کیسے رکھا؟

غیر ملکیوں میں سب سے پہلے قدیم فارس (موجودہ ایران) ایران کے باشندوں نے بھارت کا ذکر کیا تھا۔ وہ ایران کے قدیم باشندے تھے۔ چھٹی صدی قبل مسیح میں ایک فارسی بادشاہ نے فوجی مہم کی کاروائی کی اور دریائے سندھ کے علاقے پر قبضہ کر لیا، جسے ہم نے دیکھا کہ پہلے 'سندھو' کہا جاتا تھا۔ اسی لیے یہ حیرت کی بات نہیں کہ فارسیوں نے اپنی ابتدائی دستاویزوں اور پتھر کے کتبے میں ہندوستان کو 'ہند'، 'ہید' یا 'ہندو' کہا، جو ان کی زبان میں 'سندھو' کی بدلی ہوئی شکلیں تھیں۔ (یہ یاد رکھیں کہ قدیم فارسی میں 'ہندو' صرف ایک جغرافیائی لفظ تھا؛ یہاں اس کا تعلق ہندو مذہب سے نہیں ہے۔)

ان فارسی مآخذ کی بنیاد پر، قدیم یونانیوں نے اس خطے کو 'انڈوئی' یا 'انڈیکے' کہا۔ انہوں نے 'ہندو' کے شروع کا حرف 'ہ' ہٹا دیا، کیونکہ یہ حرف ان کی یونانی زبان میں موجود نہیں تھا۔

سِندھو ← ہندھو ← انڈوئی / انڈیکے

قدیم چینیوں کا بھی ہندوستان سے تعلق تھا۔ کئی تحریروں میں انہوں نے ہندوستان کو 'ین تو' یا 'ین دو' کہا۔ یہ لفظ بھی اصل میں 'سندھو' سے ہی اس طرح بنا۔ حسب ذیل طریقے سے:

سِندھو ← ہندھو ← اِندو ← یندو



حصہ 1

یونین اور اس کا علاقہ

یونین کا نام اور علاقہ

1. (1) انڈیا، یعنی بھارت، ریاستوں کی ایک یونین ہو گا۔

(2) ریاستیں اور ان کے علاقے وہ ہوں گے جو پہلی جدول کے حصہ اوّل، دوم اور سوم میں درج ہیں۔

(3) بھارت کا علاقہ درج ذیل پر مشتمل ہو گا:

(الف) ریاستوں کے علاقے؛

(ب) پہلی جدول کے حصہ چہارم میں درج علاقے؛ اور

(ج) وہ دیگر علاقے جو حاصل کیے جائیں۔

جدید ریاستوں کا داخلہ یا قیام

2. پارلیمنٹ قانون کے ذریعے نئی ریاستیں داخل کر سکتی ہے یا قائم کر سکتی ہے، اور اس سلسلے میں وہ ایسی شرائط و ضوابط مقرر کر سکتی ہے جنہیں وہ مناسب سمجھے

جدید ریاستوں کا بنانا اور موجودہ ریاستوں کے رقبوں یا سرحدوں یا نام میں ردوبدل۔

3. پارلیمنٹ قانون کے ذریعے:

(الف) کسی ریاست کے علاقے کو الگ کر کے، یا دو یا زیادہ ریاستوں یا ان کے حصوں کو ملا کر، یا کسی علاقے کو کسی ریاست کے حصے کے ساتھ ملا کر نئی ریاست بنا سکتی ہے؛

(ب) کسی ریاست کا رقبہ بڑھا سکتی ہے؛

(ج) کسی ریاست کا رقبہ گھٹا سکتی ہے؛

(د) کسی ریاست کی سرحدوں میں تبدیلی کر سکتی ہے؛

(ہ) کسی ریاست کا نام تبدیل کر سکتی ہے۔

بشرطیکہ اس مقصد کے لیے کوئی بل پارلیمنٹ کے کسی بھی ایوان میں صدرِ جمہوریہ کی سفارش کے بغیر پیش نہیں کیا جائے گا، اور اگر بل میں شامل تجویز کسی ریاست کو متاثر کرتی ہو تو اسے متعلقہ ریاست کی مقننہ کو اس کی رائے ظاہر کرنے کے لیے بھیجا جائے گا۔


समवर्ण

7

شکل 4.5: بھارت کے آئین کا پہلا صفحہ (ماخذ: بھارت کے اصل آئین کی دوبارہ اشاعت، وزارتِ ثقافت، حکومتِ ہند، 2000)

اسے یاد رکھیں

ژوان ژانگ (جسے پہلے ہیوئن سانگ، ہسوان سانگ وغیرہ کہتے تھے) ساتویں صدی (CE) میں چین سے ہندوستان آیا۔ اس نے ہندوستان کے کئی حصوں کا دورہ کیا، علماء سے ملاقات کی، بدھ مت کی کتابیں جمع کیں، اور 17 سال بعد چین واپس گیا۔ وہاں اس نے اپنے ساتھ لے جانے والے سنسکرت مخطوطات کا چینی زبان میں ترجمہ کیا۔ آئندہ صدیوں میں دیگر چینی علماء بھی ہندوستان کا دورہ کیا۔



دوسرا چینی لفظ، جو 'سندھو' سے ہی نکلا تھا، 'تیان ژو' تھا؛ لیکن اس لفظ کا مطلب 'جنت کا مالک' بھی سمجھا جا سکتا ہے۔ یہ اس بات کو ظاہر کرتا ہے کہ قدیم چینی ہندوستان کو بدھ کی سرزمین ہونے کی وجہ سے بہت احترام کرتے تھے۔

آپ شاید 'ہندوستان' نام سے اچھی طرح واقف ہوں، لیکن شاید آپ یہ نہ جانتے ہوں کہ یہ لفظ تقریباً 1800 سال پہلے ایک فارسی دستاویز میں پہلی بار استعمال ہوا تھا! بعد میں ہندوستان پر حملہ کرنے والے زیادہ تر لوگوں نے پورے برصغیرِ ہند کے لیے یہی نام استعمال کیا۔

آیئے معلوم کریں

کیا آپ بھارت کے بہت سارے ناموں کی جدول مکمل کر سکتے ہیں؟

فارسی	
یونانی	
لاطینی	انڈیا (India)
چینی	
عربی اور فارسی	
انگریزی	انڈیا (India)
فرانسیسی	انڈیا (India)



اس سے پہلے کہ ہم آگے بڑھے...

← ہندوستان ایک قدیم سرزمین ہے، جسے تاریخ کے مختلف ادوار میں کئی ناموں سے پکارا گیا۔

← ہندوستان کے قدیم باشندوں نے اسے 'جمبو دویپ' اور 'بھارت' جیسے نام دیے۔ بعد میں 'بھارت' نام زیادہ مشہور ہو گیا اور آج بھی زیادہ تر ہندوستانی زبانوں میں یہی نام استعمال ہوتا ہے۔

← بھارت آنے والے غیر ملکی سیاحوں اور حملہ آوروں نے زیادہ تر ایسے نام استعمال کیے جو دریائے سندھ (سندھو / انڈس) سے نکلے تھے؛ اسی وجہ سے 'ہندو'، 'اندوئی' اور آخر میں 'انڈیا' جیسے نام وجود میں آئے۔

سوالات، سرگرمیاں اور منصوبے

1. صحیح یا غلط؟

← رگ وید میں پورے ہندوستان کے جغرافیے کی وضاحت کی گئی ہے۔

← وشنو پران میں پورے برصغیر کی وضاحت کی گئی ہے۔

← اشوک کے زمانے میں 'جمبو دویپ' میں آج کا ہندوستان، افغانستان کے کچھ حصے، بنگلہ دیش اور پاکستان شامل تھے۔

← مہابھارت میں کشمیر، کچھ اور کیرالہ سمیت کئی علاقوں کا ذکر ہے۔

← 'ہندوستان' کی اصطلاح پہلی بار 2000 سال سے زیادہ پہلے ایک یونانی تحریر میں ظاہر ہوئی تھی۔

← قدیم فارسی میں 'ہندو' کا لفظ ہندو مذہب کے لیے استعمال ہوتا تھا۔

← 'بھارت' نام ہندوستان کو غیر ملکی سیاحوں نے دیا تھا۔

2. باب کے آغاز میں دیے گئے قول کا کیا مطلب ہو سکتا ہے؟ اس پر بحث کیجیے۔

3. قدیم زمانے میں دنیا کے مختلف جگہوں سے لوگ ہندوستان کا سفر کیوں کرتے تھے؟ اتنے لمبے سفر طے کرنے کے پیچھے اُن کے کیا مقاصد ہو سکتے تھے؟ (اشارہ: کم از کم چار یا پانچ مقاصد ہو سکتے ہیں۔)

4. اگر آپ تقریباً 2000 سال پہلے پیدا ہوئے ہوتے اور آپ کو اپنے ملک کا نام رکھنے کا موقع ملتا، تو آپ کون کون سے نام تجویز کرتے، اور کیوں؟ اپنی تخیل کا استعمال کریں!

a a a

باب
5

ہندوستان کی ثقافتی جڑیں


F917B8

اکتسابی نتائج

طلبہ درج ذیل کام کو کرنے کے قابل ہو جائیں گے۔

- ویدوں کو قدیم ترین مذہبی کتابوں کے طور پر پہچانیں گے۔ (CG-1)
- جین مت اور بدھ مت جیسے نئے نظریات کے آغاز کے بارے میں سیکھیں گے ور ان کے بنیادی اصولوں کو جانیں گے۔(CG-1)
- قبائلی عقائد اور فن کے ہندو مت کے ساتھ ہزاریہ سالوں میں ہونے والے تعلق اور اثرات کی وضاحت کریں گے۔ (CG-4)

"وہ شئے جسے چوری نہیں کی جاسکتی؛ جسے حکمران ضبط نہیں کر سکتے؛... جو کوئی بوجھ نہیں ہے کیونکہ یہ کسی چیز کا وزن نہیں ہے؛ وہ اگرچہ استعمال کی جاتی ہے لیکن پھر بھی ہر دن بڑھتی جاتی ہے— وہ سب سے بڑی دولت ہے، یعنی سچے علم کی دولت"۔ - سبھاشیت (دانائی بھرا قول)

ایک رشی (ہمپی، کرناٹک)	بدھ (بھوٹان)	مہاویر (بہار)
		

اہم سوالات؟

1. ویدکیاہیں؟ان کا پیغام کیا ہے؟
2. پہلے ہزاریہ سال قبل مسیح میں ہندوستان میں کون سے نئے نظریات ابھرے؟ان کے بنیادی اصول کیا ہیں؟
3. ہندوستانی ثقافت میں لوک اور قبائلی روایات کا کیا کردار ہے؟

کسی بھی اندازے سے ہندوستانی ثقافت، ہزار یہ سال پرانی ہے۔ کسی قدیم درخت کی طرح اس کی کئی جڑیں اور کئی شاخیں ہیں۔ جڑیں ایک مشترک تنا کو مضبوط بناتی ہیں۔ اور اسی تنے سے بہت سی شاخیں نکلتی ہیں، جو ہندوستانی ثقافت کی مختلف شکلیں ہیں، لیکن سب ایک ہی مشترک تنے سے جڑی ہوئی ہیں۔

روحانی: روح سے متعلق ہے (آتما سنسکرت اور بہت سی ہندوستانی زبانوں میں) روحانیت ہماری موجودہ شخصیت سے بڑھ کر زیادہ گہرے اور اونچے مقام کی تلاش ہے۔

ان میں سے کچھ شاخیں فن، ادب، سائنس، طب، مذہب، حکمرانی کے فن، جنگی فنون وغیرہ سے متعلق ہیں۔ اسی طرح 'فکری مکتبے' بھی ہوتے ہیں، جن سے مراد ایسے مفکرین یا روحانی سالکین کے گروہ ہیں جو انسانی زندگی، دنیا وغیرہ کے بارے میں ایک جیسے خیالات پیش کرتے ہیں۔

بہت سے ماہرینِ آثارِ قدیمہ اور علماء نے اس بات کی نشاندہی کی ہے کہ ہندوستانی ثقافت کی کچھ جڑیں وادیٔ سندھ، ہڑپہ یا سندھ-سرسوتی تہذیب تک جاتی ہیں (جس کا مطالعہ ہم باب 6 میں کریں گے)۔ بعد میں وقت کے ساتھ ساتھ ہندوستان میں سیکڑوں مکاتب فکر وجود میں آئے۔ یہاں ہم چند ابتدائی مکاتب فکر کا مطالعہ کریں گے، جنھوں نے ہندوستان کو ایک منفرد حیثیت والے ملک کی شکل عطا کی۔ ان مکاتب فکر اور ان کی جڑوں کو سمجھ کر ہم 'انڈیا یعنی بھارت' کو بہتر طور پر سمجھ سکتے ہیں۔

سالک: وہ شخص جو اس دنیا کی سچائیوں کی تلاش کرتا ہے۔ یہ کوئی رِشی، سنت، یوگی، فلسفی وغیرہ ہو سکتا ہے۔

وید اور ویدک ثقافت

الف۔ وید کیا ہیں؟

لفظ "وید" سنسکرت کے لفظ "وِد" سے نکلا ہے، جس کے معنی ہیں "علم" (جیسے وِدیا)۔ ہم نے پچھلے ابواب میں رِگ وید کا مختصر ذکر کیا تھا۔ دراصل وید چار ہیں: رِگ وید، یجر وید، سام وید اور اتھروا وید۔ یہ ہندوستان کی سب سے قدیم تحریریں ہیں، بلکہ دنیا کی قدیم ترین تحریروں میں شمار ہوتی ہیں۔

ویدوں ہزاروں بھجن پر مشتمل ہیں — یعنی نظموں اور گیتوں کی شکل میں ایسی دعائیں ہیں جو لکھی ہوئی نہیں بلکہ زبانی ادا کی گئی تھیں۔ یہ بھجن سپت سندھو اعلاقے میں تخلیق کیے گئے تھے (جس کا مطالعہ ہم باب 5 میں کریں گے)۔ یہ بتانا مشکل ہے کہ چاروں ویدوں میں سب سے قدیم رِگ وید کب مرتب کیا گیا؛ ماہرین نے اس کے زمانے کے بارے میں پانچویں ہزار یہ قبل مسیح سے دوسرے ہزار یہ قبل مسیح تک کی مختلف تاریخیں پیش کی ہیں۔

اس طرح تقریباً 100 سے 200 نسلوں تک ان تحریروں کو سخت تربیت کے ذریعے یاد رکھا گیا اور کسی بھی تبدیلی کے بغیر زبانی طور پر ایک سے دوسرے تک آگے منتقل کیا گیا۔

یونیسکو:
یونیسکو سے مراد "اقوامِ متحدہ کا تعلیمی، سائنسی اور ثقافتی ادارہ" ہے۔ یہ تعلیم، سائنس اور ثقافت کے ذریعے لوگوں اور قوموں کے درمیان باہمی گفتگو اور تعاون کو فروغ دیتا ہے۔



اسے یاد رکھیں



ہزاروں سال تک اس نہایت احتیاط کے ساتھ زبانی منتقلی کی وجہ سے، یونیسکو نے 2008 میں ویدک منتر خوانی کو "انسانیت کے زبانی اور غیر مادی ورثے کا ایک شاہکار" قرار دیا۔

کائنات:
دنیا یا پوری کائنات کو ایک منظم اور ہم آہنگ نظام کے طور پر سمجھا جاتا ہے۔

ویدک بھجن رِشیوں (اہلِ بصیرت و حکمت) اور رِشیکاؤں (خواتین دانش مندوں) نے سنسکرت زبان کی ابتدائی شکل میں تخلیق کیے تھے۔ یہ شاعرانہ انداز میں بہت سے دیوی دیوتاؤں جیسے اندرا، اگنی، ورن، متر، سرسوتی، اُوشس وغیرہ کے لیے کہے گئے تھے۔ ان رِشیوں کے ساتھ مل کر یہ دیوی دیوتا انسانی زندگی اور پوری کائنات میں "رِتم" یعنی سچائی اور نظم کو قائم رکھتے تھے۔ ابتدائی رِشی اور رِشیکائیں ان دیوی دیوتاؤں کو الگ الگ ہستیاں نہیں بلکہ ایک ہی حقیقت سمجھتے تھے۔ جیسا کہ ایک مشہور بھجن میں کہا گیا ہے،

تصورِ عالم:
دنیا، اس کی ابتدا، یا اس کے نظام کو سمجھنے کا ایک خاص نظریہ یا اندازِ فکر۔

"ایکم ست، وِپرا بہودھا وَدنتی"...
- رِگ وید

"حقیقتِ اعلیٰ ایک ہی ہے، لیکن دانا لوگ اسے مختلف نام دیتے ہیں۔"


(یہ ہندوستانی فلسفے کے ایک گہرے مفہوم کو ظاہر کرتا ہے — اس کا مطلب یہ ہے کہ اگرچہ خدا یا اعلیٰ سچائی ایک ہی ہے، لیکن لوگ اپنی سمجھ کے مطابق اسے مختلف شکلوں اور مختلف ناموں سے مانتے اور عبادت کرتے ہیں۔)

اس نظریے میں کچھ اقدار کو خاص اہمیت حاصل تھی، جن میں سب سے پہلے "سچائی" تھی، جسے اکثر خدا کا دوسرا نام بھی کہا جاتا تھا۔ رِگ وید کے آخری منتر (اشعار) بھی لوگوں کے درمیان اتحاد کی دعوت دیتے ہیں:

ایک ساتھ آیئے، ایک ساتھ بولیے؛
آپ کے ذہن مشترک ہوں، آپ کے خیالات آپس میں ہم آہنگ ہوں...
آپ کے مقصد میں اتحاد ہو، آپ کے دل متحد ہوں .....
آپ کے خیالات متحد ہوئے ہوں تاکہ سب میں اتفاق پیدا ہو!

(ب)۔ ویدک معاشرہ

ابتدائی ویدک معاشرہ مختلف "خاندانوں (جاناس)" یا قبیلوں میں منظم تھا، یعنی لوگوں کے بڑے بڑے گروہ۔ صرف رِگ وید میں ایسے 30 سے زیادہ خاندانوں (جاناس) کا ذکر ملتا ہے۔ مثلاً بھرت، پُرو، کُرو، یدو، ترَوش وغیرہ۔ ہر قبیلہ برِ صغیر کے شمال مغربی حصہ کے ایک خاص علاقے سے تعلق رکھتا تھا۔



ان "جاناس" (خاندانوں) کے اپنے معاشرے کو چلانے کے طریقے کے بارے میں زیادہ معلومات نہیں ملتی۔ وید ہمیں صرف چند اشارے دیتے ہیں، جیسے "راجا" (بادشاہ یا حکمران)، "سبھا" اور "سمیتی"، جو دونوں اجتماعی مجلس یا اجتماع کے معنی میں استعمال ہوتے ہیں۔

ویدک تحریروں میں بہت سے پیشوں کا ذکر بھی ملتا ہے، جیسے کسان، جولاہا، کمہار، معمار، بڑھئی، حکیم، رقاص، حجام، پجاری وغیرہ۔

معالج: وہ شخص جو روایتی طریقوں سے بیماریوں کا علاج کرتا ہے یا آرام پہنچاتا ہے۔

آیئے معلوم کریں

کیا آپ اس نظام کی اصطلاح جانتے ہیں جس میں لوگ اپنے رہنما خود منتخب کرتے ہیں؟ آپ کے خیال میں ایسی صورتِ حال میں لوگوں کو کیا فائدے ہو سکتے ہیں؟ اگر لوگ ایسے رہنماؤں کے تحت رہیں جنہیں انہوں نے خود منتخب نہ کیا ہو تو کیا ہو سکتا ہے؟ (اشارہ: "حکمرانی اور جمہوریت" کے موضوع میں آپ جو سیکھ رہے ہیں، اسے یاد کریں!) اپنے خیالات 100-150 الفاظ کے ایک پیراگراف میں لکھیں۔

ج: ویدک مکاتب فکر

ویدی ثقافت میں مختلف دیوی دیوتاؤں کے لیے بہت سے رسم و رواج (یجنا، جسے اکثر "یگیہ" پڑھا جاتا ہے) بھی رائج ہوئے، جن کا مقصد فرد یا معاشرہ کی بھلائی اور خوشحالی تھا۔ روزمرہ کی رسومات عموماً اگنی، یعنی آگ سے متعلق دیوتا، کے لیے دعاؤں اور نذرانوں کی صورت میں ہوتی تھیں، لیکن وقت کے ساتھ یہ رسومات زیادہ پیچیدہ ہوتی گئیں۔

"اُپنشد" کہلانے والے تحریر کے ایک مجموعے نے ویدی تصورات کو آگے بڑھایا اور کچھ نئے خیالات پیش کیے، جیسے دوبارہ جنم (بار بار پیدا ہونا) اور کرم (ہمارے اعمال یا ان کے نتائج)۔ ایک مکتب فکر کے مطابق، جسے عموماً "ویدانت" کہا جاتا ہے، ہر چیز — انسانی زندگی، فطرت اور کائنات — ایک ہی الٰہی حقیقت ہے جسے "برہمن" کہا جاتا ہے (اسے دیوتا برہما سے الجھانا نہیں چاہیے) یا کبھی صرف "تت" ("وہ") کہا جاتا ہے۔ مشہور منتر اس خیال کو سادہ مگر گہرے انداز میں بیان کرتے ہیں:

اہم برہماسمی
"میں برہمن ہوں" (یعنی میں خدا ہوں)
تت تْوَم اسی...
"وہ برہمن آپ ہی ہیں"

اُپنشدوں نے آتمایا"خودی" کا تصور بھی پیش کیا— یعنی وخدا جو ہر جاندار میں موجود ہے، لیکن آخر کار برہمن کے ساتھ ایک ہے۔اس سے یہ خیال پیدا ہوتا ہے کہ اس دنیا کی ہر چیز آپس میں جڑی ہوئی ہے اور ایک دوسرے پر منحصر ہے۔یہی وجہ ہے کہ ایک مشہور دعا"سروے بھونتو سکھِنہ ''یعنی"تمام مخلوقات خوش رہیں" سے شروع ہوتی ہے،اور آگے سب کے لیے بیماری اور غم سے آزادی کی دعا کی جاتی ہے۔


آیئے غور و فکر کریں


کیا آپ نے کوئی ایسی کہانی سنی یا پڑھی ہے جو کوئی اہم پیغام دیتی ہو؟اس کہانی نے آپ کو کون سی اقدار سکھائیں؟

پہلی ہزار یہ قبل مسیح کے آغاز میں ویدوں سے کئی اور مکتب فکر وجود میں آئے۔ان میں سے ایک یوگ تھا، جس میں ایسے طریقے تیار کیے گئے جن کا مقصد انسان کے شعور میں برہمن کے ادراک کو حاصل کرنا تھا۔یہ تمام فکری مکتبے مل کر اُس بنیاد کا حصہ بنے جسے آج ہم "ہندومت" کہتے ہیں۔

شعور:(Consciousness) آگاہی کی حالت، مثلاً اپنے اندر موجود کسی چیز کے بارے میں باخبر ہونا۔

بدھ مت

کچھ دوسرے فکری مکتبے بھی وجود میں آئے، جنہوں نے ویدوں کی تسلط کو قبول نہیں کیا اور اپنے طور طریقوں کو قائم کیے ان میں سے ایک بدھ مت ہے۔

تقریباًڈھائی ہزار سال پہلے، سدھارتھ گوتم نامی ایک نوجوان شہزادہ لمبنی (جو آج نیپال میں ہے) میں پیدا ہوا۔ علماء نے مختلف ذرائع کی بنیاد پر اُن کی پیدائش کے سال کے بارے میں مختلف رائے دی ہے۔باب 3 (تاریخ کی وقوعی ترتیب اور مآخذ) میں ہم نے 560 قبل مسیح کو ایک اندازاًسال کے طور پر اختیار کیا تھا۔بہر حال، اس سے ہماری کہانی پر کوئی فرق نہیں پڑتا۔

کہانی کے مطابق، سدھارتھ (گوتم) محل میں ایک محفوظ زندگی گزار رہے تھے۔ایک دن 29 سال کی عمر میں انہوں نے رتھ میں شہر کی سیر کرنے کی خواہش ظاہر کی۔اپنی زندگی میں پہلی بار انہوں نے ایک بوڑھے آدمی، ایک بیمار شخص اور ایک مردہ جسم کو دیکھا۔انہوں نے ایک سنیاسی کو بھی دیکھا، جو خوش اور پُر سکون دکھائی دیتا تھا۔

اُپنشدوں کی بہت سی کہانیاں ہمیں سوال پوچھنے کی اہمیت بتاتی ہیں، چاہے یہ سوال مردوں، عورتوں یا بچوں کی طرف سے کیے گئے ہوں۔



شویت کیتو اور حقیقت کے بیج

(چھاندوگیہ اُپنشد)

رِشی اُدّالکا آرُنی نے اپنے بیٹے شویتا کیتو کو وید سیکھنے کے لیے ایک گُرو کل بھیجا۔ جب شویتا کیتو 12 سال بعد واپس آیا تو اُس کے والد نے محسوس کیا کہ وہ اپنے علم پر بہت غرور کرنے لگا ہے۔ اس لیے اُدّالکا نے اُس سے برہمن کی حقیقت کے بارے میں سوالات کیے، جن کا جواب شویتا کیتو نہ دے سکا۔

پھر اُدّالکا نے سمجھایا کہ برہمن اگرچہ نظر نہیں آتا، لیکن ہر جگہ موجود ہے۔ جیسے برگد کے پھل کا بیج کھولنے پر خالی دکھائی دیتا ہے، مگر اُس کے اندر مستقبل کا پورا برگد کا درخت موجود ہوتا ہے؛ یا جیسے ایک ہی مٹی سے مختلف قسم کے برتن بنائے جاسکتے ہیں۔ اسی طرح ہمارے اطراف واکناف موجود ہر چیز ایک ہی حقیقت — برہمن- سے پیدا ہوئی ہے۔ اپنی تعلیم کے آخر میں انہوں نے کہا، "ہر چیز اسی لطیف حقیقت سے بنی ہے۔... اے شویتا کیتو، تم بھی وہی ہو۔"

نچیکیتا اور اس کی تلاش

(کٹھا اُپنشد)

ایک بار ایک شخص ایک رسم کے دوران اپنی ساری چیزیں رسم ادا کرنے دے رہا تھا۔ اُس کا بیٹا نچیکیتا بار بار پوچھ رہا تھا کہ اُسے کس دیوتا کے لیے پیش کیا جائے گا۔ اس پر اُس کے والد ناراض ہوگئے اور بولے، "میں تمہیں یَما کو دیتا ہوں" — یعنی موت کے دیوتا کو۔


پھر نچیکیتا، یَما کی دنیا میں گیا اور ایک طویل انتظار کے بعد اُس عظیم دیوتا سے ملا۔ اُس کے ذہن میں ایک ہی سوال تھا- "جسم کو موت کے بعد کیا ہوتا ہے؟"



یَما نے جواب نہ دینے کی کوشش کی، لیکن لڑکے نے اصرار کیا خوش ہو کر یَما نے سمجھایا کہ آتما، یا خودی، تمام جانداروں کے اندر موجود ہے۔ یہ نہ پیدا ہوتی ہے اور نہ مرتی ہے؛ یہ امر ہے۔ یہ گہرا علم حاصل کرنے کے بعد نچیکیتا اپنے والد کے پاس واپس آیا، جنہوں نے خوشی سے اُس کا استقبال کیا۔

گارگی اور یاجنولکیا کی بحث


(بریہدارنیکا اُپنشد)



ایک بار دانش مند بادشاہ جنک نے ایک فلسفیانہ مباحثے کے لیے انعام کا اعلان کیا۔ مشہور رشی یاجناوالکیا بادشاہ کے دربار میں آئے اور کئی علماء کو شکست دی۔ اسی دوران رشیکا گارگی نے اُن سے دنیا کی حقیقت اور آخر کار برہمن کی فطرت کے بارے میں سوالات کیے۔ ایک مرحلے پر یاجناوالکیا نے اُن سے مزید سوالات نہ کرنے کو کہا۔ بعد میں، گارگی نے دوبارہ سوالات شروع کیے اور یاجناوالکیا نے سمجھایا کہ برہمن ہی وہ حقیقت ہے جو دنیا، موسموں، دریاؤں اور ہر چیز کو ممکن بناتی ہے۔

اس تجربے کے بعد سدھارتھ نے محل کی زندگی چھوڑنے کا فیصلہ کیا، اور اپنی بیوی اور بیٹے کو بھی پیچھے چھوڑ دیا۔ وہ ایک سنیاسی کے طور پر پیدل سفر پر نکل پڑا، دوسرے سنیاسیوں اور علماء سے ملا، اور انسانی زندگی میں دکھ کے اصل سبب کی تلاش کرتا رہا۔ بہت دنوں تک بودھ گیا (آج کا بہار) میں پیپل کے درخت کے نیچے دھیان کرنے کے بعد اسے "نروان" یا "روشنی" حاصل ہوئی؛ اس نے جانا کہ اَوِدیا (جہالت) اور لگاؤ انسانی دکھ کا اصل سبب ہیں، اور ان کو ختم کرنے کا طریقہ سمجھا۔ سدھارتھ پھر "بدھ" کہلایا، جس کا مطلب ہے "بیدار" یا "روشن خیال"۔

بدھ نے جو کچھ سمجھا تھا، وہ دوسروں کو سکھانا شروع کیا، جس میں "اہنسا" کا تصور بھی شامل تھا، جس کا عام مطلب "عدم تشدد" ہے، لیکن اصل میں اس کا مطلب "نہ چوٹ پہنچانا" یا "نہ زخم دینا" ہے۔ انہوں نے اندرونی سچائی اور نظم وضبط پر بھی زور دیا۔ ان کا یہ سادہ سا قول اس بات کو واضح کرتا ہے:



سنیاسی: (Ascetic) وہ شخص جو اعلیٰ شعور حاصل کرنے کے لیے بامشقت اور نظم وضبط پر عمل کرتا ہے

لگاؤ: (Attachment) کسی شخص یا چیز کے ساتھ جذبات یا عادت کی بنیاد پر وابستہ ہونے کی حالت۔

"کوئی پانی سے پاک صاف نہیں ہو جاتا ہے اگرچہ بہت سے لوگ
نہاتے ہیں(مقدس دریاؤں میں) لیکن پاک وہ ہے جس میں حق
اور دھرم(اصول) بستے ہیں۔
اپنے آپ کو فتح کرنا میدانِ جنگ میں ہزار بار ہزار آدمیوں کو
شکست دینے سے زیادہ بڑا عمل ہے۔"

بدھ نے سنگھ کی بنیاد رکھی، جو بھکشوؤں (راہبوں) اور بعد میں بھکشونیوں (راہبات) کی ایک جماعت تھی، جنہوں نے اپنے آپ کو اس کی تعلیمات پر عمل کرنے اور انہیں پھیلانے کے لیے وقف کر دیا۔ ہندوستان اور پورے ایشیا پر ان کا اثر بہت عظیم تھا، جیسا کہ ہم بعد میں دیکھیں گے؛ اور یہ اثر آج بھی محسوس کیا جا سکتا ہے۔

راہب:(Monk)
ایسا شخص جو دنیا کی عام زندگی چھوڑ کر خود کو مذہبی یا روحانی مقاصد کے لیے وقف کر دے۔ ایک راہب عموماً عہد کرتا ہے، یعنی ایک منظم اور باقاعدہ زندگی گزارنے کے لیے سخت اصولوں پر عمل کرنے کا وعدہ کرتا ہے۔

راہبہ:(Nun)
راہب کی مؤنث شکل ،یعنی وہ عورت جو مذہبی یا روحانی زندگی اختیار کرے۔



یہ سنگی تختی، جو تقریباً 1800 سال پرانی ہے، بدھ کو تعلیم دیتے ہوئے دکھاتی ہے۔

آیئے معلوم کریں

← مندرجہ بالا پتھر کی تختی میں بدھ کو جس طرح دکھایا گیا ہے اس پر بحث کیجیے۔

← کیا آپ ہندوستان کی کچھ ریاستوں یا چند دیگر ممالک کے نام بتا سکتے ہیں جہاں آج بھی بدھ مت ایک اہم مذہب ہے؟ ان کو دنیا کے نقشے پر نشان لگانے کی کوشش کیجیے۔

جین مت

جین مت ایک اور اہم مکتب فکر ہے جو اسی دور میں وسیع ہوا، اگرچہ کہا جاتا ہے کہ اس کی جڑیں بہت زیادہ قدیم ہیں۔ بالکل اسی طرح جیسے سدھارتھ گوتم، شہزادہ **وردھمان** ایک شاہی خاندان میں 6ویں صدی قبل مسیح کے آغاز میں پیدا ہوئے۔ ان کی جائے پیدائش موجودہ بہار میں **ویشالی** شہر کے قریب تھی۔ 30 سال کی عمر میں انہوں نے اپنا گھر چھوڑ کر روحانی علم کی تلاش کا فیصلہ کیا۔ انہوں نے سنیاسی زندگی اختیار کی اور 12 سال بعد "**لامحدود علم**" یا **اعلیٰ حکمت** حاصل کی۔ وہ "**مہاویر**" یعنی "**عظیم بہادر**" کے نام سے مشہور ہوئے، اور انہوں نے اپنی حاصل کردہ تعلیمات کی تبلیغ شروع کی۔



مہاویر کی روایتی تصویر

اسے یاد رکھیں

لفظ "جین" یا "جینا" لفظ "جین" سے اخذ کیا گیا ہے، جس کا مطلب ہے "فاتح"۔ اس سے مراد کسی علاقے یا دشمنوں پر فتح حاصل کرنا نہیں ہے، بلکہ جہالت اور لگاؤ پر قابو پانا ہے تاکہ روشن خیالی حاصل کی جا سکے۔

جین تعلیمات میں اہنسا، انیکانتواد اور اپریگرہ شامل ہیں۔ یہ خیالات، جو بڑی حد تک بدھ مت اور ویدانت مکتب فکر کے ساتھ مشترک ہیں، ہندوستانی ثقافت کا مرکزی حصہ ہیں۔ پہلی تعلیم کی مثال مہاویر کے اس قول سے دی جا سکتی ہے:

"تمام سانس لینے والے، وجود، زندہ اور احساس رکھنے والے
جانداروں کو نہ قتل کیا جائے، نہ ان کے ساتھ تشدد کیا جائے،
نہ ان کی توہین کی جائے، نہ انہیں اذیت دی جائے، اور نہ ہی
انہیں بھگایا جائے۔"

آیئے آخری دو اصطلاحات کو سادہ الفاظ میں سمجھتے ہیں:


❖ **انیکانتواد** کا مطلب ہے "صرف ایک پہلو نہیں" یا "ایک ہی نظریہ نہیں"۔ یعنی سچائی کے کئی پہلو ہوتے ہیں اور اسے کسی ایک بیان سے مکمل طور پر بیان نہیں کیا جا سکتا۔

❖ **اپریگرہ** کا مطلب ہے "غیر ملکیت" اور یہ مادی چیزوں سے بے تعلق رہنے اور صرف وہی چیزیں رکھنے کی نصیحت کرتا ہے جو زندگی میں واقعی ضروری ہوں۔ جین مت اس بات پر بھی زور دیتا ہے کہ تمام جاندار آپس میں جڑے ہوئے اور ایک دوسرے پر منحصر ہیں، انسانوں سے لے کر نظر نہ آنے والے جانداروں تک، کیونکہ سب ایک دوسرے کی مدد سے زندہ رہتے ہیں اور ایک دوسرے کے بغیر نہیں رہ سکتے۔ فطرت، نباتات اور حیوانات کا مطالعہ کرنے والے سائنس دان بار بار اس گہری حقیقت کی تصدیق کر چکے ہیں۔

جٹکا کہانیاں، جنہوں نے ہندوستان کے بچوں اور بڑوں کی کئی نسلوں کو خوش کیا ہے، بدھ کے پچھلے جنموں کی کہانیاں بیان کرتی ہیں اور سادہ انداز میں بدھ مت کی اقدار کو ظاہر کرتی ہیں۔

ایک مشہور کہانی میں، بدھ ایک بڑے بندروں کے جھنڈ کے بادشاہ تھے۔ وہ ایک بہت بڑے درخت کے قریب رہتے تھے جس پر الٰہی خوشبو اور ذائقے دار پھل لگتے تھے۔ بندر بادشاہ کی ہدایت کے باوجود کہ کوئی بھی پھل ضائع نہ ہو، ایک دن ایک پکا ہوا پھل نیچے بہتے دریا میں گر گیا۔ پانی کے بہاؤ کے ساتھ وہ پھل ایک جال میں پھنس گیا اور محل میں لے جایا گیا۔

بادشاہ اس کے ذائقے سے اتنا متاثر ہوا کہ اس نے اپنے سپاہیوں کو حکم دیا کہ وہ اس درخت کو تلاش کریں جہاں سے یہ پھل آیا تھا۔ لمبی تلاش کے بعد انہوں نے وہ درخت ڈھونڈ لیا— اور وہاں بندروں کو اس کے پھل کھاتے ہوئے دیکھا۔ سپاہیوں نے بندروں پر حملہ کر دیا۔ بندروں کے بادشاہ کے لیے اپنی قوم کو بچانے کا واحد طریقہ یہ تھا کہ وہ انہیں دریا پار کرانے میں مدد کرے، لیکن وہ خود ایسا نہیں کر سکتے تھے ان سے کافی بڑے ہونے کی وجہ سے بندروں کے بادشاہ نے دوسرے کنارے پر ایک درخت کو پکڑ لیا اور انھیں ندی کو پار کرنے کے لیے اپنے جسم کو پل کی طرح استعمال کرنے دیا، حالانکہ وہ بری طرح زخمی ہو گیا تھا اور آخر کار اس کی موت ہو گی۔



دور سے یہ منظر دیکھنے والا بادشاہ بندروں کے بادشاہ کی بے لوث قربانی سے بہت متاثر ہوا۔ اس نے سوچا کہ ایک بادشاہ کا اپنے رعایا کے ساتھ کیا کردار ہونا چاہیے۔

ایک جین کہانی

روہینیا ایک غیر معمولی مہارت رکھنے والا چور تھا جو اسے پکڑنے کی ہر کوشش کو ناکام بنا دیتا تھا۔ ایک شہر جاتے ہوئے اس نے اتفاقاً مہاویر کے دیے گئے ایک وعظ کے چند جملے سنے، جس میں انہوں نے جہالت بھرے عام زندگی سے آزادی حاصل کرنے کی بات کی تھی۔ شہر پہنچنے پر اسے پہچان لیا گیا اور گرفتار کر لیا گیا۔ اس نے ایک عام کسان ہونے کا بہانہ بنایا۔ ایک وزیر نے اسے اس کی اصل شناخت قبول کروانے کے لیے ایک چالاک منصوبہ بنایا، لیکن روہینیا نے مہاویر کے الفاظ یاد کرتے ہوئے اس منصوبے کو بھانپ لیا اور اسے ناکام بنا دیا۔

بعد میں وہ احساس ندامت میں مبتلا ہو گیا، مہاویر کے پاس گیا، اپنے جرائم کا اعتراف کیا، چوری کیا ہوا مال واپس کیا اور معافی مانگی۔ وہ سنیاسی بن گیا، اس نے اپنی زندگی کے فریب کو سمجھ لیا اور اعلیٰ علم حاصل کرنے پر توجہ دی۔

یہ کہانی صحیح عمل اور صحیح سوچ کی اہمیت کو ظاہر کرتی ہے، اور یہ بھی بتاتی ہے کہ ہر انسان کو دوسرا موقع ملنا چاہیے۔



آیئے معلوم کریں

اوپر دی گی پتھر کی تختی کا مشاہدہ کیجیے (نئی دہلی کے ایک جین مندر سے) ۔

اس میں کیا چیز سب سے زیادہ نمایاں ہے؟ یہ کون سے پیغامات کو ظاہر کرتا ہے؟

آیئے غور و فکر کریں

بدھ مت اور جین مت دونوں میں اہنسا کا مطلب صرف کسی انسان یا جانور پر جسمانی تشدد سے پرہیز کرنا نہیں ہے۔ اس کا مطلب یہ بھی ہے کہ سوچ میں بھی تشدد سے بچا جائے، جیسے کسی کے بارے میں برے یا منفی جذبات رکھنا۔ اگر ہم اپنے آپ کو غور سے دیکھیں تو ہم ایسے منفی خیالات کو محسوس کر سکتے ہیں اور انہیں مثبت خیالات میں بدلنا سیکھ سکتے ہیں۔ بعض اوقات ایسے منفی خیالات خود ہمارے اپنے خلاف بھی ہوتے ہیں!

بدھ مت اور جین مت دونوں میں، راہب (اور بعض اوقات راہبات بھی) اپنی تعلیمات کو دور دور تک پھیلانے کے لیے پورے علاقے میں سفر کرنے لگے۔ ان میں سے کچھ نے دور دراز جگہوں پر نئے **خانقاہیں** قائم کیں، جبکہ کچھ نے چٹانوں کو کاٹ کر بنائی گئی **غاروں** میں سنیاسی زندگی گزاری۔ آثارِ قدیمہ کی دریافتوں سے ان خانقاہوں کے بہت سے آثار ملے ہیں، یہاں تک کہ بعض اوقات ان راہبوں کے نام بھی ملے ہیں جو ان **غاروں** میں رہتے تھے اور پتھر کے بنے ہوئے بستروں پر سوتے تھے!



ایلورا (مہاراشٹر) میں چٹانوں کو کاٹ کر بنائی گئی غاریں، جو 6ویں سے 10ویں صدی عیسوی کے درمیان تیار کی گئیں۔ ان میں سے کچھ غاریں ہندو مت سے متعلق ہیں، جبکہ کچھ بدھ مت اور جین مت سے تعلق رکھتی ہیں۔

آیئے غور و فکر کریں

انگریزی میں ہندو مت، بدھ مت، جین مت اور سکھ مت کو اکثر "مذاہب" کہا جاتا ہے۔ آپ نے محسوس کیا ہو گا کہ ہم نے اس اصطلاح سے گریز کیا ہے اور اس کی جگہ "مکاتب فکر" اور (اس باب میں آگے چل کر) "عقیدے کے نظام" کی اصطلاحات کو ترجیح دی ہے۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ ان مکاتب اور نظاموں کے بہت سے پہلو ہیں جنہیں ہم آہستہ آہستہ سمجھیں گے — فلسفیانہ پہلو، روحانی پہلو، مذہبی پہلو، اخلاقی پہلو، سماجی پہلو وغیرہ۔ بہت سے ماہرین اس بات سے متفق ہیں کہ ہندوستانی تہذیب کے تناظر میں لفظ "مذہب" بہت محدود ہے۔

اس دور میں اور بھی فکری مکاتب موجود تھے۔ مثال کے طور پر، ایک مکتبہ فکر جسے "چارواکا" (کبھی کبھی "لوکایت" بھی کہا جاتا ہے) کا عقیدہ تھا یہ مانتا تھا کہ یہ مادی دنیا ہی واحد حقیقت ہے، اور اس لیے موت کے بعد کسی زندگی کا وجود نہیں ہے۔ اس مکتب فکر کو زیادہ مقبولیت حاصل نہیں ہو سکی اور وقت کے ساتھ ختم ہو گیا۔ ہم اس کا ذکر اس لیے کرتے ہیں تاکہ یہ ظاہر ہو کہ اس زمانے میں فکری اور روحانی نظاموں میں بہت زیادہ تنوع موجود تھا؛ لوگ آزاد تھے کہ وہ اپنی پسند کے مطابق انتخاب کریں۔


اگرچہ ویدک، بدھ مت اور جین مت کے مکاتب میں اہم اختلافات تھے، پھر بھی ان میں کچھ مشترک تصورات پائے جاتے ہیں، جیسے دھرم، کرم پنر جنم، دکھ اور جہالت کے خاتمے کی تلاش، اور کئی اہم اقدار۔ یہ اسی درخت کا "تنا" ہے جس کا ذکر ہم نے اس باب کے آغاز میں کیا تھا۔

لوک اور قبائلی جڑیں

ہم نے اب تک جن ثقافتی جڑوں کو دیکھا ہے وہ مختلف تحریری متون میں اچھی طرح درج ہیں۔ ہندوستان میں زبانی روایات بھی بہت مضبوط رہی ہیں، یعنی ایسی تعلیمات یا طریقے جو تحریری متن کے بغیر روزمرہ عمل کے ذریعے ایک نسل سے دوسری نسل تک منتقل ہوتے رہے ہیں (یہی صورت ویدوں کی بھی تھی)۔ ان میں بے شمار لوک روایات شامل ہیں، یعنی وہ روایات جو عام لوگوں کے ذریعے منتقل ہوتی ہیں، اور قبائلی روایات، جو قبائل کے ذریعے آگے بڑھائی جاتی ہیں۔

قبائل کیا ہیں؟

اس سماجی اکائی کی کئی تعریفیں موجود ہیں۔ آج ماہرینِ بشریات عام طور پر قبیلے کو خاندانوں یا نسبی گروہوں کے ایک ایسے مجموعے کے طور پر دیکھتے ہیں جو مشترکہ نسب، ثقافت اور زبان رکھتے ہیں، ایک قریبی برادری کی صورت میں کسی سردار کی قیادت میں رہتے ہیں اور ذاتی ملکیت نہیں رکھتے۔ دلچسپ بات یہ ہے کہ قدیم ہندوستان میں "قبیلہ" کے لیے کوئی مخصوص لفظ موجود نہیں تھا—قبائل کو صرف مختلف "جنا" (جناس) سمجھا جاتا تھا جو کسی خاص ماحول جیسے جنگلات یا پہاڑوں میں رہتے تھے۔ ہندوستان کے آئین میں ان کے لیے انگریزی میں "tribes" اور "tribal communities" اور ہندی میں "(جناجاتی) کی اصطلاح استعمال کی جاتی ہے۔ سرکاری اعداد و شمار کے مطابق 2011 میں ہندوستان میں 705 قبائل تھے جو زیادہ تر ریاستوں میں پھیلے ہوئے تھے، اور ان کی آبادی تقریباً 104 ملین تھی—جو آسٹریلیا اور برطانیہ کی مجموعی آبادی سے بھی زیادہ ہے! انیسویں صدی میں قبائل کا مطالعہ کرنے والے ماہرینِ بشریات اکثر انہیں "قدیم" یا "غیر مہذب" قرار دیتے تھے۔ لیکن قبائلی برادریوں کے گہرے مطالعے اور ان کی بھرپور و پیچیدہ ثقافتوں کو سمجھنے کے بعد ایسے متعصب خیالات زیادہ تر ترک کر دیے گئے ہیں۔



لوک اور قبائلی روایات کے درمیان، اور اس باب میں بیان کیے گئے اہم فکری مکاتب کے درمیان مسلسل تعامل رہا ہے۔ دیوتاؤں، تصورات، روایات اور رسومات کا دونوں طرف آزادانہ تبادلہ ہوتا رہا ہے۔ مثال کے طور پر روایت کے مطابق جگن ناتھ، جن کی پوجا پوری (اوڈیشہ) میں کی جاتی ہے، ابتدا میں ایک قبائلی دیوتا تھے؛ اسی طرح بھارت میں پوجی جانے والی دیوی ماتا کی مختلف شکلیں بھی قبائلی عقائد سے جڑی ہوئی ہیں۔ دوسری طرف بعض قبائل نے بہت پہلے ہندو دیوتاؤں کو اپنا لیا اور ان کے پاس مہابھارت اور رامائن کے اپنے اپنے ورژن موجود ہیں—اس کی دستاویزات ہندوستان کی شمال مشرقی ریاستوں سے لے کر تمل ناڈو تک ملتی ہیں۔




ایسی باہمی روایات اتنے طویل عرصے تک اور اتنی قدرتی طور پر اس لیے جاری رہیں کیونکہ لوک، قبائلی اور ہندو عقائد کے نظاموں میں بہت سے مشترک تصورات پائے جاتے ہیں۔ مثال کے طور پر، تینوں میں فطرت کے عناصر جیسے پہاڑ، دریا، درخت، پودے، جانور اور بعض پتھر بھی مقدس سمجھے جاتے ہیں، کیونکہ ان سب کے اندر شعور موجود سمجھا جاتا ہے۔ دراصل قبائل عام طور پر ان فطری عناصر سے وابستہ مختلف دیوتاؤں کی پوجا کرتے ہیں۔ تمل ناڈو کی نیلگیری پہاڑیوں کے ٹوڈا قبائل کے لیے، مثال کے طور پر (جن میں سے ایک کی تصویر دائیں طرف دی گئی ہے)، اس پہاڑی سلسلے کی تیس سے زیادہ چوٹیاں کسی نہ کسی دیوتا یا دیوی کا مسکن سمجھی جاتی ہیں؛ یہ چوٹیاں اتنی مقدس ہیں کہ ٹوڈا لوگ ان کی طرف انگلی سے اشارہ بھی نہیں کرتے۔

لیکن دیوتاؤں کی اس کثرت کے باوجود، ہندومت کی طرح، بہت سے قبائلی گروہوں میں ایک اعلیٰ دیوتا یا برتر ہستی کا تصور بھی موجود ہے۔ مثال کے طور پر تلنگانہ میں سمّکا اور سرّاکا کی پوجا قبائلی دیوی دیوتاؤں کے طور پر کی جاتی ہے؛ آندھرا پردیش کے پاڑیر وعلاقے میں موڈا کونڈالا جاترا منائی جاتی ہے؛ اروناچل پردیش کے کئی قبائل ڈونی پولو کی عبادت کرتے ہیں، جو سورج اور چاند کی مشترکہ شکل ہے اور بعد میں ایک اعلیٰ ترین خدا کے درجے تک پہنچا۔ یہی صورت حال وسطی ہندوستان کے دیوتا کھنڈوبا کے ساتھ بھی ہے۔ مشرقی ہندوستان میں منڈا اور سنتھال قبائل سمیت دیگر قبائل سنگ بونگا کی پوجا کرتے ہیں، جو ایک اعلیٰ دیوتا ہے جس نے پوری دنیا کو پیدا کیا۔ ایسے اور بھی کئی مثالیں موجود ہیں۔

بھارتی سماجیات کے ماہر آندرے بیٹیئل نے اس صورتحال کو ان الفاظ میں بیان کیا: "برصغیرِ ہند میں ہزاروں ذاتیں اور قبائل آغازِ تاریخ سے پہلے اور اس کے بعد بھی ایک دوسرے کے مذہبی عقائد اور رسومات پر اثر انداز ہوتے رہے ہیں۔ یہ بات عام طور پر تسلیم کی جاتی ہے کہ قبائلی مذاہب ہندومت سے متاثر ہوئے ہیں، لیکن یہ بات بھی اتنی ہی درست ہے کہ ہندومت نہ صرف اپنی ابتدائی تشکیل کے مرحلے میں بلکہ اپنی پوری ارتقائی تاریخ میں قبائلی مذاہب سے بھی متاثر ہوتا رہا ہے۔"


واضح طور پر، اس طویل باہمی تعامل کا نتیجہ ایک دوسرے کی ثقافتی ترقی اور خوشحالی کی صورت میں نکلا۔ اسی طرح لوک اور قبائلی عقائد اور روایات بھی ہندوستان کی ثقافتی جڑوں میں شامل ہیں۔ ہم اگلے باب میں اس نکتے کو مزید تفصیل سے سمجھیں گے۔



اس سے پہلے کہ ہم آگے بڑھیں...

- ویدہ، جو ہندوستان کی سب سے قدیم تحریریں ہیں، کئی مکاتب فکر کے وجود کا سبب بنیں۔ ویدانت اور یوگا ان میں سب سے زیادہ مشہور ہیں۔
- بدھ مت اور جین مت نے ویدوں کی اتھارٹی سے الگ راستہ اختیار کیا اور کچھ خاص اقدار اور طریقوں پر زور دیا۔
- اگرچہ ان مکاتب فکر کے اصول اور طریقے مختلف تھے، لیکن ان میں کچھ اہم تصورات مشترک بھی تھے؛ یہ سب انسانی دکھ کے سبب اور جہالت کو دور کرنے کے طریقوں کی تلاش میں تھے۔
- قبائلی اعتقادی نظاموں اور فنون کا ہزاروں برسوں سے ہندومت کے ساتھ تعلق اور تبادلہ رہا ہے۔ ہر طرف سے خیالات اور روایات کا آزادانہ لین دین ہوتا رہا۔ قبائلی اعتقادی نظام عام طور پر زمین اور اس کی خصوصیات کو مقدس سمجھتے ہیں؛ ساتھ ہی ان میں ایک اعلیٰ خدائی تصور بھی پایا جاتا ہے۔

برگد کا درخت باب 7 اور 8 کے موضوعات کی ایک مناسب مثال اور ہندوستانی تہذیب کی ایک خوبصورت علامت ہے۔ اپنی گہری جڑوں، مضبوط تنے اور ہر سمت پھیلی ہوئی شاخوں کے ساتھ یہ بہت وسیع علاقے تک پھیل سکتا ہے اور صدیوں تک قائم رہ سکتا ہے۔ یہ مختلف قسم کے پودوں اور جانداروں کو پناہ دیتا ہے اور اپنی شاخوں کو، جو ایک ہی تنے سے جڑی ہوتی ہیں، نئی جڑیں پیدا کرنے کی ترغیب دیتا ہے۔ درحقیقت، ہندومت، بدھ مت اور جین مت برگد کے درخت کو مقدس مانتے ہیں۔



سوالات، سرگرمیاں اور منصوبے

1 . ایک طالبِ علم دیکھتا ہے کہ آج بہت سے لوگ اندرونی سکون اور خود شناسی کے لیے یوگا کرتے ہیں۔ کون سی وضاحت اس جدید عمل کو قدیم روایات سے جوڑتی ہے؟

A . یوگا ایک جدید جسمانی ورزش کا طریقہ ہے۔

B . یوگا کی جڑیں ویدک روحانی روایات میں ہیں۔

C . یوگا صرف جنگجوؤں کے لیے بنایا گیا تھا۔

D . یوگا کا روحانیت سے کوئی تعلق نہیں تھا۔

2. صحیح یا غلط بتائیں:

(a) ویدک بھجن کھجور کے پتوں پر لکھے گئے تھے۔

(b) وید ہندوستان کی سب سے قدیم کتابیں ہیں۔

(c) ویدک قول "ایکم ست وپرا بہودھاودنتی" آسمانی طاقتوں کی اتحاد میں یقین کو ظاہر کرتا ہے۔

(d) بدھ مت ویدوں سے قدیم ہے۔

(e) جین مت بدھ مت کی ایک شاخ کے طور پر ابھرا۔

(f) بدھ مت اور جین مت دونوں نے پُرامن بقائے باہمی اور تمام جانداروں کو نقصان نہ پہنچانے کی تعلیم دی۔

(g) قبائلی اعتقادی نظام صرف روحوں اور چھوٹے دیوی دیوتاؤں پر یقین تک محدود ہیں۔

3 . بدھ مت کے چند مرکزی نظریات بیان کریں۔ مختصراً ان پر تبصرہ کریں۔

4. بدھ کے اس قول پر جماعت میں گفتگو کریں جو ان الفاظ سے شروع ہوتا ہے:

"نہ پانی سے انسان پاک ہوتا ہے، چاہے بہت سے لوگ یہاں (مقدس دریاؤں میں) نہائیں"... تاکہ اس کا مطلب سب اچھی طرح سمجھ سکیں۔

5. جین مت کے چند مرکزی نظریات بیان کریں۔ مختصراً ان پر تبصرہ کریں۔

6. اپنے علاقے میں مشہور دیوی دیوتاؤں اور ان سے وابستہ تہواروں کی فہرست بنائیں۔

7. اگر آپ نچیکیتا ہوتے تو یما سے کون سے سوالات پوچھتے؟ انہیں 100–150 الفاظ میں لکھیں۔

8. آندرے بیٹیئل کے خیال پر جماعت میں غور و فکر اور گفتگو کریں۔

9. جماعتی سرگرمی کے طور پر، اپنے علاقے یا ریاست کے دو یا تین قبائلی گروہوں کی فہرست بنائیں۔ ان کے فن اور اعتقادی نظام کے بارے میں معلومات جمع کریں۔

10. ایک مختصر ڈراما پیش کریں جس میں موت کے دیوتا یَما کے گرد بہت سے نچیکیتا زندگی کے بارے میں سوالات پوچھ رہے ہوں۔

a a a

باب
6

خاندان اور برادری

J5T6Y1

اکتسابی نتائج

طلبہ درج ذیل کام کو کرنے کے قابل ہو جائیں گے۔

- برادری (کمیونٹی) کے تصور کی وضاحت کیجیے اور بتائیں گے کہ خاندان مل کر کس طرح ایک برادری تشکیل دیتے ہیں۔(CG-6)
- انسانی معاشرے کی بنیاد کے طور پر خاندان کے کردار کی وضاحت کیجیے اور یہ بھی بتائیں گے کہ خاندان کے افراد ایک دوسرے کی کس طرح مدد کرتے ہیں۔ (CG-1)
- تجزیہ کیجیے کہ مختلف برادریاں ایک دوسرے پر کس طرح انحصار کرتی ہیں۔ (CG-1)


"محبت اور فرض خاندانی زندگی کے پھول اور پھل ہیں۔" - ترووللور


اہم سوالات ؟

1. خاندانی اکائی کیوں اہم ہے؟
2. برادری (کمیونٹی) کیا ہے اور اس کا کیا کردار ہے؟

خاندان

ہم میں سے تقریباً سبھی ایک خاندان میں رہتے ہیں۔ خاندان کسی بھی معاشرے کی بنیادی اور سب سے قدیم اکائی ہے۔ آج کے ہندوستانی معاشرے میں خاندانوں کی کئی قسمیں پائی جاتی ہیں — مشترکہ خاندان سے لے کر چھوٹے (نیوکلیئر) خاندان تک۔ ایک مشترکہ خاندان میں کئی نسلیں ایک ساتھ رہتی ہیں — دادا دادی، والدین، چچا، پھوپھیاں، بھائی، بہنیں اور کزن وغیرہ۔





مشترکہ خاندان کی مثالیں





وحدانی خاندان کی مثالیں

دوسری طرف، وحدانی خاندان صرف ماں باپ اور ان کے بچوں تک محدود ہوتا ہے، اور بعض اوقات ایک والد یا والدہ اور بچوں پر مشتمل ہوتا ہے۔

آیئے معلوم کریں

← آپ اپنے محلے میں کس قسم کے خاندان دیکھتے ہیں؟ ہر قسم کے خاندان کے ساتھ مکانوں کی تعداد لکھیں۔

← کون سی قسم کے خاندان کی تعداد زیادہ ہے؟ آپ کے خیال میں ایسا کیوں ہے؟

← جماعتی سرگرمی کے طور پر، اپنے ہم جماعتوں کے نتائج کا موازنہ کیجیے اور اس پر بحث کیجیے۔

انگریزی میں خاندانی رشتوں کو بیان کرنے کے لیے زیادہ اصطلاحات موجود نہیں ہیں؛ ہم نے پہلے پیراگراف میں ان میں سے بعض اصطلاحات دیکھی ہیں۔ ہندوستانی زبانوں میں اس کے مقابلے میں کہیں زیادہ اصطلاحات پائے جاتے ہیں۔ مثال کے طور پر، تلگو زبان میں اتّا، پنّی، ماما، پیدتا، پیدانانّا، بابائی، تاتا، امّما اور بہت سے دوسرے الفاظ موجود ہیں۔ بعض زبانوں، جیسے تمل، میں بڑے بھائی / بہن اور چھوٹے بھائی / بہن کے لیے بھی الگ الگ الفاظ ہیں۔ لیکن کسی ہندوستانی زبان میں "کزن" کے لیے کیا لفظ ہے؟ زیادہ تر ہندوستانی زبانوں میں آپ دیکھیں گے کہ اس کے لیے کوئی الگ لفظ نہیں ہے! اس کی وجہ یہ ہے کہ کزنز کو بھی صرف "بھائی" اور "بہن" سمجھا جاتا ہے۔ یہ خاندان کے تمام بچوں کے درمیان گہرے تعلقات کو ظاہر کرتا ہے۔

آیئے معلوم کریں

← اپنے خاندان کے سبھی کی ایک فہرست بنائیں، جن میں کچھ دور کے رشتہ دار بھی شامل ہوں۔ ان کے رشتوں کے نام اپنی مادری زبان یا علاقائی زبان میں لکھیں اور ان کے انگریزی اصطلاحات تلاش کرنے کی کوشش کیجیے۔ ہندی کی دو مثالیں ذیل میں دی گئی ہیں:

نام	ہندی اصطلاح	تفصیل / اصطلاح انگریزی میں
رانی	بہن	رانی ماں کی بہن کی بیٹی (کزن) — (دیگر ممکنہ معنوں میں سے ایک)
سمیر	چاچا	والد کے چھوٹے بھائی (چچا / انکل)

← آپ دیکھیں گے کہ کس طرح زیادہ تر آپ کی اپنی مادری یا علاقائی زبان میں اکثر ایک لفظ کی درست توضیح کے لیے انگریزی کے کئی لفظوں کی ضرورت ہوتی ہے۔

کردار اور ذمہ داریاں

خاندان کے افراد کے درمیان تعلقات محبت، دیکھ بھال، تعاون اور باہمی انحصار پر قائم ہوتے ہیں۔ "تعاون" کا مطلب ہے "مل کر کام کرنا"۔ خاندان کے ہر فرد کا دوسرے افراد کے لیے ایک کردار اور ذمہ داری ہوتی ہے۔ مثال کے طور پر، والدین کی ذمہ داری ہوتی ہے کہ وہ اپنے بچوں کی پرورش اس طرح کریں کہ وہ خوش حال افراد اور معاشرے کے ذمہ دار رکن بن سکیں۔ اسی طرح جب بچے بڑے ہوتے ہیں تو وہ بھی گھر میں زیادہ ذمہ داریاں سنبھالتے ہیں تاکہ دوسرے افرادِ خاندان — چاہے والدین ہوں، بہن ہو یا بھائی — کی مدد کر سکیں۔ روزمرہ کی مشق کے ذریعے بچے گھر کے معاملات میں حصہ لینا سیکھتے ہیں۔ بہت سے گھروں میں بچے ان روایات اور طریقوں کو بھی سیکھتے ہیں جن پر ان کا خاندان نسلوں سے عمل کرتا آیا ہے۔

آیئے معلوم کریں

مندرجہ ذیل سوالات کے جواب دیجیے اور اپنے چند ہم جماعتوں کے جوابات سے ان کا موازنہ کریجیے:

← آپ کے خاندان میں بازار سے کیا خریدنا ہے، اس کا فیصلہ کون کرتا ہے؟

← آپ کے گھر میں کھانا کون پکاتا ہے؟

← آپ کے خاندان میں سب سے عمر رسیدہ شخص کون ہے؟

← آپ کے گھر میں فرش کون صاف کرتا ہے؟

← آپ کے گھر میں برتن کون صاف کرتا ہے؟

← آپ کو ہوم ورک کرنے میں کون مدد کرتا ہے؟

اپنے دھرم پر عمل کرنا، یا اپنا فرض ادا کرنا، ہندوستانی ثقافت کا ایک اہم اصول رہا ہے۔ خاندان ایک "مدرسہ" بھی ہے، جہاں بچے اہم اقدار جیسے اہنسا (عدمِ تشدد)، دان (خیرات)، سیوا (خدمت) اور تیاگ (قربانی) سیکھتے ہیں۔ خاندان کے افراد اکثر خاندان کی ضروریات پوری کرنے کے لیے اپنی ذاتی ضروریات قربان کر دیتے ہیں۔



گیتیکا اپنے خاندان کے ساتھ آندھرا پردیش کے ایک قصبے میں رہتی ہے۔ اس کے والد ایک چھوٹا کاروبار چلاتے ہیں اور اس کی والدہ قریبی اسکول میں معلمہ ہیں۔ گیتیکا کا ایک چھوٹا بھائی بھی ہے۔ اس کی دادی، (والد کی والدہ)، بابائی (والد کے بھائی یا چچا) اور اس کی پنی (چچی یا چچا کی بیوی) بھی ان کے ساتھ رہتے ہیں۔ ان کی ایک بیٹی ہے، جو گیتیکا کی چچیری بہن ہے اور جسے وہ چنی کہہ کر بلاتی ہے۔



گیتیکا کے چچا کی حال ہی میں نوکری چلی گئی تھی اور اس کی چچی گھریلو خاتون تھیں۔ پورا خاندان سنکرانتی کے تہوار کی تیاری کر رہا تھا۔ نانا نانی نے گیتیکا کے والد کو بتایا کہ ان کے بھائی مالی مشکلات کا شکار ہیں، اس لیے وہ تہوار کے لیے نئے کپڑے نہیں خرید سکتے۔ جب گیتیکا کے والدین اسے اور اس کے بھائی کو خریداری کے لیے لے گئے تو انہوں نے نہ صرف اپنے لیے بلکہ بابائی (چنا)، پنّی اور چنّی کے لیے بھی نئے کپڑے خریدے۔ اس کے نتیجے میں گیتیکا کو وہ ریشمی لباس نہ مل سکا جس کی اسے امید تھی؛ اسے سادہ سوتی لباس پر اکتفا کرنا پڑا۔ نانا نانی نے گیتیکا کو سمجھایا کہ خاندان اسی طرح ایک دوسرے کی مدد کرتے ہیں اور جو کچھ ان کے پاس ہوتا ہے اسے آپس میں بانٹتے ہیں۔ گیتیکا کو اپنے سادہ لباس پر کوئی اعتراض نہیں تھا۔ وہ خوش تھی کہ سب کو کچھ نہ کچھ نئے کپڑے مل گئے۔


آیئے معلوم کریں

- ← سات افراد پر مشتمل اس خاندان کا ایک سادہ شجرہ نسب بنائیں۔
- ← آپ کے خیال میں گیتیکا کے والدین نے سب کے لیے کپڑے کیوں خریدے؟
- ← اگر آپ گیتیکا کی جگہ ہوتے تو آپ کیا کرتے؟

یہ کہانی آندھرا پردیش میں پیش آئی تھی۔ اب آیئے شمال مشرق کی طرف، میگھالیہ کے ایک گاؤں کا سفر کرتے ہیں۔

میرا نام تنزنگ ہے۔ مجھے وہ پہاڑ بہت پسند ہیں جہاں ہم رہتے ہیں، اگرچہ زندگی کبھی کبھی مشکل ہوتی ہے۔ میرے والد ایک چھوٹی کریانے کی دکان چلاتے ہیں۔ جب میری والدہ ایک مقامی دستکاری کے تعاونی ادارے میں مصروف ہو گئیں، جہاں وہ سیاحوں کے لیے ہمارے خوبصورت روایتی کپڑے، لکڑی کی نقش و نگاری اور دوسری چیزیں تیار کرتی ہیں، تو میرے والد نے گھر کی صفائی، ہمارے چھوٹے سبزیوں کے باغ کی دیکھ بھال اور دیگر گھریلو کاموں میں حصہ لینا شروع کر دیا۔ اکثر وہ میری دادی کے ساتھ مل کر ہمارے لیے کھانا تیار کرنے میں بھی مدد کرتے ہیں۔

دادی اماں ہمیشہ مجھے دلچسپ کہانیاں سناتی ہیں، جن میں مزاح اور دانائی ہوتی ہے؛ ایسا لگتا ہے کہ ان سے بہتر لوگوں کو کوئی نہیں سمجھتا! دادا جان میرے ہوم ورک میں مدد کرتے ہیں اور مجھے اسکول بس اسٹاپ تک لے جاتے ہیں۔ وہ ہماری کالونی میں سماجی خدمت کے کاموں میں بھی سرگرم رہتے ہیں اور ہمیشہ دوسروں کی مدد کے لیے تیار رہتے ہیں۔ مثال کے طور پر، جب ہمارے علاقے میں بجلی چلی جاتی ہے تو وہ قریبی دفتر جا کر شکایت درج کرواتے ہیں۔





جب ہمارے پڑوسیوں کا گھر ایک طوفان میں خراب ہو گیا تو انہوں نے پورے محلے سے کچھ رقم جمع کی تاکہ مرمت میں مدد کی جا سکے۔ ہم خوش قسمت ہیں کہ میرے والدین ہماری بنیادی ضروریات، جیسے غذا اور کپڑے، پورے کر سکتے ہیں۔

جب بھی کوئی خاص خرچ سامنے آتا ہے تو میں نے اکثر دیکھا ہے کہ وہ اس پر مل بیٹھ کر بات کرتے ہیں۔ والدہ کہتی ہیں کہ ہمیں ہمیشہ کچھ رقم بچا کر رکھنی چاہیے تاکہ مستقبل میں اچانک پیش آنے والی ضروریات کو پورا کیا جا سکے۔

آیئے غور و فکر کریں

- تنزنگ کے والد خاص اخراجات کے بارے میں اپنی بیوی سے مشورہ کیوں کرتے ہیں؟
- گھریلو کاموں میں تنزنگ کے والد کی شرکت کے بارے میں آپ کی کیا رائے ہے؟
- تنزنگ کے دادا، دادی خاندان میں کیا کردار ادا کرتے ہیں؟

آیئے معلوم کریں

- ہندوستان کے کسی بھی علاقے کے ایک خاندان کی کہانی تخلیق کیجیے، جس میں خاندانی اقدار پر عمل کرتے ہوئے دکھایا گیا ہو۔ اسے تحریر یا تصویر کی صورت میں اپنی جماعت کے ساتھ تبادلہ خیال کیجیے۔
- اپنے تمام ہم جماعتوں کے ساتھ مل کر دو یا تین خاندانوں پر مشتمل ایک مختصر ڈراما پیش کیجیے۔ آپ جو ڈراما لکھیں، اس میں خاندانوں کو درپیش کچھ مشکل حالات شامل ہو سکتے ہیں اور یہ بھی دکھایا جا سکتا ہے کہ ان مسائل کو کس طرح حل کیا گیا۔
- گیتیکا اور تنزنگ کی کہانیوں میں ہم مشترکہ خاندانوں کی مثالیں دیکھتے ہیں۔ آپ کے خیال میں جدید طرزِ زندگی کے کون سے پہلو بعض میاں بیوی کو وحدانی خاندان (یعنی بزرگوں یا دیگر رشتہ داروں سے الگ رہنے) کا انتخاب کرنے پر آمادہ کرتے ہیں؟ مشترکہ اور وحدانی خاندانوں کے کیا فوائد اور نقصانات ہو سکتے ہیں؟

برادری

خاندان نہ صرف اپنے اندر ایک دوسرے سے جڑے ہوتے ہیں بلکہ دوسرے خاندانوں اور اپنے آس پاس کے لوگوں سے بھی تعلق رکھتے ہیں۔ ایسے باہم منسلک لوگوں کے گروہ کو **برادری (کمیونٹی)** کہا جا سکتا ہے (سیاق و سباق کے مطابق "کمیونٹی" کے دیگر معنی بھی ہو سکتے ہیں)۔ برادری کے افراد مختلف مقاصد کے لیے ایک دوسرے کے ساتھ مل کر کام کرتے ہیں، جیسے تہوار منانا، دعوتوں، شادیوں اور دیگر تقریبات کا اہتمام کرنا۔ بعض دیہاتوں میں لوگ زرعی کاموں، مثلاً زمین تیار کرنے، بیج بونے اور فصل کاٹنے میں ایک دوسرے کی مدد کے لیے بھی اکٹھے ہوتے ہیں۔

وقت گزرنے کے ساتھ، برادریوں نے اکثر قدرتی دولت اور مشترکہ وسائل، جیسے پانی، چراگاہوں اور جنگلاتی پیداوار کے استعمال کے بارے میں کچھ اصول طے کر لیتے ہیں۔ یہ صورتِ حال بہت سی قبائلی برادریوں میں دیکھی جاتی ہے۔ کسی حد تک آج بھی دیہی ہندوستان کی دیہاتی برادریوں میں ایسا ہی ہے۔ ایسے طریقوں کو ہم **"اصول"** کہہ سکتے ہیں، شاید ہی یہ تحریری شکل میں ہوتے تھے۔ ان اصولوں نے برادریوں کو وسائل تک محفوظ رسائی فراہم کی۔ لیکن اس کا مطلب یہ بھی ہے کہ برادری کے تمام خاندانوں اور افراد کی کچھ مخصوص ذمہ داریاں ہوتی ہیں جنہیں انہیں ادا کرنا پڑتا ہے۔ ورنہ برادری کا نظام بخوبی نہیں چل سکتا۔



اسے یاد رکھیں



- سال بہ سال، مدھیہ پردیش کے جھابوا قصبے کے آس پاس کا علاقہ شدید آبی بحران کا شکار رہا۔ بحران کے وقت کسی فردیا خاندان کی مدد کے لیے اکٹھا ہونے کی اپنی ہلمار روایت کے مطابق، بھیل برادری نے سینکڑوں دیہاتوں میں ہزاروں درخت لگانے کا فیصلہ کیا۔ بھیلوں نے بارش کے پانی کو محفوظ کرنے کے لیے بہت سی خندقیں بھی کھودیں اور پانی ذخیرہ کرنے کے دیگر ڈھانچے بھی تعمیر کیے۔ انہیں اس کام کا کوئی معاوضہ نہیں ملا، بلکہ انہوں نے اسے اپنی برادری اور ماحول کے لیے اپنا فرض سمجھ کر انجام دیا۔ ہلمار روایت میں مقصد مادرِ ارض (زمین ماں) کی خدمت کرنا ہے۔ 2019 میں شری مہیش شرما کو بھیل برادریوں کے ساتھ ان کی انقلابی خدمات کے اعتراف میں پدم شری ایوارڈ سے نوازا گیا۔

- 2024 میں وجے واڑہ کے سیلاب کے دوران سڑکیں دریاؤں کی شکل اختیار کر گئی تھیں اور لوگ نقل و حرکت کے قابل نہیں رہے تھے۔ تقریباً تمام دکانیں بند ہو گئیں اور خدمات معطل ہو گئیں۔ بہت سے نجی گروہوں، خصوصاً روحانی اور مذہبی تنظیموں نے بڑی مقدار میں کھانا تیار کیا اور ضرورت مند لوگوں میں تقسیم کیا۔

- اس طرح کی اور بھی بہت سی مثالیں موجود ہیں جہاں لوگ بغیر کسی ذاتی فائدے کی توقع کے برادری کی بھلائی کے لیے مل کر کام کرتے ہیں۔ کیا آپ نے بھی ایسی کسی مثال کے بارے میں سنا ہے؟

مندرجہ بالا دی گئی حقیقی زندگی کی کہانیاں دیہی ماحول میں برادری (کمیونٹی) کی مثالیں پیش کرتی ہیں۔ شہری ماحول میں بھی برادری موجود ہوتی ہے، اگرچہ اس کا طریقۂ کار کچھ مختلف ہو سکتا ہے۔ آیئے ایک اور حقیقی زندگی کی کہانی کے ذریعے اس کی ایک مثال دیکھتے ہیں۔

ہلما















بیس سال سے بھی زیادہ عرصہ قبل، احمد آباد (گجرات) کے ایک علاقے میں ایک چھوٹی آٹو فیبریکیشن کے مالک **کمل پرمار** نے سڑک پر رہنے والے کچھ محروم بچوں کو دیکھا۔ ان میں سے کچھ نے اسکول چھوڑ دیا تھا، جبکہ کچھ کبھی اسکول گئے ہی نہیں تھے۔ کمل نے اپنے روزمرہ کے کام کے بعد ہر روز شام 5:30 بجے سے 9:30 بجے تک ان بچوں کو مفت پڑھانا شروع کر دیا۔ وہ بچوں کو مفت رات کا کھانا بھی فراہم کرتے تھے۔ جلد ہی 150 بچے باقاعدگی سے ان کلاسوں میں آنے لگے اور تعلیم میں گہری دلچسپی لینے لگے۔

ایک مقامی اسکول کے چند اساتذہ نے ان کلاسوں کو دیکھا اور کچھ عرصے کے لیے تدریس میں شامل ہو گئے۔ ان میں سے ایک استاد نے کہا: "ان بچوں کے پاس بیٹھنے کے لیے مناسب بینچ نہیں ہیں، نہ ہی **خاموش کمرہ جماعت** ہے، اور سڑک سے گزرنے والی گاڑیوں کا شور بھی بہت ہوتا ہے، پھر بھی یہ بچے پوری توجہ سے اساتذہ کی بات سنتے ہیں۔ اس بات نے میرے دل کو چھو لیا۔ ان سے جو محبت اور اپنائیت ملی، وہ ناقابلِ یقین تھی۔" بعض بڑے بچے، جو باقاعدہ اسکولوں میں پڑھتے تھے، رضاکار (والنٹیئر) کے طور پر کمل کی کلاسوں میں پڑھانے کے لیے آنے لگے۔ ان میں سے ایک نے کہا: "ہم وہاں پڑھانے گئے تھے، لیکن اس کے بجائے ہم نے خود بہت کچھ سیکھا۔"

← اس کہانی پر اپنی جماعت میں بحث کیجیے۔ یہ برادری (کمیونٹی) کے بارے میں کس قسم کے رویّے کو ظاہر کرتی ہے؟

← کمل پرمار کے اس اقدام میں کون سی اقدار جھلکتی ہیں؟

← ان محروم بچوں کے بارے میں سوچیں۔ کیا آپ کے خیال میں معاشرے نے ان کے ساتھ ناانصافی کی ہے؟

← اس بات کو یقینی بنانے کے لیے کہ تمام بچوں کو تعلیم تک رسائی حاصل ہو، معاشرے کو کیا کرنا چاہیے؟

گزشتہ 30 یا 40 برسوں میں برادریوں کی نئی اقسام بھی وجود میں آئی ہیں۔ بہت سے شہری علاقوں میں **فلاح باشندگان کی انجمن** (Residents' Welfare Associations) ایسی کی مثال برادریوں کی مثال ہیں جو اپنے اصول وضوابط خود بناتی ہیں۔ یہ اصول کچرے کے انتظام، مشترکہ مقامات کی صفائی، پالتو جانوروں کی دیکھ بھال وغیرہ سے متعلق ہو سکتے ہیں۔ برادری میں رہنے والے لوگ ان اصولوں اور ضوابط کی تشکیل میں حصہ لیتے ہیں۔

برادریاں دراصل ایک دوسرے پر انحصار کرتی ہیں۔ مثال کے طور پر، یہی فلاح باشندگان کی انجمن ضروری اشیاء کی فراہمی کے لیے تجارتی برادری پر اور فضلے کی نکاسی کے لیے بلدیاتی کارکنوں پر انحصار کرتی ہیں۔ ہمارے پیچیدہ معاشروں میں ہر شخص بہت سے دوسرے افراد اور برادریوں پر منحصر ہوتا ہے۔



آیئے معلوم کریں

← اپنے خاندان سے باہر ان تمام لوگوں کی فہرست بنائیں جو کسی نہ کسی طرح اپنے کام کے ذریعے آپ کی مدد کرتے ہیں۔

اب ہم سمجھ چکے ہیں کہ "برادری (کمیونٹی)" ایک لچک دار تصور ہے۔ چند مزید مثالیں:

← ایک جاتی یا اس کی ذیلی شاخ کو بھی اکثر برادری کہا جاتا ہے۔

← کسی خاص مذہب، علاقے، مشترکہ پیشے یا دلچسپی رکھنے والے لوگوں کے گروہ، خصوصاً ایک چھوٹے گروہ، کو بھی برادری کہا جا سکتا ہے۔ مثال کے طور پر " : **ممبئی کی پارسی برادری**"، "**چنئی کی سکھ برادری**"، "**امریکہ کی ہندوستانی برادری**"، "**کیرالہ کی سائنسی برادری**"، "**ہمارے اسکول کی فنونِ لطیفہ کی برادری**"، "**گاؤں کی کسان برادری**" وغیرہ۔ اس فہرست کا کوئی اختتام نہیں!

❖ آپ اپنے اسکول میں مختلف برادریوں کا حصہ ہوسکتے ہیں — مثلاً آپ کی جماعت (کلاس)، کھیلوں کی برادری نیشنل سروس اسکیم (NSS)، نیشنل کیڈٹ کارپس (NCC)، سائنس کلب، ڈرامہ کلب وغیرہ۔

آیئے معلوم کریں

← آپ کس قسم کی برادریوں کا حصہ ہیں؟

← کیا آپ اسکول میں کسی کلب کا حصہ ہیں؟ وہ کس طرح کام کرتا ہے؟



اس سے پہلے کہ ہم آگے بڑھیں.....

← **خاندان** انسانی معاشرے کی بنیاد ہے۔ مثال کے طور پر خاندان کے افراد اپنی مختلف ذمہ داریوں اور کاموں میں ایک دوسرے کا تعاون کرتے ہیں۔

← **برادری (کمیونٹی)** ایک بڑی اکائی ہے، جس کا مطلب یہ بھی ہے کہ لوگ ایک دوسرے کی مدد کرنے کی پوری کوشش کریں۔ برادری کی مختلف تعریفیں ہوسکتی ہیں اور اس کی کئی اقسام پائی جاتی ہیں۔

← آخر کار، **تمام برادریاں ایک دوسرے پر انحصار کرتی ہیں۔**

سوالات، سرگرمیاں اور منصوبے

1. آپ اپنے خاندان اور محلے میں کن اصولوں پر عمل کرتے ہیں؟ وہ کیوں اہم ہیں؟
2. ایک گاؤں میں مشترکہ خاندانوں سے وحدانی خاندانوں کی طرف تبدیلی آرہی ہے۔ اس تبدیلی کی سماجی، معاشی اور تعلیمی وجوہات بیان کریں۔ مختصراً وضاحت کریں۔
3. کیا آپ کے خیال میں خاندان یا برادری کے بعض اصول کچھ لوگوں کے لیے غیر منصفانہ ہوتے ہیں؟ کیوں؟
4. ایسی مختلف صورتِ حال بیان کریں جنہیں آپ نے دیکھا ہو جہاں برادری کے تعاون سے مثبت فرق پڑا ہو۔ آپ ان کے بارے میں لکھ سکتے ہیں یا تصویر بنا سکتے ہیں۔

باب
7

کام کی قدر

M3E3U4

اکتسابی نتائج

طلبہ درج ذیل کام کو کرنے کے قابل ہو جائیں گے۔

← معاشی (Economic) اور غیر معاشی (Non-Economic) سرگرمیوں میں فرق کریں گے۔(CG-9)

← سیوا(بے لوث خدمت) کی اہمیت کو غیر معاشی سرگرمیوں کے ایک حصے کے طور پر پہچانیں گے۔(CG-1)

← یہ سمجھ سکیں گے کہ غیر معاشی سرگرمیاں معاشرے کی فلاح و بہبود میں کس طرح کردار ادا کرتی ہیں۔ -(CG-1)


"جب آپ کوئی کام کر رہے ہوں تو اس کے علاوہ کسی اور چیز کے بارے میں نہ سوچیں۔ اسے عبادت سمجھ کر کریں، اسے اعلیٰ ترین عبادت جانیں، اور اس وقت کے لیے اپنی پوری زندگی اس کے لیے وقف کر دیں۔" —سوامی وویکانند

اہم سوالات؟

1. لوگ کن مختلف قسم کی سرگرمیوں میں حصہ لیتے ہیں؟
2. ہماری روزمرہ زندگی میں ان سرگرمیوں کا کیا کردار ہے؟

انو اور کبیر پارک میں کھیل رہے تھے کہ انہوں نے اپنی پڑوسن، گیتا آنٹی، کو ایک ٹیکسی سے اترتے ہوئے دیکھا۔ وہ نوکری کر کے واپس گھر لوٹ رہی تھیں اور وہ اپنی وردی میں تھیں۔ ہندوستانی فضائیہ کی ایک پائلٹ ہونے کے ناطے، وہ پورے شہر کا فخر ہیں۔







...اپنے پڑوس کے بچوں کو جغرافیہ کے اسباق مفت سکھاتے ہوئے...



...ہمارے سبزیوں کے باغ کی دیکھ بھال کرنے میں، اور...



...گھر کے مختلف کام کاج اور ضروری کام نمٹانے میں مصروف رہتے ہیں۔



میرے والدین ایک دکان چلاتے ہیں جہاں وردیاں اور دیگر تیار شدہ کپڑے فروخت کیے جاتے ہیں۔ ابّا صبح سویرے گھر سے نکل جاتے ہیں اور ہمارے اسکول جانے کے بعد ماں بھی دکان پر ان کا ساتھ دینے کے لیے پہنچ جاتی ہیں۔



ماں عموماً اس وقت تک گھر واپس آجاتی ہیں جب ہم اسکول سے واپس آتے ہیں۔ وہ ایک رضاکارانہ (فلاحی) گروپ میں بھی حصہ لیتی ہیں جو برادری کی خواتین کو بنائی (Knitting) سکھاتا ہے۔



کیا تمہیں میرا بڑا بھائی روہن یاد ہے؟ تم ان سے اُس وقت ملے تھے جب وہ مجھے اسکول سے لینے آئے تھے۔ وہ ایک سافٹ ویئر انجینئر ہیں اور ایک ایسی کمپنی میں کام کرتے ہیں جو کمپیوٹر ایپلی کیشنز تیار کرتی ہے۔ ہفتے کے آخر (ویک اینڈ) پر وہ رضاکارانہ طور پر قریبی کالج کے نوجوانوں کی ترقی کے پروگرام میں شامل طلبہ کو کمپیوٹر کی مہارتیں سکھاتے ہیں۔

واہ، انو! ہمارے اطراف کے لوگ ہر روز کتنے سارے کام کرتے ہیں!

آیئے معلوم کریں

انو اور کبیر کی کہانی میں لوگوں نے کن سرگرمیوں میں مصروف ہیں؟ انہیں درج ذیل دی گئی جدول میں درج کیجیے۔

مالی قدر
کسی شے سے حاصل ہونے والے فائدے کی بنیاد پر مقرر کردہ مالیاتی قدر

کہانی کا کردار	سرگرمیاں جن میں وہ مصروف ہیں	

مندرجہ بالا مختلف قسم کی سرگرمیوں کو،، دو گروہوں یا اقسام میں تقسیم کیا گیا ہے: **معاشی سرگرمیاں** اور **غیر معاشی سرگرمیاں**۔ **معاشی سرگرمیاں** وہ ہوتی ہیں جن میں پیسے شامل ہو یا جو متعلقہ افراد کے لیے پیسے یا **مالی قدر** (Money's Worth) کے بدلے انجام دی جاتی ہوں۔ مثال کے طور پر: بازار میں اسکول کے بیگ فروخت کرنے والا تاجر، بازار میں اپنی پیداوار فروخت کرنے والا کسان، مقدمہ لڑ کر **فیس** حاصل کرنے والا وکیل، سامان کو ایک جگہ سے دوسری جگہ منتقل کرنے والا ٹرک ڈرائیور، گاڑیاں بنانے والی فیکٹری میں کام کرنے والے مزدور وغیرہ۔

غیر معاشی سرگرمیاں وہ ہوتی ہیں جو آمدنی یا دولت پیدا نہیں کرتیں، بلکہ شکر گزاری، محبت، ہمدردی، احترام اور خدمت جیسے جذبات کے تحت انجام دی جاتی ہیں۔





دائیں سے بائیں، اوپر سے نیچے:
بازار میں اسکول کے بیگ فروخت کرنے والا تاجر، بازار میں اپنی فصل فروخت کرنے والے کسان، مقدمہ پر بحث کرتے ہوئے وکیل، سامان کو ایک جگہ سے دوسری جگہ منتقل کرنے والا ٹرک ڈرائیور، اور گاڑیاں بنانے والی فیکٹری میں کام کرنے والے مزدور۔

بازار: (Market) ایک ایسی جگہ جہاں لوگ اشیاء اور خدمات کا لین دین کرتے ہیں۔ لوگ اشیاء اور خدمات کا تبادلہ دوسری اشیاء کے بدلے بھی کر سکتے ہیں، لیکن اکثر بازاروں میں یہ لین دین رقم کے بدلے کیا جاتا ہے۔

فیس: (Fee) کسی شخص یا ادارے کو پیشہ ورانہ مشورے یا خدمات کے بدلے میں دی جانے والی رقم۔ مثال کے طور پر ڈاکٹر یا وکیل کو ادا کی جانے والی فیس۔





مثال کے طور پر، والدین کا خاندان کے لیے کھانا پکانا یا اپنے بچوں کی پڑھائی میں مدد کرنا، نوجوانوں کا اپنے دادا دادی یا نانا نانی کی دیکھ بھال کرنا، خاندان کے افراد کا گھر کی مرمت یا تزئین و آرائش میں مدد کرنا وغیرہ۔




دائیں سے بائیں: والدہ اپنے بچوں کی اسکول کے کام میں مدد کر رہی ہیں، والدین خاندان کے لیے کھانا پکا رہے ہیں۔




دائیں سے بائیں: نوجوان لڑکی دادی کی مدد کرتی ہوئی، خاندان کے افراد گھر کی مرمت اور تزئین و آرائش میں مدد کرتے ہوئے۔

آیئے معلوم کریں

صفحہ 182 پر دی گئی جدول میں کیا آپ نے تیسرا خالی کالم دیکھا؟ اس کالم کا عنوان "**معاشی / غیر معاشی سرگرمی**" رکھیں۔ اب سرگرمی کی نوعیت کے مطابق ان کی درجہ بندی کریں۔

تنخواہ (Salary): ایک مقررہ اور باقاعدہ ادائیگی جو عموماً ہر ماہ آجر (Employer) اپنے ملازم (Employee) کو ادا کرتا ہے۔

انو اور کبیر کی کہانی میں، فضائیہ کی پائلٹ گیتا آنٹی تنخواہ حاصل کرتی ہیں۔ وہ ملک کی خدمت کرتی ہیں اور ایک معاشی سرگرمی بھی انجام دیتی ہیں۔ انو کا بھائی روہن ایک سافٹ ویئر کمپنی میں کام کرتا ہے اور اس کے بدلے اسے تنخواہ ملتی ہے۔ ہفتے کے آخر میں وہ قریبی کالج کے نوجوانوں کی ترقی کے پروگرام میں رضاکارانہ طور پر خدمات انجام دیتا ہے، جہاں وہ نوجوانوں کو کمپیوٹر کی مہارتیں سکھاتا ہے۔ یہ ایک **غیر معاشی سرگرمی** ہے۔

آیئے غور و فکر کریں

- جب کبیر کے دادا محلے کے بچوں کو رضاکارانہ طور پر مفت پڑھاتے ہیں، تو کیا یہ ایک معاشی سرگرمی ہے یا غیر معاشی سرگرمی؟ یہ آپ کے اسکول کے اساتذہ کے آپ کو پڑھانے سے کس طرح مختلف ہے؟ اپنے ہم جماعتوں کے ساتھ اس پر بحث کیجیے۔
- کون سی غیر معاشی سرگرمیاں آپ اور آپ کے خاندان کے لیے اہم ہیں؟ وہ کیوں قدر کی حامل ہیں؟

معاشی سرگرمیوں کے اقسام



کاویہ اپنی مامی کے گاؤں کملاپور جانے کے لیے بہت پُرجوش تھی۔ راستے میں اس نے دیکھا کہ گاؤں کے قریب ایک شاہراہ (ہائی وے) تعمیر کی جارہی ہے۔ اور تعمیراتی مقام سرگرمیوں سے بھرپور تھا۔ بڑی بڑی مشینیں، جیسے **کھدائی کرنے والی مشینیں** (Excavators) اور **بلڈوزر** (Bulldozers)، ماہر تکنیکی کارکن چلا رہے تھے۔ یہ نئی شاہراہ قریبی قصبے تک سفر کے وقت کو پانچ گھنٹوں سے کم کر کے صرف دو گھنٹے کر دے گی۔ کاویہ نے سوچا کہ جب یہ شاہراہ تیار ہو جائے گی تو وہ اپنی مامی سے بار بار ملنے جا سکے گی، کیونکہ وہاں تک پہنچنے میں کم وقت لگے گا۔

یہ سوچ کر کاویہ خوش ہو گئی۔ وہ اپنی مامی سے ملنے اور ان کے بنائے ہوئے مزیدار جلیبیاں کھانے کے لیے دوڑ پڑی۔ تھوڑی دیر بعد اس کے ماموں بھی کام سے واپس گھر آ گئے۔ وہ ایک تعمیراتی کمپنی میں ٹیکنیشن ہیں اور بلڈوزر چلاتے ہیں۔ اپنی خدمات کے بدلے انہیں ماہانہ تنخواہ ملتی ہے۔ اگلے دن کاویہ کی مامی صبح سویرے بیدار ہوئیں، گھریلو کاموں میں اپنا حصہ مکمل کیا اور پھر اپنے کام پر روانہ ہو گئیں۔





وہ گاؤں کے ڈاک خانے میں ملازمت کرتی ہیں اور اس کے بدلے ماہانہ تنخواہ حاصل کرتی ہیں۔ شام کو، دفتر کے کام کے بعد، وہ طلبہ کو اسکول کے امتحانات کی تیاری میں مدد دینے کے لیے آن لائن کلاسیں بھی لیتی ہیں۔ ان کلاسوں کے لیے وہ ہفتہ وار فیس وصول کرتی ہیں۔

ہفتے کے آخر میں کاویہ اپنی مامی کے ساتھ مزیدار آم کھانے کے لیے ایک مقامی آموں کے باغ گئی۔ وہاں اس نے راما کرشنا نامی ایک زرعی مزدور کو دیکھا جو قریب ہی ایک کسان کی زمین پر ٹریکٹر سے ہل چلا رہا تھا۔ وہ اپنی محنت کے بدلے روزانہ اجرت حاصل کرتا ہے۔ اسے اپنے کام کی کچھ ادائیگی نقد رقم کی صورت میں ملتی ہے اور باقی ادائیگی اسی قدر کے آموں کی شکل میں دی جاتی ہے۔ کام کے بدلے ملنے والے یہ آم اجناس کی صورت میں ادائیگی کہلاتے ہیں۔



اجرت: (Wage) کسی مخصوص مدت کے کام کے بدلے آجر (Employer) کی جانب سے مزدور یا کارکن کو دی جانے والی ادائیگی۔

آیئے غور و فکر کریں


آج گھر سے اسکول جاتے ہوئے کیا آپ مختلف معاشی سرگرمیوں کو یاد کر سکتے ہیں جن میں لوگ مصروف رہتے ہیں؟ آپ کے خیال میں ان لوگوں کو کن طریقوں سے ادائیگی کی جاتی ہے؟

اجناس کی صورت میں ادائیگی: کام کے بدلے میں حاصل ہونے والی ایسی ادائیگی جو نقد رقم کی بجائے اشیاء یا سامان کی شکل میں دی جائے۔


جیسا کہ اب ہم سمجھ چکے ہیں، **معاشی سرگرمیاں** وہ ہوتی ہیں جن کی قدر رقم کے لحاظ سے متعین کی جاسکتی ہے۔ معاشی سرگرمیاں کسی چیز کو ایک شکل سے دوسری شکل میں تبدیل کرنے کے عمل کے ہر مرحلے پر اس کی قدر میں اضافہ بھی کرتی ہیں۔ اسے **قدر میں اضافہ (Value Addition)** کہا جاتا ہے۔

اس بات کو سمجھنے کے لیے آیئے کاویہ کے والد، راجیش کی مثال لیتے ہیں۔

راجیش ایک بڑھئی ہے جو لکڑی کا سامان بنانے کے لیے قریبی بازار سے 600 روپے کی لکڑی خریدتا ہے۔



وہ لکڑی کا سامان بنانے کے لیے خاص اوزاروں اور دیگر ضروری اشیا کا استعمال کرتا ہے۔



راجیش بازار میں ایک کرسی 1000 روپے میں فروخت کرتا ہے۔



لکڑی کی قیمت 600 روپے ہے۔ تو باقی 400 روپے (1000 – 600) کس کے لیے ہیں؟ یہ راجیش کی مہارت، وقت اور محنت کی مالی قدر ہے جو اس نے اس کرسی کو بنانے میں لگائی۔ راجیش نے لکڑی کو کرسی میں تبدیل کر کے اس کی قدر میں اضافہ کیا ہے۔ لکڑی خریدنے سے لے کر کرسی بیچنے تک یہ تمام سرگرمیاں ادائیگی سے وابستہ ہیں۔ اس لیے یہ معاشی سرگرمیوں کا حصہ ہیں۔

آیئے معلوم کریں

ان سرگرمیوں / پیشوں کے سامنے (✓) کا نشان لگائیں جو آپ کے خیال میں مالی قدر (monetary value) پیدا کرتے ہیں۔ کیا آپ آخر میں دی گئی خالی قطاروں میں دو مزید سرگرمیاں اور رقم سے متعلق قدر پیدا کرنے کی مثالیں شامل کر سکتے ہیں؟

شمار	سرگرمی / پیشہ	رقم سے متعلق قدر پیدا کرنے کی مثال
1	نان بائی	
2	درزی	
3	کسان کے ذریعے اپنے ٹریکٹر کی مرمت	
4	معالج / ڈاکٹر	
5	والدین جو خاندان کے لیے کھانا پکاتے ہیں	
6	سائنس دان	
7	بیمار دادا، دادی، نانا، نانی کی نگہ داشت کرنے والا شخص	
8		
9		

غیر معاشی سرگرمیوں کی اہمیت

اگرچہ غیر معاشی سرگرمیوں میں رقم شامل نہیں ہوتی، لیکن ان کی پیدا کردہ قدر ہماری زندگیوں میں بہت اہم ہوتی ہے۔

خدمت: بے لوث خدمت

ہم بہت سی جگہوں پر سیوا (بے لوث خدمت) دیکھتے ہیں جیسے مندروں، گردواروں، مساجد اور گرجا گھروں میں۔ مثال کے طور پر گردواروں یا مندروں میں لنگر یا کمیونٹی کچن ہر آنے والے کو مفت کھانا فراہم کرتے ہیں۔ یہ روایات ہمیں اس بات پر قناعت اور شکر گزاری کا احساس دیتی ہیں جو ہمارے پاس ہے، اور یہ معاشرے میں بغیر کسی بدلے کی توقع کے خدمت کرنے کا ایک طریقہ بھی ہیں۔



مندر میں زائرین کو پرساد کی تقسیم



گولڈن ٹیمپل میں لنگر



جنگلات کا تہوار



سوچھ بھارت ابھیان

اجتماعی شرکت کی اہمیت

سوَچھ بھارت ابھیان (صاف بھارت مہم) اس تصور پر مبنی ہے کہ تمام ہندوستانی شہری مل کر اپنے ارد گرد کے ماحول کو صاف ستھرا رکھیں۔ انفرادی طور پر ہم اپنے گھروں اور آس پاس کے علاقوں کی صفائی کا خیال رکھتے ہیں۔ لوگ گلیوں، سڑکوں، پارکوں اور دیگر عوامی مقامات یا کمیونٹی کے علاقوں کی صفائی کے لیے بھی اکٹھے ہوتے ہیں۔ ان تمام مشترکہ کوششوں کے نتیجے میں گھر، محلہ، معاشرہ اور ملک صاف ستھرا بنتا ہے۔ کمیونٹی کی اجتماعی شرکت کی ایک اور مثال ون مہوتسو (جنگلات کا تہوار) ہے، جو ہندوستانی میں درختوں کی اہمیت اور جنگلات کے تحفظ کے بارے میں آگاہی پیدا کرنے کے لیے منایا جاتا ہے۔ اس مہم کے تحت کمیونٹی کے افراد درخت لگانے کی سرگرمیوں میں مل کر حصہ لیتے ہیں۔

آیئے غور و فکر کریں

- ہندوستان کی بہت سی برادریوں میں ایسی ہی روایات پائی جاتی ہیں جن میں اجتماعی شرکت شامل ہوتی ہے۔ کیا آپ اپنے علاقے سے ایسی چند مثالیں بتا سکتے ہیں؟
- ہم ہندوستان میں بہت سے تہوار مناتے ہیں۔ ان تہواروں کے دوران لوگ مختلف سرگرمیوں کے انتظام کے لیے اکٹھے ہوتے ہیں۔ وہ مل کر جگہ کو سجاتے ہیں اور اپنے تیار کردہ کھانے کو آپس میں بانٹتے ہیں۔ کیا یہ غیر معاشی سرگرمیاں ہیں؟ آپ کے خیال میں پھر بھی ان کی کیا اہمیت ہے؟
- کیا آپ اپنے اسکول یا اپنے علاقے میں منعقد کیے گئے کسی عوامی تقریبات کی نشاندہی کر سکتے ہیں؟ ان تقریبات کے دوران آپ نے کیا مشاہدہ کیا؟

اس سے پہلے کہ ہم آگے بڑھیں

- اس باب میں ہم نے معاشی اور غیر معاشی سرگرمیوں کے بارے میں سیکھا۔
- ہم نے یہ بھی سیکھا کہ معاشی سرگرمیاں قدر میں اضافہ (Value Addition) کس طرح پیدا کرتی ہیں۔
- ہم نے یہ سمجھا کہ غیر معاشی سرگرمیاں سماجی فلاح و بہبود، ذاتی خوشحالی اور مجموعی معیارِ زندگی کو بہتر بنانے میں کس طرح اہم کردار ادا کرتی ہیں۔

سوالات، سرگرمیاں اور منصوبے

1. لوگ کس قسم کی معاشی سرگرمیوں میں حصہ لیتے ہیں؟ مثالوں کے ساتھ وضاحت کیجیے۔
2. معاشی سرگرمیاں غیر معاشی سرگرمیوں سے کس طرح مختلف ہیں؟
3. مختلف معاشی سرگرمیوں کے بدلے لوگوں کو کن کن طریقوں سے معاوضہ دیا جاتا ہے؟ کچھ مثالیں دیجیے۔
4. فرض کریں کہ آپ ہفتے کے دنوں میں ایک اسکول میں استاد ہیں اور ہفتے کے آخر میں ایک این جی او (NGO) میں رضاکار استاد کے طور پر خدمات انجام دیتے ہیں۔ دونوں سرگرمیوں کو معاشی یا غیر معاشی درجہ بندی میں رکھیں۔ اس صورتِ حال میں رضاکارانہ اور غیر رضاکارانہ سرگرمیوں کی کیا اہمیت ہے؟
5. برادری کی خدمت کی سرگرمیوں میں حصہ لینے والے افراد کو بہت قدر و احترام کی نگاہ سے دیکھا جاتا ہے۔ اس بیان پر تبصرہ کیجیے۔

a a a



مصنوعی ذہانت کا انضمام

D6Q4G5

اکتسابی نتائج: طلبا درج ذیل کام کو کرنے کے قابل ہو جائیں گے :

1. ڈیجیٹل نقشہ سازی اور (GPS) کے نظام کو سمجھیں گے۔
2. آب وہوا، سمندری حیات یا نصف کرہ کے موضوعات کو آسان الفاظ میں سمجھنے کے لیے (AI) کو استعمال کریں گے۔
3. ماہر آثارِ قدیمہ اور مؤرخ کے درمیان فرق کو سمجھنے کے لیے (AI) کو استعمال کریں گے۔
4. ذمہ داریوں پر غور کرتے ہوئے (AI) کو محفوظ طریقے سے استعمال کریں گے اور سماجی موضوعات پر بحث کریں گے۔
5. (AI) کے ذریعے تیار کردہ خلاصوں سے ہندوستان کے ماضی اور حال کا موازنہ کریں گے۔
6. (AI) کا استعمال کرتے ہوئے خاندانی شجرہ کا خاکہ کی تخلیق کریں گے۔
7. مختلف پیشوں اور ان کے لیے درکار مہارتوں کے بارے میں (AI) سے معلومات حاصل کریں گے

تعارف:

سماجی علوم اہم مہارتیں پیدا کرتے ہیں۔ جیسے مقامات کی نشاندہی کرنا، واقعات کو وقوعی ترتیب (ٹائم لائن) میں رکھنا، ثقافتوں کو سمجھنا، خاندانی کرداروں کو پہچاننا، اور مختلف اقسام کے کام کا تجزیہ کرنا۔ یہ مہارتیں طلبہ کو معاشرے، تاریخ، جغرافیہ اور انسانی تعلقات کو منظم انداز میں سمجھنے میں مدد دیتی ہیں۔



مصنوعی ذہانت (AI) بھی اسی طرح کے عمل کے ذریعے کام کرتی ہے۔ مصنوعی ذہانت (AI) نظام معلومات جمع کرتے ہیں، ڈیٹا کو منظم کرتے ہیں، نمونوں کو پہچانتے ہیں، اور مفید نتائج فراہم کرتے ہیں۔ ڈیجیٹل نقشے، وقوعی ترتیبیں، اسمارٹ معاونین اور ڈیٹا پلیٹ فارمز منظم معلومات اور تجزیے کے ذریعے کام کرتے ہیں۔

دستبرداری: "طلبہ کی جانب سے مصنوعی ذہانت (AI) آلات کا استعمال اساتذہ اور والدین / سرپرستوں کی براہِ راست رہنمائی اور نگرانی میں ہونا چاہیے"

اس سمسٹر کے ابواب سماجی علوم کی بنیادی مہارتوں کو مضبوط بناتے ہیں۔ یہی مہارتیں طلبہ کو یہ سمجھنے میں مدد دیتی ہیں کہ ذہینی نظام معلومات کو کیسے جمع، درجہ بندی، منظم اور تجزیہ کرتے ہیں۔ مصنوعی ذہانت صرف ایک معاون تعلیمی ذریعہ ہے اور یہ نصابی کتب، اساتذہ یا جماعتی مباحثوں کا متبادل نہیں ہے۔

سماجی علوم کے اکتساب میں مصنوعی ذہانت (AI) کی بنیادیں

اس سمسٹر کے اسباق اہم سماجی علوم کی مہارتوں کو فروغ دیتے ہیں جیسے نقشوں کو سمجھنا، مقامات کی شناخت کرنا، واقعات کو وقوعی ترتیب میں رکھنا، ثقافتوں کا مطالعہ کرنا، سماجی گروہوں کو پہچاننا، اور انسانی سرگرمیوں کو سمجھنا۔ یہ مہارتیں مصنوعی ذہانت میں بھی استعمال ہوتی ہیں۔ مصنوعی ذہانت (AI) مشینوں کو معلومات جمع کرنے، نمونوں کو پہچاننے، ڈیٹا کو منظم کرنے اور سادہ فیصلے کرنے کے قابل بناتی ہے۔ مصنوعی ذہانت (AI) نظام سیٹلائٹ سگنلز، سینسرز اور ڈیجیٹل ڈیٹا بیس کا استعمال کرتے ہوئے مقامات، لوگوں اور سرگرمیوں کے بارے میں معلومات جمع کرتے ہیں۔ یہ معلومات ڈیجیٹل ڈیٹا میں تبدیل ہو جاتی ہے جسے کمپیوٹر سمجھ کر کاروائی کر سکتے ہیں۔ ان اسباق کا مطالعہ کرنے سے سادہ مصنوعی ذہانت (AI) سادہ اصطلاحات کو بھی سمجھا جا سکتا ہے اور سماجی علوم اور جدید ٹیکنالوجی کے درمیان تعلق واضح ہو جاتا ہے۔

سماجی علوم صرف نقشوں، تاریخ، ثقافت، خاندان اور کام کے مطالعے تک محدود نہیں ہے۔ یہ محتاط مشاہدہ، مقامات کی شناخت، واقعات کو وقوعی ترتیب میں رکھنا، ثقافتوں کی درجہ بندی کرنا، اور سماجی تعلقات کو سمجھنے جیسی مہارتیں بھی پیدا کرتا ہے۔ عرض البلد اور طول البلد کی مدد سے مقامات کی نشاندہی کرنا مقام کی شناخت کی مہارت کو مضبوط بناتا ہے۔ تاریخی واقعات کو وقوعی ترتیب میں ترتیب دینا ترتیب سازی کی مہارت کو فروغ دیتا ہے۔ ثقافتوں، خاندانوں، فرقوں اور پیشوں کا مطالعہ ہمیں موازنہ، درجہ بندی اور سماجی تنظیم کو سمجھنے میں مدد دیتا ہے۔

ان تمام حالات میں مشاہدہ، تنظیم، درجہ بندی اور تشریح معاشرے کو زیادہ واضح طور پر سمجھنے میں مدد دیتے ہیں۔ مشینیں بھی اسی طرح کے کام انجام دے سکتی ہیں۔ موبائل فون (GPS) اور سیٹلائٹ ڈیٹا کی مدد سے مقام دکھاتا ہے۔ ڈیجیٹل نقشے مقامات اور راستے تلاش کرنے میں مدد دیتے ہیں۔ آن لائن میوزیم ایپلیکیشنز تاریخی معلومات کو منظم کرتی ہیں اور وقوعی ترتیب دکھاتی ہیں۔ ڈیجیٹل پلیٹ فارمز لوگوں اور ثقافت کے بارے میں معلومات محفوظ رکھتے ہیں اور مفید نتائج فراہم کرتے ہیں۔


یہ تمام افعال مصنوعی ذہانت (AI) کی وجہ سے ممکن ہوتے ہیں۔ مصنوعی ذہانت (AI) مشینوں کی وہ صلاحیت ہے جس کے ذریعے وہ معلومات جمع کرنے، اسے منظم کرنے تجزیہ کرنے اور فیصلے کرنے جیسے کام انجام دیتی ہیں۔ جمع کی گئی معلومات کو ڈیجیٹل ڈیٹا میں تبدیل کیا جاتا ہے، ڈیٹا پراسیسنگ کے ذریعے اس کا تجزیہ کیا جاتا ہے، اور پھر اسے بامعنی نتائج پیدا کرنے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے۔

رہنمائی: اس حصے کو رہنمائی کے ساتھ گفتگو کے ذریعے متعارف کروانا چاہیے، جس میں طلبہ کو نقشوں، وقوعی ترتیب، ثقافت، خاندان اور روزمرہ زندگی کی مثالوں کی مدد سے فکری سوالات کے جواب دینے کی ترغیب دی جائے۔ انہیں سماجی علوم کی اہم مہارتوں کو پہچاننے میں مدد دیں جیسے مقامات کی نشاندہی کرنا، وقوعی ترتیب کو سمجھنا، ثقافتی جڑوں کی شناخت کرنا، خاندانی کرداروں کو پہچاننا، اور مختلف اقسام کے کام کی قدر کرنا۔



نقشے اور گلوب ہمیں سمتوں، عرض البلد اور طول البلد کی مدد سے مقامات کی نشاندہی کرنے میں مدد دیتے ہیں۔ یہ خیالی لکیریں زمین پر کسی بھی مقام کی درست جگہ معلوم کرنے میں مدد کرتی ہیں۔ عرض البلد خطِ استوا سے فاصلے کی پیمائش کرتی ہے، جبکہ طول البلد ابتدائی خط (پرائم میریڈین) سے فاصلے کی پیمائش کرتی ہے۔ اس سے لوگوں کو سفر کرنے اور دنیا کو بہتر طور پر سمجھنے میں مدد ملتی ہے۔ اسی طرح، مصنوعی ذہانت پر مبنی رہنمائی نظام سیٹلائٹس اور ڈیجیٹل نقشوں کا استعمال کرتے ہوئے مقامات کی نشاندہی کرتے ہیں۔ سیٹلائٹ آلے کو سگنلز بھیجتا ہے۔ آلہ ان سگنلز کو وصول کرتا ہے اور مقام کا حساب لگاتا ہے۔ یہ مقام اسکرین پر ڈیجیٹل اوٹ پٹ کی صورت میں دکھایا جاتا ہے۔

مصنوعی ذہانت (AI) کے ساتھ سوچنا:	جب آپ گوگل میپس استعمال کرتے ہیں تو موبائل آپ کی درست جگہ کیسے معلوم کرتا ہے؟ وضاحت کریں کہ سیٹلائٹ سگنلز کیسے موصول ہوتے ہیں اور سکرین پر کیسے ظاہر ہوتے ہیں۔
کلیدی الفاظ:	GPS – GPS ایسا نظام ہے جو سیٹلائٹس کی مدد سے مقام معلوم کرتا ہے سیٹلائٹ – خلا میں موجود شے جو سگنلز بھیجتی ہے ڈیجیٹل نقشہ – کمپیوٹر پر دکھایا جانے والا نقشہ آؤٹ پٹ – وہ نتیجہ یا جواب جو ہمیں کسی عمل، سرگرمی یا کام کے بعد حاصل ہوتا ہے



زمین پر وسیع سمندر اور بڑے براعظم موجود ہیں جو آب و ہوا کو تشکیل دیتے ہیں اور زندگی کو سہارا دیتے ہیں۔ سمندر بارش لاتے ہیں، آکسیجن پیدا کرتے ہیں اور دنیا کے مختلف خطوں کو آپس میں جوڑتے ہیں۔ انسانی سرگرمیاں جیسے آلودگی اور حد سے زیادہ مچھلیوں کا شکار سمندری حیات کو نقصان پہنچا رہے ہیں۔ مصنوعی ذہانت (AI) ڈیجیٹل نقشوں اور ماحولیاتی ڈیٹا کا تجزیہ کر کے سمندروں کا مطالعہ کرنے، موسم کی پیش گوئی کرنے اور بہتر منصوبہ بندی اور تحفظ میں مدد فراہم کرتی ہے۔

مصنوعی ذہانت (AI) کے ساتھ سوچنا:	مصنوعی ذہانت (AI) ڈیجیٹل نقشوں کی مدد سے جغرافیائی خصوصیات کا مطالعہ کیسے کرتی ہے؟
کلیدی الفاظ:	**ڈیجیٹل نقشہ:** ڈیجیٹل نقشہ وہ نقشہ ہوتا ہے جو کمپیوٹر یا موبائل پر مقامات اور راستے تلاش کرنے کے لیے دکھایا جاتا ہے۔ **ان پٹ:** ان پٹ وہ معلومات ہوتی ہے جو کمپیوٹر کو کام کرنے کے لیے دی جاتی ہے۔ **معطیات کا تجزیہ:** معطیات کا تجزیہ معلومات کا مطالعہ کرنے کا عمل ہے تاکہ اسے سمجھا اور استعمال کیا جا سکے۔

مثال 3: وقوعی ترتیب اور تاریخ کے مآخذ



مؤرخین ماضی کا مطالعہ وقوعی ترتیب اور مآخذات کی مدد سے کرتے ہیں۔ وقوعی ترتیب واقعات کو وقت کے حساب سے ترتیب دیتی ہے۔ اس سے طلبہ کو یہ سمجھنے میں مدد ملتی ہے کہ کون سا واقعہ پہلے ہوا اور کون سا بعد میں۔ سکے، اوزار اور کتبے جیسے ذرائع ہمیں تاریخ کے بارے میں معلومات فراہم کرتے ہیں۔ اسی طرح، مصنوعی ذہانت (AI) ڈیجیٹل معلومات کو وقوعی ترتیب میں منظم کرتی ہے۔ یہ بڑی مقدار میں تاریخی ڈیٹا محفوظ کرتی ہے اور واقعات کو درست ترتیب میں رکھتی ہے۔ ڈیجیٹل عجائب گھر مصنوعی ذہانت کا استعمال کرتے ہوئے تاریخی واقعات کو واضح طور پر دکھاتے ہیں۔

مصنوعی ذہانت (AI) کے ساتھ سوچنا:	مصنوعی ذہانت AI ہزاروں تاریخی واقعات کو مناسب ترتیب میں کیسے ترتیب دیتی ہے؟
کلیدی الفاظ:	وقوعی ترتیب: واقعات کی ترتیب دہانی ڈیٹا: جمع کی گئی معلومات ڈیجیٹل اسٹوریج: کمپیوٹر میں معلومات کو محفوظ رکھنا۔

مثال 4: انڈیا یعنی ہندوستان



ماہرِ آثارِ قدیمہ پرانے شہروں کے باقیات کا مطالعہ کرتے ہیں۔ وہ اوزار، گھر اور مہریں دریافت کرتے ہیں۔ یہ ہمیں قدیم تہذیبوں کو سمجھنے میں مدد دیتا ہے۔ اسی طرح، مصنوعی ذہانت (AI) پرانی اشیاء کی تصاویر کا مطالعہ کرتی ہے۔ یہ نمونوں کا تجزیہ کرتی ہے اور قدیم شہروں کو ڈیجیٹل طور پر دوبارہ تشکیل دیتی ہے۔ یہ مورخین کو تاریخ سمجھنے میں مدد دیتی ہے۔

مصنوعی ذہانت (AI) کے ساتھ سوچنا:	مصنوعی ذہانت (AI) کھنڈرات (ruins) سے قدیم شہروں کو کیسے دوبارہ تعمیر کرتا ہے؟
کلیدی الفاظ:	آثارِ قدیمہ: پرانی اشیاء اور باقیات کا مطالعہ تاکہ ماضی کے بارے میں معلومات حاصل کی جاسکیں۔ نمونہ شناخت: معلومات میں دہرائے جانے والے ڈیزائن یا مشابہت کو تلاش کرنا۔ ڈیجیٹل تعمیرِ نو: قدیم اشیاء یا مقامات کا کمپیوٹر پر مبنی ماڈل بنانا۔

مثال 5: ہندوستان کی ثقافتی جڑیں



وید ہندوستان کی قدیم تحریریں ہیں۔ ان میں علم اور تعلیمات موجود ہیں۔ پہلے یہ علم زبانی طور پر نسل در نسل تک منتقل ہوتا تھا۔ آج، AI اس طرح کے علم کو ڈیجیٹل طور پر محفوظ کرتا ہے۔ یہ معلومات کو منظم کرتا ہے۔ یہ طلبہ کو آسانی سے سیکھنے میں مدد دیتا ہے۔ یہ تصورات کو واضح طور پر سمجھاتا ہے۔

مصنوعی ذہانت (AI) کے ساتھ سوچنا:	مصنوعی ذہانت (AI) ثقافتی علم کو کیسے محفوظ اور واضح کرتا ہے؟
کلیدی الفاظ:	ڈیجیٹل کتب خانہ : ڈیجیٹل کتب خانہ معلومات کا ایک مجموعہ ہے جو کمپیوٹر یا انٹرنیٹ پر محفوظ کیا جاتا ہے۔ ڈیٹا بیس: ڈیٹا بیس معلومات کا ایک منظم مجموعہ ہے جو کمپیوٹر میں محفوظ ہوتا ہے۔ ان پٹ : ان پٹ وہ معلومات ہے جو کمپیوٹر کو عمل (process) کرنے کے لیے دی جاتی ہے۔

مثال 6 : خاندان اور برادری



خاندان کے افراد ایک دوسرے کی مدد اور تعاون کرتے ہیں۔ ہر فرد کے اپنے کردار اور ذمہ داریاں ہوتی ہیں۔ اسی طرح، مصنوعی ذہانت(AI) روزمرہ زندگی میں لوگوں کی مدد کرتا ہے۔ اسمارٹ اسسٹنٹس خاندانوں کی مدد کرتے ہیں۔ یہ یاد دہانیاں دیتے ہیں۔ یہ کاموں کو منظم کرنے میں مدد کرتے ہیں۔ یہ لوگوں کی معاونت کرتے ہیں۔

مصنوعی ذہانت(AI) کے ساتھ سوچنا:	مصنوعی ذہانت(AI) روزمرہ زندگی میں خاندانوں کی کیسے مدد کرتا ہے؟
کلیدی الفاظ:	اسمارٹ اسسٹنٹ: اسمارٹ اسسٹنٹ ایک مصنوعی ذہانت(AI) پروگرام ہے جو صارفین کی مدد کرتا ہے، سوالات کے جواب دیتا ہے اور کام انجام دیتا ہے۔ ان پٹ : ان پٹ وہ معلومات ہے جو کمپیوٹر یا مصنوعی ذہانت(AI) سسٹم کو دی جاتی ہے۔ پروسیسنگ : پروسیسنگ وہ عمل ہے جو کمپیوٹر یا مصنوعی ذہانت(AI) ان پٹ کو سمجھنے کے لیے انجام دیتا ہے۔

مثال 7: کام کی قدر



لوگ مختلف قسم کے کام کرتے ہیں۔ کچھ کام پیسے کمانے کے لیے اور کچھ دوسروں کی مدد کے لیے۔ اسی طرح، AI لوگوں کے کام میں مدد کرتا ہے۔ یہ ڈاکٹروں، انجینئروں اور اساتذہ کی مدد کرتا ہے۔ یہ کارکردگی کو بہتر بناتا ہے۔ یہ انسانی کام کی حمایت کرتا ہے۔

مصنوعی ذہانت (AI) کے ساتھ سوچنا:	مصنوعی ذہانت (AI) لوگوں کو ان کے ملازمتوں میں کیسے مدد کرتا ہے؟
کلیدی الفاظ:	**آٹومیشن:** آٹومیشن کا مطلب ہے کہ مشینیں انسانی مدد کے بغیر خود بخود کام کرتی ہیں۔ **ڈیٹا:** ڈیٹا وہ معلومات ہیں جو اعداد، الفاظ یا پیمائش کی صورت میں جمع کی جاتی ہیں۔ **پروسیسنگ:** پروسیسنگ کا مطلب ہے ڈیٹا کو مفید معلومات میں تبدیل کرنا۔

رہنمائی: مصنوعی ذہانت (AI) استعمال کرنے سے پہلے، متعلقہ سماجی علوم کے تصورات کو سرگرمیوں کے ذریعے پڑھائیں، جیسے نقشوں اور گلوب کا استعمال، ہندوستان کی طبعی خصوصیات کی شناخت، وقوعی ترتیب کو ترتیب دینا، ثقافتی روایات پر گفتگو کرنا، اور خاندان کے کردار اور کام کی اقسام کو سمجھنا۔ اس بات کو یقینی بنائیں کہ طلبہ پہلے واضح طور پر جگہ، ٹائم لائن، ثقافت، سماجی تنظیم اور معاشی سرگرمیوں جیسے خیالات کو سمجھ لیں، اس کے بعد انہیں مصنوعی ذہانت (AI) سے جوڑیں۔ کلاس روم کے آلات جیسے اٹلس، چارٹس، فیملی ٹریز اور وقوعی ترتیب کا استعمال کریں، پھر ڈیجیٹل نقشوں یا مصنوعی ذہانت (AI) ٹولز کا تعارف کروائیں۔

طلبہ کی حوصلہ افزائی کریں کہ وہ وضاحت کریں کہ انسانوں کی مہارتیں جیسے جگہوں کی نشاندہی کرنا، معلومات کو منظم کرنا، اور فیصلہ سازی کرنا کس طرح مشین سسٹمز جیسے (GPS)، ڈیجیٹل و قوعی ترتیب، اور اسمارٹ اسسٹنٹس سے ملتی جلتی ہیں۔ مصنوعی ذہانت(AI) کے ساتھ تعلق مختصر تصوراتی اور نصاب کے مطابق ہونا چاہیے۔

AI کے ساتھ تلاش کریں

سماجی علوم کے اکتساب میں مصنوعی ذہانتAI کی تفہیم

مصنوعی ذہانت(AI) کمپیوٹرز کو معلومات کا تجزیہ کرنے، نمونوں کو پہچاننے، ڈیٹا کو منظم کرنے اور سادہ زبان میں وضاحت فراہم کرنے کے قابل بناتی ہے۔ سماجی علوم کی تعلیم میں مصنوعی ذہانت(AI) طلبہ کو نقشے، و قوعی ترتیب، ثقافتی روایات، خاندانی ڈھانچے اور معاشی سرگرمیوں کو سمجھنے میں مدد دے سکتی ہے جو پہلے سات ابواب سے متعلق ہیں۔

تاہم، مصنوعی ذہانت(AI) اساتذہ، کلاس روم مباحثوں، درسی کتب اور حقیقی زندگی کے مشاہدے (real-life observation) کی جگہ نہیں لیتا۔ سماجی علوم کی نصابی کتاب علم کا بنیادی اور قابلِ اعتماد ذریعہ رہتی ہے۔ مصنوعی ذہانت(AI) صرف ایک معاون تعلیمی مددگار کے طور پر سمجھ کو بہتر بنانے کے لیے استعمال ہوتا ہے۔

سماجی علوم کے اکتساب کے لیے مصنوعی ذہانت (AI) تک رسائی

مصنوعی ذہانت(AI) آلات تک رسائی اسکول کے کمپیوٹر، تجربہ گاہ میں اساتذہ کی رہنمائی کے تحت یا گھر پر والدین کی نگرانی میں ڈیجیٹل آلات کے ذریعے حاصل کی جاسکتی ہے۔ طلبہ نقشوں اور جغرافیائی مقامات کو سمجھنے اور وقوعی ترتیب اور تاریخی واقعات سیکھنے کے لیے مصنوعی ذہانت(AI) آلات کا استعمال کر سکتے ہیں۔

وہ مصنوعی ذہانت(AI) کی مدد سے ہندوستانی ثقافت اور روایات کو بھی دریافت کر سکتے ہیں۔ مصنوعی ذہانت(AI) خاندان اور کمیونٹی کے تعلقات کو سمجھنے میں بھی مدد فراہم کر سکتا ہے۔ یہ طلبہ کو روزمرہ زندگی میں معاشی اور غیر معاشی سرگرمیوں کو سمجھنے میں مدد دیتا ہے۔ مصنوعی ذہانت (AI) کا تمام استعمال صرف سیکھنے اور علم کو بہتر بنانے پر مرکوز ہونا چاہیے۔

مصنوعی ذہانت(AI) کا محفوظ اور ذمہ دارانہ استعمال

مصنوعی ذہانت(AI) آلات استعمال کرتے وقت ذاتی معلومات جیسے نام، پتہ، اسکول کا نام، فون نمبر یا پاس ورڈ کبھی بھی شیئر نہیں کرنے چاہئیں۔ مصنوعی ذہانت(AI) کے جوابات کو بغیر صحیح سمجھ کے براہِ راست نقل نہیں کرنا چاہیے۔ مصنوعی ذہانت(AI) سے حاصل کی گئی تمام معلومات کو سماجی علوم کی نصابی کتاب سے اچھی طرح جانچ کرنا ضروری ہے۔ کسی بھی صورت میں امتحانات کے دوران مصنوعی ذہانت(AI) کا استعمال نہیں کرنا چاہیے۔ مصنوعی ذہانت(AI) کا ذمہ دارانہ استعمال طلبہ میں نظم وضبط، ایمانداری اور سماجی شعور کو مضبوط بناتا ہے۔

سماجی علوم میں(AI) پر مبنی اکتسابی سرگرمیاں

درج ذیل میں دیے گئے سرگرمیاں مصنوعی ذہانت کے آلات کے رہنمائی کے ساتھ استعمال کے ذریعے سماجی اور تجزیاتی سوچ کو مضبوط بنانے کے لیے تیار کیے گئے ہیں۔ یہ سرگرمیاں صرف اسکول میں استاد کی نگرانی میں یا گھر پر والدین کی رہنمائی میں کیے جانے چاہئیں۔ مصنوعی ذہانت(AI) آلات کو صرف تعلیمی مقاصد کے لیے ہی استعمال کیا جانا چاہیے۔ طلبہ کو چاہیے کہ وہ AI کو احتیاط سے استعمال کریں تاکہ اپنی سیکھنے اور سمجھ کو بہتر بنا سکیں۔ مصنوعی ذہانت(AI) سے حاصل ہونے والے نتائج کو اسیسمنٹ بک کے(ٹول-1)اور(ٹول-3) میں استعمال کیا جاسکتا ہے۔ تاہم، AI کے نتائج کو بغیر سوچے سمجھے قبول نہیں کرنا چاہیے۔(AI)مصنوعی ذہانت کے تمام جوابات کو اچھی طرح جانچنا ضروری ہے۔

سماجی علوم میں مؤثر ہدایات (prompts)

prompt)وہ ہدایت یا سوال ہوتا ہے جو کسی مصنوعی ذہانت(AI) آلہ کو دیا جاتا ہے۔ ایک اچھی سماجی علوم کی ہدایت(prompt)واضح طور پر جماعت جیسے (جماعت6) اور باب (chapter) کا نام بتاتی ہے۔ اس میں سبق سے متعلق واضح موضوع یا تصور بھی شامل ہونا چاہیے۔ ہدایت (prompt)میں وضاحت یا مثال مانگنی چاہیے تاکہ درست جواب حاصل ہو سکے۔

مثال ہدایت(prompt) : نوٹ:-

"میں جماعت 6 کا طالب علم ہوں۔ براہِ کرم آسان زبان میں ایک مثال کے ساتھ وضاحت کریں کہ عرضِ بلد اور طولِ بلد زمین پر مقامات کو تلاش کرنے میں کیسے مدد دیتے ہیں۔"

واضح ہدایات (پرامپٹس) ہی واضح وضاحت کے باعث بنتے ہیں۔

سماجی علوم کی اکتساب میں ہدایات (پرامپٹس) کے اقسام

مصنوعی ذہانت مصنوعی ذہانت(AI) آلات سے واضح اور بامعنی جوابات حاصل کرنے کے لیے،ہدایات (پرامپٹس) کو اکتساب کے مقصد کے بنیاد پر لکھنا چاہیے۔

1. **تصور کی تفہیم کی ہدایت (prompt)**

اس قسم کی ہدایت(prompt) سماجی علوم کے تصورات کو واضح طور پر سمجھنے کے لیے استعمال ہوتا ہے۔

مثال" : میں جماعت 6 کا طالب علم ہوں۔ کام کی اہمیت کیا ہے اور ہمیں ہر قسم کے کام کا احترام کیوں کرنا چاہیے؟ "

2. **موازنہ یا تجزیاتی ہدایت(prompt)**

اس قسم کا پرامپٹ خیالات کا موازنہ کرنے یا فرق کو سمجھنے کے لیے استعمال ہوتا ہے۔

مثال" : میں جماعت 6 کا طالب علم ہوں۔ ویدک دور کی ثقافت اور موجودہ دور کی ثقافت میں کیا فرق ہے؟ "

3. **اطلاقی یا سرگرمی پر مبنی ہدایت(prompt)**

اس قسم کی ہدایت(prompt) حقیقی زندگی میں علم کو استعمال کرنے کے لیے ہوتا ہے۔

مثال" : میں جماعت 6 کا طالب علم ہوں۔ میری پڑوس کے علاقے میں مختلف پیشوں کی شناخت کرنے میں میری مدد کریں اور بتائیں کہ وہ کیوں اہم ہیں۔ "

کیا مصنوعی ذہانت(AI) غلطیاں کر سکتی ہے؟

مصنوعی ذہانت(AI) نظام طاقتور ہوتے ہیں، لیکن وہ ہمیشہ مکمل درست نہیں ہوتے۔ مصنوعی ذہانت (AI) انسانوں کی طرح سوچ یا محسوس نہیں کر سکتا اور مکمل طور پر دستیاب ڈیٹا پر منحصر ہوتا ہے۔ اگر ڈیٹا نامکمل یا غلط ہو تو مصنوعی ذہانت AI غلط معلومات دے سکتا ہے۔ بعض اوقات مصنوعی ذہانت (AI) ایسے جوابات دیتا ہے جو درست لگتے ہیں لیکن حقیقت میں غلط ہوتے ہیں۔ اس لیے مصنوعی ذہانت (AI) سے حاصل کردہ معلومات کو ہمیشہ سماجی علوم کی نصابی کتاب سے جانچنا ضروری ہے۔ مصنوعی ذہانت(AI) طلبہ کو سیکھنے اور سمجھنے میں مدد دے سکتا ہے، لیکن اسے احتیاط اور سوچ سمجھ کر استعمال کرنا چاہیے۔ یہ اساتذہ، درسی کتب یا کلاس روم کی تعلیم کا متبادل نہیں ہے۔

حقیقت(fact)	غلط فہمی(myth)
مصنوعی ذہانت(AI) کے پاس جذبات یا حقیقی سوچ نہیں ہوتی؛ یہ ڈیٹا اور پروگرامنگ کی بنیاد پر کام کرتا ہے۔	مصنوعی ذہانت (AI) انسانوں کی طرح سوچ اور محسوس کر سکتا ہے۔
مصنوعی ذہانت (AI) اسباق کو بہتر طور پر سمجھنے میں میری مدد کر سکتا ہے لیکن مجھے خود سیکھنا چاہیے اور اپنے الفاظ میں لکھنا چاہیے۔	مصنوعی ذہانت (AI) میرے بغیر اکتساب کے سماجی علوم کا تمام گھر کا کام مکمل کر سکتا ہے۔

کیا آپ جانتے ہیں؟

بعض اوقات مصنوعی ذہانت کا نظام غلط یا خیالی معلومات اس طرح پیش کرتا ہے جیسے وہ درست ہوں۔ اس رویے کو مصنوعی ذہانت کا وہم کہا جاتا ہے۔ مزید معلومات کے لیے مصنوعی ذہانت(AI) سے وہم یا غلط بیانی(hallucination) کے بارے میں پوچھیں۔

رہنمائی: کسی بھی مصنوعی(AI) آلات کو استعمال کرنے سے پہلے، طلبہ کو چاہیے کہ وہ پہلے درسی کتاب کا سبق غور سے پڑھیں۔ اساتذہ کو انہیں واضح ہدایات (پرامپٹس) لکھنا سکھانا چاہیے، جس میں جماعت، باب اور موضوع کا ذکر ہو۔ طلبہ کے مصنوعی ذہانت(AI) کے استعمال کی باقاعدگی سے نگرانی کی جانی چاہیے۔ انہیں ہمیشہ مصنوعی ذہانت(AI) کے جوابات کو درسی کتاب کے مواد سے جانچنا چاہیے۔ بغیر سمجھے مصنوعی ذہانت(AI) سے نقل کرنا اجازت نہیں ہونی چاہیے۔ مصنوعی ذہانت(AI) کو ذمہ داری اور ایمانداری کے ساتھ صرف سمجھ کو بہتر بنانے کے لیے استعمال کرنا چاہیے، نہ کہ کام کو محض مکمل کرنے کے لیے۔

ترتیب وار اسباق مصنوعی ذہانت(AI) کے مدد سے تحقیق

طلبہ کے لیے AI کی مدد سے تحقیق کرنے کی سرگرمیاں(سماجی علوم- سمسٹر1)

باب	بنیادی سطح	تجرباتی سطح	تخلیقی سطح
1: زمین پر مقامات کی نشاندہی	❖ گلوب کی تعریف، عرض البلد اور طول البلد ❖ نقشے پر سمتوں کی شناخت	❖ گلوب اور نقشے کا موازنہ کریں ❖ وضاحت کریں کہ ہم آہنگی مقامات تلاش کرنے میں کیسے مدد کرتی ہے۔	❖ نقشہ خوانی کا(GPS) کا navigation سے موازنہ کرنا۔ ❖ (AI)ڈیجٹل آلات کو استعمال کرتے ہوئے ایک سادہ نقشہ تیار کرنا۔
2: بحرا عظم اور براعظم	❖ براعظموں اور بحرا عظموں کی فہرست بنائیں ❖ زمین پر مٹی اور پانی کی شناخت کریں۔	❖ مختلف براعظموں کا آپس میں موازنہ کریں۔ ❖ بحرا عظموں کی اہمیت بیان کریں۔	❖ زمین کے انسانی مشاہدے اور ساٹیلائیٹ تصاویر کا موازنہ کرین۔ ❖ (AI) آلات کے لئے موسم کی نشاندہی کا ڈیجٹل ماڈل بنائیں۔
3 : تاریخ کی وقوعی ترتیب اور اس کے ماخذ	❖ تاریخ اور وقوعی ترتیب کی تعریف کریں۔ ❖ تاریخ کے مآخذ کی فہرست بنائیں۔	❖ تاریخی واقعات کو ترتیب وار لکھیں۔ ❖ ہندوستان کے مختلف خطوں کا موازنہ ❖ آثار قدیمہ اور ادبی مآخذ کا موازنہ	❖ وقوعی ترتیب کے چارٹ اور(AI) ڈیجٹل وقوعی ترتیب کا موازنہ کریں۔ ❖ (AI) آلات کا استعمال کرتے ہوئے ڈیجٹل وقوعی ترتیب بنائیں۔
4:انڈیا جو بھارت ہے	❖ نقشہ پر ہندوستان کی شناخت کریں۔ ❖ ہندوستان کو طبعی خصوصیات کی فہرست بنائیں۔	❖ ہندوستان کے جغرافیائی تنوع کی وضاحت کریں۔ ❖ ہندوستان کے مختلف خطوں کا موازنہ کریں۔	❖ طبعی اور ڈیجیٹل نقشوں کا موازنہ کریں۔ ❖ AI کے استعمال سے ہندوستان پر ڈیجیٹل پریزنٹیشن تیار کریں۔
5: ہندوستان کی ثقافتی جڑیں	❖ ثقافت کی تعریف کریں (موریا سلطنت) ❖ اہم ثقافتی روایات کی فہرست بنائیں۔	❖ مختلف ثقافتی طریقوں کا موازنہ کریں۔ ❖ ویدوں کی اہمیت اور ان کی تعلیمات کی وضاحت کریں۔	❖ روایاتی اکتساب اور ڈیجیٹل اکتساب کا موازنہ کریں۔ ❖ AI کا استعمال کرتے ہوئے ثقافتی ورثہ پر ایک ڈیجیٹل منصوبہ تیار کریں۔

6 : خاندان اور برادری	❖ خاندان اور برادری کی تعریف کریں۔ ❖ خاندانوں کے اقسام کی فہرست بنائیں۔	❖ مشترکہ اور انفرادی خاندانوں کا موازنہ کریں۔ ❖ خاندان میں افراد کے کردار کی وضاحت کریں۔	❖ خاندانی روابط اور ڈیجیٹل روابط کا موازنہ کریں۔ ❖ (AI) کے آلات استعمال کرتے ہوئے ایک ڈیجیٹل خاندانی شجرہ بنائیں۔
7 : کام کی اہمیت	❖ معاشی اور غیر معاشی سرگرمیوں کی تعریف کریں۔ ❖ مختلف پیشوں کی فہرست بنائیں۔	❖ کام کی مختلف اقسام کا موازنہ کریں۔ ❖ معاشرہ میں کام کی قدر کی وضاحت کریں۔	❖ انسانی کام اور (AI) پر مبنی کام کا موازنہ کریں۔ ❖ (AI) کا استعمال کرتے ہوئے مختلف پیشوں کو ظاہر کرنے والا ایک ڈیجیٹل چارٹ بنائیں۔

طلبہ معاشرہ پر مبنی چھوٹے منصوبے کر سکتے ہیں، جیسے ڈیجیٹل نقشے بنانا۔ وہ واقعات کو ترتیب سے سمجھنے کے لیے ڈیجیٹل وقوعی ترتیب تیار کر سکتے ہیں۔ وہ رشتوں کو سمجھنے کے لیے ڈیجیٹل خاندانی شجرہ بھی بنا سکتے ہیں۔ طلبہ مصنوعی ذہانت (AI) کی مدد سے مختلف پیشوں کا مطالعہ بھی کر سکتے ہیں۔ یہ سرگرمیاں طلبہ کو سماجی علوم اور مصنوعی ذہانت کو ایک ساتھ سمجھنے میں مدد دیتی ہیں۔

نتیجہ : سماجی علوم کے پہلے سمسٹر کے ابواب اہم مہارتیں پیدا کرتے ہیں جیسے مقامات کی پہچان، درجہ بندی، ترتیب دینا، موازنہ اور سماجی تفہیم۔ مقام کی مہارت طلبہ کو نقشوں پر جگہوں کی شناخت اور زمین پر علاقوں کو سمجھنے میں مدد دیتی ہے۔ درجہ بندی طلبہ کو براعظموں، ثقافتوں اور سرگرمیوں کو ان کی خصوصیات کی بنیاد پر گروپ کرنے میں مدد دیتی ہے۔ ترتیب دینا طلبہ کو تاریخی واقعات کو درست وقوعی ترتیب میں ٹائم لائنز کے ذریعے ترتیب دینے میں مدد دیتا ہے۔ موازنہ طلبہ کو جگہوں، ثقافتوں اور سماجی نظاموں کے درمیان مماثلت اور فرق کو پہچاننے میں مدد دیتا ہے۔ سماجی تفہیم طلبہ کو خاندان، معاشرہ اور حکومت کے بارے میں سیکھنے میں مدد دیتی ہے۔ سماجی علوم کی تعلیم طلبہ کو یہ سمجھنے میں مدد دیتی ہے کہ ذہین نظام کس طرح معلومات جمع، منظم اور استعمال کرتے ہیں تاکہ مفید نتائج فراہم کریں اور روزمرہ زندگی میں انسانی سرگرمیوں کی مدد کریں۔

a a a

فرہنگ

1. **بنیادی سمت:** چار اہم سمتوں کو کہتے ہیں — شمال، جنوب، مشرق اور مغرب
2. **خطِ استوا °0:** عرضِ بلد پر ایک فرضی لکیر جو زمین کو شمالی اور جنوبی نصف کرہ میں تقسیم کرتی ہے۔
3. **خطوطِ عرض البلد:** مشرق-مغرب کی فرضی لکیریں جو خطِ استوا سے شمال یا جنوب کا فاصلہ ناپنے کے لیے استعمال ہوتی ہیں۔
4. **خطوطِ طول البلد:** فرضی لکیریں جو قطبِ شمالی سے قطبِ جنوبی تک جاتی ہیں۔
5. **ابتدائی خطِ طول البلد °0:** طولِ بلد کی لکیر جو گرین وچ سے گزرتی ہے۔
6. **گرین وچ کا معیاری وقت:** گرین وچ کا اوسط شمسی وقت جو دنیا کے وقت کا معیار ہے۔
7. **ہندوستانی معیاری وقت:** ہندوستان کا سرکاری وقت جو (GMT) سے 5 گھنٹے 30 منٹ آگے ہے۔
8. **معیاری منطقہ وقت** طولِ بلد کا ایسا علاقہ جہاں ایک ہی معیاری وقت رائج ہوتا ہے۔
9. **بین الاقوامی خطِ تاریخ:** تقریباً °180 طولِ بلد کے قریب فرضی لکیر جہاں تاریخ تبدیل ہوتی ہے۔
10. **قطبِ شمالی °90:** شمالی عرضِ بلد پر وہ نقطہ جہاں زمین کا محور سطح سے ملتا ہے۔
11. **قطبِ جنوبی °90:** جنوبی عرضِ بلد پر وہ نقطہ جہاں زمین کا محور سطح سے ملتا ہے
12. **براعظم:** زمین کا بہت بڑا مسلسل خشکی کا حصہ۔
13. **بحر اعظم** نمکین پانی کا بہت بڑا ذخیرہ جو زمین کے زیادہ حصے کو ڈھانپتا ہے۔
14. **سمندر:** نمکین پانی کا بڑا حصہ جو بحر اعظم سے چھوٹا اور جزوی یا مکمل طور پر زمین سے گھرا ہوتا ہے۔
15. **کھاڑی:** سمندر کا چوڑا حصہ جہاں زمین اندر کی طرف مڑی ہوئی ہو۔
16. **خلیج عمیق:** سمندر کا وہ حصہ جو گہرائی تک زمین سے گھرا ہوا ہو۔
17. **بحری:** سمندروں اور بحروں سے متعلق یا ان میں پایا جانے والا۔
18. **برصغیر:** براعظم کا بڑا اور نمایاں حصہ۔
19. **زمینی:** زمین (خشکی) سے متعلق۔
20. **وسعت:** ایک کا وسیع اور مسلسل علاقہ۔
21. **افقی منظر:** کسی علاقے کی نظر آنے والی خصوصیات۔
22. **سطحِ سمندر:** سمندر کی اوسط سطح جسے میانہ سمندری سطح بھی کہتے ہیں۔
23. **باشندے:** افراد جو کسی خاص مقام پر رہتے ہیں۔
24. **وسیع:** جو بڑے علاقے میں پھیلا ہوا ہو۔
25. **عظیم:** بہت زیادہ بڑا یا پھیلا ہوا۔
26. **تاریخ:** انسانی ماضی کا مطالعہ۔
27. **مورخ:** وہ شخص جو ماضی کا مطالعہ اور اس کے بارے میں لکھتا ہے۔
28. **قدیم:** بہت پرانے زمانے سے تعلق رکھنے والا۔
29. **دور، زمانہ:** وقت کا ایک مخصوص عرصہ۔
30. **سیاق وسباق:** کسی واقعے کا پس منظر یا حالات۔
31. **ٹائم لائن / وقوعی خاکہ:** واقعات کی ترتیب کو وقت کے مطابق دکھانے والا خاکہ۔
32. **تاریخ کا ماخذ:** وہ جگہ، شخص، تحریر یا چیز جس سے ہمیں ماضی کے بارے میں معلومات ملتی ہیں۔
33. **مخطوطہ:** ہاتھ سے لکھی گئی تحریر، جیسے کاغذ، کھجور کے پتے یا کپڑے پر۔
34. **نقوش / کتبے:** پتھر، دھات یا دیگر چیزوں پر لکھی یا کندہ کی گئی تحریریں۔
35. **ماہر آثارِ قدیمہ:** وہ شخص جو کھدائی اور باقیات کے ذریعے ماضی کا مطالعہ کرتا ہے۔
36. **کھدائی کرنا:** زمین سے باقیات نکالنا۔
37. **کھدائی کرنے والا / مشین:** وہ شخص یا مشین جو کھدائی کے کام میں استعمال ہو۔
38. **شہادت / ثبوت:** ماضی کی کسی چیز کا ثبوت یا دلیل۔
39. **دریافت / تلاش:** معلومات کو تلاش کرنے اور جاننے کا عمل۔
40. **ورثہ:** ثقافتی روایات اور تاریخی اشیاء جو نسل در نسل منتقل ہوتی ہیں۔
41. **متنوع:** جس میں بہت زیادہ قسمیں یا تنوع ہو۔

44. **مشترک خصوصیات :** ایسی خصوصیات یا صفات جو آپس میں مشترک ہوں۔

45. **ہم آہنگی :** پر امن طور پر ساتھ رہنے اور اتفاق کی حالت۔

46. **نقطۂ نظر عالم :** دنیا کو سمجھنے کا ایک خاص طریقہ۔

47. **یونیسکو :** ایک تنظیم جو عالمی ورثے کے مقامات کے تحفظ کے لیے کام کرتی ہے۔

48. **ثقافت :** لوگوں کی زندگی کا طریقہ، عقائد، رسم ورواج اور روایات۔

49. **سنیاسی سے متعلق :** روحانی بلندی حاصل کرنے کے لیے سخت روحانی عبادات کرنا۔

50. **روحانی :** روح یا باطن سے متعلق، مادی زندگی سے آگے۔

51. **روحانیت :** زندگی کے اعلیٰ یا گہرے مقصد کی تلاش یا حصول۔

52. **دیوتا / دیوی :** خدا یا دیوی۔

53. **دعائیہ پکار :** کسی اعلیٰ یا الٰہی طاقت کو پکارنا۔

54. **مسنّت پڑھنا / گانا :** عبادت کے طور پر تال کے ساتھ پڑھنا یا گانا۔

55. **رزمیہ :** ایک طویل نظم جس میں بہادری کے کارنامے بیان کیے جاتے ہیں۔

56. **بعد از موت زندگی :** وہ زندگی جو موت کے بعد شروع ہونے کا یقین کیا جاتا ہے۔

57. **راہب :** وہ مرد جو دنیاوی زندگی چھوڑ کر روحانی راستہ اختیار کرتا ہے۔

58. **راہبہ :** وہ عورت جو دنیاوی زندگی چھوڑ کر روحانی راستہ اختیار کرتی ہے۔

59. **متلاشی :** وہ شخص جو سچائی یا اعلیٰ علم کی تلاش کرے۔

60. **مقدس مقام :** ایک پاک یا مقدس جگہ۔

61. **زائر :** وہ شخص جو مذہبی مقصد کے لیے مقدس مقام کی زیارت کرے۔

62. **بھکتی :** مقدس یا اہم چیزوں کے لیے گہری

63. **لوک کہانیاں / لوک روایت :** روایتی عقائد، کہانیاں اور رسم ورواج جو زبانی طور پر منتقل ہوتے ہیں۔

64. **خاندان :** خون، شادی یا گود لینے کے رشتے سے جڑے لوگوں کا گروہ۔

65. **جوہری خاندان :** وہ خاندان جس میں صرف والدین اور ان کے بچے ہوں۔

66. **کمیونٹی / برادری :** ایسے لوگوں کا گروہ جو ساتھ رہتے ہوں یا مشترکہ دلچسپیاں رکھتے ہوں۔

67. **رشتے / تعلقات :** لوگوں کے درمیان روابط۔

68. **وابستگی :** کسی شخص یا چیز کے ساتھ جذباتی تعلق۔

69. **خانہ دار :** وہ شخص جو گھر کے کام سنبھالتا ہے۔

70. **گھریلو کام :** روزمرہ کے گھر کے کام۔

71. **تعاون / باہمی تعاون :** مل کر کام کرنا تاکہ سب کو فائدہ ہو۔

72. **رضاکارانہ :** اپنی مرضی سے کیا گیا کام۔

73. **فلاح و بہبود :** لوگوں کی صحت، خوشحالی اور ترقی۔

74. **معاش / ذریعۂ روزی :** روزی کمانے کا ذریعہ۔

75. **اجرت :** کسی کام کے بدلے مخصوص وقت کے لیے دی جانے والی مزدوری۔

76. **تنخواہ :** باقاعدہ مقررہ ادائیگی، عموماً ماہانہ۔


77. **غیر نقدی ادائیگی :** کام کے بدلے نقد کے بجائے اشیاء کی صورت میں ادائیگی۔

78. **بازار :** وہ جگہ جہاں اشیاء اور خدمات کا لین دین ہوتا ہے۔

79. **پیشہ :** روزی کمانے کے لیے کیا جانے والا کام۔

80. **دولت :** قیمتی وسائل یا چیزوں کی کثرت۔

81. **پسماندہ :** وہ لوگ جنہیں یکساں معیارِ زندگی یا مواقع حاصل نہیں ہوتے۔


TAJIKISTAN
تاجکستان
افغانستان
AFGHANISTAN
پاکستان
PAKISTAN
چین (تبت)
CHINA (TIBET)
نیپال
NEPAL
بھوٹان
BHUTAN
سکم
SIKKIM
Gangtok
بنگلہ دیش
BANGLADESH
میانمار (برما)
MYANMAR
(BURMA)
لداخ
LADAKH
Leh
Srinagar
JAMMU &
KASHMIR
ہماچل پردیش
HIMACHAL
PRADESH
Shimla
پنجاب
PUNJAB
Chandigarh
اتراکھنڈ
UTTARAKHAND
Dehradun
ہریانہ
HARYANA
دہلی
DELHI
New Delhi
اتر پردیش
UTTAR PRADESH
Lucknow
راجستھان
RAJASTHAN
Jaipur
بہار
BIHAR
Patna
جھارکھنڈ
JHARKHAND
Ranchi
مغربی بنگال
WEST
BENGAL
Kolkata
اڑونا چل پردیش
ARUNACHAL
PRADESH
Itanagar
آسام
ASSAM
Dispur
ناگالینڈ
NAGALAND
Kohima
منی پور
MANIPUR
Imphal
میزورم
MIZORAM
Aizawl
تریپورہ
Tripura
Agartala
میگھالیہ
MEGHALAYA
Shillong
گجرات
GUJARAT
Gandhinagar
مدھیہ پردیش
MADHYA PRADESH
Bhopal
چھتیس گڑھ
CHHATTISGARH
Raipur
اوڈیشہ
ODISHA
Bhubaneswar
دادرا و نگر حویلی
اور دمن و دیو
DADRA & NAGAR
HAVELI AND
DAMAN & DIU
Daman
مہاراشٹر
MAHARASHTRA
Mumbai
تلنگانہ
TELANGANA
Hyderabad
آندھرا پردیش
ANDHRA
PRADESH
Amaravati
BAY OF BENGAL
خلیج بنگال
بحیرہ عرب
ARABIAN SEA
گوا
GOA
Panaji
کرناٹک
KARNATAKA
Bengaluru
پڈوچیری
PUDUCHERRY
Karaikal (Puducherry)
تمل ناڈو
TAMIL NADU
Chennai
کیرالہ
KERALA
لکشدیپ (انڈیا)
LAKSHADWEEP
(INDIA)
Kavaratti
پورٹ بلیئر
Port Blair
ANDAMAN & NICOBAR
ISLANDS (INDIA)
انڈمان و نکوبار جزائر
سری لنکا
SRI LANKA
Colombo
Thiruvananthapuram
بحر ہند
INDIAN OCEAN
بین الاقوامی سرحد
International Boundary
ریاست / مرکز زیر انتظام کی سرحد
State/UT Boundary
ملک کا دارالحکومت
Country Capital
ریاست / مرکز زیر انتظام کا دارالحکومت
State/UT Capital